Presented by: Rana Jabir Abbas

یا علی مدد

شیعان علیؑ زندہ باد

دشمنانِ علیؑ مردہ باد

نماز میں ہاتھ کھلے رکھنے کا ثبوت

اور

وضو میں پاؤں پر مسح کرنے کا ثبوت

ہمارے

شعبۂ تبلیغ کی ادبی پیشکش

اس رسالہ میں علماء اہلسنت کو دعوتِ فکر دی گئی ہے کہ اہلسنت کی کتابوں سے انکے خلاف پیش کئے گئے حوالہ جات کی صفائی پیش کریں، اور شیعوں کو برا بھلا کہنے پر اور وکیلِ آلِ محمدؐ پر قاتلانہ حملے کرنے پر ہی گزارہ نہ کریں

از قلم، شیرِ پاکستان خادم مذہبِ علیؑ

شاہِ مردان وکیلِ آلِ محمدؐ علامہ غلام حسین نجفی فاضلِ عراق

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فہرست مطالب اور مبحث وضوء

نمبر 1 سپاہ صحابہ کی گواہی کہ نبی کریم وضوء میں پاؤں کا مسح کرتے تھے

نمبر 2 سپاہ صحابہ کی گواہی کہ حضرت علی بھی وضوء میں پاؤں کا مسح کرتے تھے

نمبر 3 سپاہ صحابہ کی گواہی کہ ابن عباس بھی وضوء میں پاؤں کا مسح کرتے تھے

نمبر 4 پاؤں دھونے پر مجبور کرنا حجاج اور امیر عمر کی بدعات سے ہے

نمبر 5 محدث دہلوی نے مسئلہ وضوء میں اپنے باپ کو بھی جھٹلا دیا ہے

نمبر 6 وضوء میں پاؤں کے حکم کے بارے قوم معاویہ بھانت بھانت کے فتوے

نمبر 7 آدمی کو اختیار ہے چاہے دھولے چاہے یا پاؤں پر مسح کر لے

نمبر 8 ایک فتویٰ یہ بھی ہے کہ مسح بھی کرے، اور پھر دھولے

نمبر 9 قوم معاویہ کو دعوت انصاف کہ آیئے وضوء میں پاؤں کے حکم کے بارے قرآن پاک پر فیصلہ کرتے ہیں شیعوں کا عمل قرآن کے مطابق ہے۔

نمبر 10 آیت وضوء میں قرائت اور ترکیب کی مفصل بحث

نمبر 11 ارجلکم کی لام پر زبر اور زیر۔ اور جر جوار کی بحث

نمبر 12 جبرئیل کا وضوء میں پاؤں کا مسح کرنا اور قاضی حلب کے پیٹ میں مروڑ

نمبر 13 وضوء میں پاؤں میں دھونے کی روایات قرآن پاک کے مخالف ہیں۔

نمبر 14 صحابہ کی گواہی کہ قرآن پاک میں حکم مسح نازل ہوا ہے

نمبر 15 جوتوں پر مسح اور بدکاروں کے پیچھے نماز سنیوں کی دو خاص نشانیاں

نمبر 16 جوتوں پر مسح کے خلاف عائشہ اور صحابہ اور مالک کا احتجاج

نمبر 17 عائشہ کا اعلان کہ پاؤں کو استرے سے کاٹ دینا مجھے جوتوں پر مسح سے زیادہ پسند ہے

نمبر 18 گردن کا مسح سنیوں کے وضوء میں ایک بدعت ہے

نمبر 19 دیوبندی اماموں کا مس ذکر کے بارے سخت جھگڑا

نمبر 20 مسئلہ تیمم میں امیر عمر کا قرآن پاک کی مخالفت کرنا

نمبر 21 فقہ دیوبند میں نجس کپڑوں میں اور ننگے ہو کر بھی نماز پڑھنا جائز ہے

دیوبند کی لوح محفوظ میں نماز میں ہاتھ باندھنے اور کھولنے کے بارے بھانت بھانت کے فتوے

نمبر 22 سنیوں کے امام مالک کا فتویٰ کہ نماز ہاتھ کھول کر پڑھی جائے

نمبر 23 نبی کریمؐ اور عترت رسولؐ نماز ہاتھ کھول کر پڑھتے تھے

نمبر 24 جناب عائشہ کی گواہی کہ نبی کریمؐ ہاتھ کھول کر نماز پڑھتے تھے

نمبر 25 صحابہ کی گواہی کہ نبی کریمؐ نماز ہاتھ کھول کر پڑھتے تھے

نمبر 26 امام شافعی امیر عمر اور صحابہ کرام بھی نماز ہاتھ کھول کر پڑھتے تھے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نمبر 27 امام محمد کا فتویٰ کہ ثنا کے وقت کھلے اور قراءتؒ کے وقت بندھے رکھے

نمبر 28 عبداللہ بن زبیر، حسن بصری ابن سیرین وغیرہ نماز ہاتھ کھول کر پڑھتے تھے

نمبر 29 ابن جبیر، ابن مسیب اور اہل مدینہ نماز ہاتھ کھول کر پڑھتے تھے

نمبر 30 اوزاعی سلفی کا فتویٰ کہ نماز میں ہاتھ کھلے رکھنا یا باندھ لینا دونوں جائز ہیں

نمبر 31 سنیوں کا فتویٰ کہ نماز میں بڑے لوگ ہاتھ باندھ لیں اور چھوٹے کھلے رکھیں

نمبر 32 سنیوں کا ایک فتویٰ کہ نماز میں ہاتھ کھلے رکھے اگر تھک جائے تو باندھ لے

نمبر 33 نماز میں ہاتھ کھلے رکھنے کا عقلی ثبوت

نمبر 34 اہل سنت کا اقرار کہ نماز میں ہاتھ باندھنا فرض اور واجب نہیں ہے

نمبر 35 اہل سنت کا نماز میں ہاتھ باندھنے کے عدم وجوب میں کوئی نزاع نہیں

نمبر 36 اہل سنت کا اقرار کہ ہم نماز میں صرف شیعوں کی مخالفت میں ہاتھ باندھتے ہیں

نمبر 37 اہل سنت کا اقرار نماز میں ہاتھ باندھنا روسیوں کی وجہ سے آیا ہے

نمبر 38 نواصب کا اقرار کہ نماز میں ہاتھ باندھنا بدعت ہے مسبل نماز بے زنا سے برا ہے

نمبر 39 نماز میں ہاتھ باندھنے کی بابت سنیوں کا ایک دوسرے کو جھٹلانا

نمبر 40 نماز میں ہاتھ کہاں باندھے جائیں سنیوں کے بھانت بھانت کے فتوے

نمبر 41 سنیوں نے نماز میں ہاتھ باندھنے کے بارے بھانت بھانت کی حکمتیں بیان کی ہیں

نمبر 42 نماز میں ہاتھ باندھنے کے بارے سنیوں کے اختلافات کا نقشہ

نمبر 43 بقول دہلوی دجال زیادہ اختلاف جھوٹ کی دلیل ہے اور نماز میں اہل سنت کے آپس میں اور شیعوں سے دس اختلافات

میر صاحب کا نماز میں بحالت قیام ہاتھ باندھنے کی مذمت پر نواصب کے ساتھ فیصلہ کن مناظرہ

نمبر 44 نماز میں ہاتھ باندھنے کی مذمت پر قرآن پاک کی آیات سے استدلال

نمبر 45 نماز میں ہاتھ باندھنے کی مذمت پر عقلی ثبوت

نمبر 46 مناظرہ کی نشست دوم، شیعوں کی کتابوں سے ان کے اماموں کے فرامین کی روشنی میں نماز میں ہاتھ کھلے رکھنے کا ثبوت

نمبر 47 پچاس ہزار روپیہ نقد انعام اگر سنی قرآن سے ہاتھ باندھنے کا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۴۸ اہل سنت کو چیلنج کہ اپنے کسی امام کا فتویٰ پیش کریں کہ ہاتھ باندھنا فرض ہے
۴۹ اہل سنت کی نماز میں ہاتھ باندھنے کی بابت جھوٹی حدیثیں،
۵۰ خلفاء ثلثہ کے زمانہ میں اسلام اور خصوصاً نماز کی خوب چیر پھاڑ کی گئی
۵۱ فقہ دیوبند میں بحالت نماز بچے اٹھانا اور جوئیں مارنا جائز ہے
۵۲ شاہ عبدالعزیز کی شیعوں پر تہمت، اور اس کا جواب کہ یہ تہمت نبیؐ پاک پر بھی لگائی گئی ہے
۵۳ حالت نماز میں دیوبندی جوان کے آلہ تناسل کا اٹھنا اور پکڑنا جائز ہے،
۵۴ فقہ دیوبند۔ بحالت نماز عورت اور مرد کا ایک دوسرے کو چومنا جائز ہے،
۵۵ فقہ صحابہ میں بحالت نماز عورت سے جماع نماز کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا،
۵۶ فقہ صحابہ میں بحالتِ نماز مرد کے لئے عورت کی شرم گاہ کی زیارت جائز ہے،
۵۷ شیعوں پر جمع بین الصلواتین کا اعتراض اور اسکا ٹھوس جواب
۵۸ دو نمازوں کو ایک آذان سے پڑھنے پر اعتراض اور اس کا جواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

غرض تالیف رسالہ ھذا دفاعی اور جوابی کاروائی ہے

ارباب انصاف شیعہ قوم دنیا میں ایک نہایت ہی شریف قوم ہے اور ہمیشہ اس نے اہل اسلام کو دعوت اتحاد و اتفاق دی ہے مگر کچھ معاویہ خیل ملاں مولوی محمد علی بلال کی جیسے ہمیشہ مسلمان بھائیوں کو آپس میں لڑا کر اپنا پیٹ پالتے رہے ہیں۔ ان تخریب کار ملاؤں کے پاس سب سے بڑا ہتھیار یہ ہے کہ یہ کچھ مسائل فقہیہ کو لے کر اور عبادات کو توڑ موڑ کر شیعوں پر کیچڑ اچھالتے ہیں۔ دور حاضر میں حافظ مولوی محمد علی نے ایک کتاب لکھی ہے بنام شیعہ مذھب یعنی فقہ جعفریہ۔ اور حافظ جی نے اس کتاب میں شیعہ کے وضو اور نماز میں ہاتھ کھلے رکھنے پر کافی اعتراضات کیئے ہیں موصوف کو اصل دکھ تو اصحاب ثلاثہ کی خلافت کا ہے کہ جسکو شیعہ مذھب والے صحیح تسلیم نہیں کرتے اپنی اس تالیف کا موصوف نے یہ علاج تجویز فرمایا ہے کہ شیعہ لوگ وضوء میں پاؤں کا مسح کیوں کرتے ہیں اور نماز میں بحالت قیام ہاتھ کیوں کھلے رکھتے ہیں میرے محترم قارئین یہ دونوں مسئلے ایسے ہیں کہ اہل سنت دوستوں کی کتابیں ان دو مسئلوں کے جواز کے بارے بھری ہوئی ہیں اس حافظ محمد علی کی بد دیانتی اور خیانت علمی کی انتہاء ہے کہ جو بات اہل سنت کی فقہ میں جائز لکھی ہے اسکو یہ بد دیانت اور خائن ملاں ایک برائی فرض کر کے شیعوں کے سر تھونپ دیتا ہے۔ کیا اس بے ایمانی اور خیانت کی اجازت مذھب اہل سنت دیتا ہے۔ کیا اس بے ایمانی کا سبق انہوں نے سیرت صحابہ سے سیکھا ہے کیا اصحاب بھی تبلیغ دین کرنے میں اس قسم کی چالاکیاں کرتے تھے۔ ارباب انصاف میں نے دیانتداری سے اہل سنت بھائیوں کی کتابوں کا مطالعہ کیا ہے اور وضوء میں پاؤں دھونے یا مسح کرنے کی بابت اور نماز میں ہاتھ کھلے یا بندھے رکھنے کی بابت جو کچھ علماء اہل سنت فرماتے ہیں اس کو نہایت دیانت داری سے اس رسالہ میں پیش کر کے برادران اسلام کو دعوت فکر دی ہے وضوء میں پاؤں کا مسح اور نماز میں ہاتھ کھلے رکھنا سنی مذھب میں بھی جائز ہے اور جب یہ انکے مذھب میں جائز ہے تو پھر مولوی محمد علی کا فرض بنتا تھا کہ اس کی صفائی پیش کرتے مگر افسوس ہے کہ یہ ملاں کچھ کچھ وچ چھری اور تاں غریب واس کا مصداق ہے۔ یہ ملاں صحابہ کرام کا اور خلفاء راشدین کا بدترین دشمن ہے بلکہ یہ ملاں اللہ کے قرآن کا اور نبی پاکؐ کے فرمان کا بھی سخت دشمن ہے آج اس دور میں جبکہ اہل اسلام آپس میں ملکر ملک میں نفاذ شریعت کے بارے کوشش کر رہے ہیں یہ خائن ملاں اہل اسلام کو آپس

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں لڑانے پر تلا ہوا ہے من میں شیخ فرید اور بغل میں اینٹیں اس کا کاروبار ہے خدا اس کو ذلیل اور رسوا کرے گا سچے دا بول بالا اور جھوٹے دا منہ کالا اگر کسی ناصبی ملاں کو اپنے علم پر غرور ہے تو میرے پیش کردہ حوالہ جات کو بے شک غلط ثابت کر کے مبلغ پچاس ہزار انعام نقد وصول کرے آخر میں حق تعالیٰ سے عاجزانہ دعا مانگتا ہوں کہ میرے اس رسالہ کو وہ اپنی مخلوق کو ہدایت پانے کی توفیق عطا فرماوے

شیر پاکستان خادم مذہب علی شاہ مردان علامہ غلام حسین نجفی فاضل عراق

آخری گذارش علماء دیوبند سے

وہ علامہ صاحبان جو دینی مدارس میں پڑھ کر مشائخ کے درجہ تک پہنچ جاتے ہیں اور بعض اپنے مریدوں کو خوش کرنے کے لیے شیعان علیؑ کے خلاف کتابیں یا کتابچے لکھتے ہیں اور اپنے غرور میں گردن کو مایہ لا کر چلتے ہیں وہ متوجہ رہیں کہ انکے علمی غرور کو توڑنے کے لیے ہم نے مسئلہ وضوء اور نماز میں ہاتھ کھلے رکھنے کے موضوع پر یہ رسالہ لکھ کر تمام اہل اسلام کو دعوت فکر دی ہے۔ اور اپنی ملاں برادری سے اپیل کی ہے کہ حدود انصاف میں رہ کر ہمارے پیش کردہ حوالہ جات کی صفائی پیش کریں شیعہ کتب میں کیا لکھا ہے وہ اسکو لگ چھوڑیں۔ بقول انکے ناصبی ملاؤں کے شیعہ تو اسلام سے بہت دور ہیں اور تم جنہوں نے اسلام کو بن دی ہوئی ہے تم بتاؤ کہ شیعہ جس طرح وضوء کرتے ہیں اور نماز میں ہاتھ کھلے رکھتے ہیں اسکا ثبوت تمہاری کتابوں میں کس طرح آ گیا سپاہ صحابہ کے ملاں یہ لکھتے ہیں کہ اگر شیعوں نے کسی کتیا کا دودھ نہیں پیا تو ہمارے اس سوال کا جواب دیں۔ اور ہم شیعہ یہ لکھتے ہیں کہ انجمن سپاہ صحابہ کے علماء نے اگر کسی خنزیرنی کا دودھ نہیں پیا تو ہمیں جواب دیں کہ شیعہ جو کچھ کرتے ہیں وہ تمہاری کتابوں میں کیوں لکھا ہے۔ ارباب انصاف ہم شیعوں کے سچے ہونے کا یہ ٹھوس ثبوت ہے کہ علمی میدان میں ہمارا مقابلہ کرنے سے قوم معاویہ خیل بوکھلا گئی ہے اور اب فسادات پر تلی ہوئی ہے اور ہم شیعہ بھی سخت جان ہیں ہر زمانہ میں ہم نے حالات کا مقابلہ کیا ہے اور اب بھی کر رہے ہیں اور آگے چل کر بھی کرتے رہیں گے۔ ہمیں مٹانے والے خود حرف غلط کی طرح مٹ گئے۔

شیر پاکستان خادم مذہب علی شاہ مردان غلام حسین نجفی فاضل عراق

اہل دیوبند کی گواہی کہ نبی کریم وضو میں پاؤں کا مسح کرتے تھے

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب عمدۃ القاری شرح بخاری
۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب کنز العمال ص ۱۰۳ ج ۵ کتاب الطہارۃ
۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب الاصابہ ص ۱۸۷ ذکر تمیم بن زید انصاری
۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب نیل الاوطار ص ۱۹۹ ج ۱ محمد بن علی شوکانی
۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب سنن دارقطنی ص ۳۳۰
۶۔ اہل سنت کی معتبر کتاب صحیح بخاری ص ۳۰ کتاب الوضو
۷۔ اہل سنت کی معتبر کتاب الدر المنثور ص ۲۹۲ ج ۲
۸۔ اہل سنت کی معتبر کتاب سنن بیہقی ج ۱ کتاب الطہارۃ ص ۷۳
۹۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر طبری ص ۸۶ آیت ۶ المائدۃ
۱۰۔ اہل سنت کی معتبر کتاب سنن ابن ماجہ ص ۳۶ الوضوء

عمدۃ القاری کی عبارت: رفاعۃ ابن رافع عن النبیؐ انہ قال لا یتم صلاۃ لاحد حتی یسبغ الوضوء کما امرہ اللہ تعالیٰ فیغسل وجہہ، ویدیہ الی المرفقین ویمسح برأسہ ورجلیہ الی الکعبین حسنہ ابو علی الطوسی الحافظ وابو عیسیٰ الترمذی وابو بکر البزاز وصححہ الحافظ ابن حبان وابن حزم

ترجمہ:۔ رفاعہ صحابی نبی کریم سے نقل کرتا ہے کہ آنجناب نے فرمایا کہ کامل وضو کے بغیر نماز تمام نہیں کامل وضو حکم الٰہی کے مطابق اس طرح ہے کہ نمازی اپنے چہرے کو اور اپنے ہاتھوں کو کہنیوں سمیت دھوئے اور سر کا مسح اور پاؤں کا ٹخنوں تک مسح کرے۔

اس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(نوٹ) ارباب انصاف مذکورہ حدیث رسولؐ کے خلاف قوم معاویہ ڈٹی ہوئی ہے اور وضو میں پاؤں کے مسح کے بجائے انکو دھونا اپنا مذہب بنایا ہوا ہے اور ہم شیعہ مذہب والے قوم معاویہ کی مخالفت کرتے ہیں اور پاؤں کا مسح کرکے خدا اور رسولؐ کی اطاعت کرتے ہیں۔

صحیح بخاری کی عبارت	عن عبد اللہ بن عمر قال تخلف النبیؐ عنا فی سفرۃ فادرکنا وقد ارھقنا العصر فجعلنا نتوضؤ ونمسح علی ارجلنا

فنادی ویل للاعقاب من النار

ترجمہ:۔ ابن عمر کہتا ہے کہ ایک سفر میں نبی کریم ہم سے پیچھے رہ گئے اور نماز عصر کا وقت تنگ ہونے لگا پس ہم وضو کرنے لگے اور ہم نے پاؤں پر مسح کیا: نبی کریم نے فرمایا ایڑیوں کے لئے ویل ہے آگ سے۔

(نوٹ)

یہ روایت پاؤں پر مسح کرنے کا ٹھوس ثبوت ہے کیونکہ اسلام میں نماز ایک بہت بڑا فریضہ ہے۔ اور دن رات میں ۵ مرتبہ ادا کیا جاتا ہے اور نبی پاک نے اصحاب کو کئی مرتبہ نماز کے لیے وضو کرکے دکھایا ہے اور اصحاب بھی کوئی بچے یا کند ذہن نہ تھے کہ کئی سال مسلمان ہوئے گذر گئے اور بیچاروں کو ابھی تک وضو کا طریقہ سمجھ میں نہ آیا تھا یہ روایت پکار پکار کر اعلان کر رہی ہے کہ وضو میں اصحاب پاؤں کا مسح کرتے تھے اور نبی کریم نے انکو مسح کرتے ہوئے دیکھا ہے اور منع نہیں کیا۔ اگر پاؤں کا مسح خلاف شریعت ہوتا تو نبی کریم انکو منع کرتے۔ البتہ اصحاب نے جلدی میں مسح کیا اور پورا نہ کیا اس لیے حضور نے فرمایا کہ ایڑیوں کے لیے ویل ہے۔ جس الزام انکو دیتا تھا قصور اپنا نکل آیا

سنن ابن ماجہ کی عبارت	رفاعۃ ابن رافع انہ کان جالسا عند النبیؐ فقال انھا لاتتم الصلوۃ لاحد حتی یسبغ الوضوء کما امرہ اللہ

یغسل وجھہ ویدیہ الی المرفقین ویمسح براسہ ورجلیہ الی الکعبین۔

ترجمہ:۔ ابن رافع صحابی بیان کرتا ہے کہ وہ نبی کریم کے پاس بیٹھا تھا کہ پاک نبیؐ نے فرمایا کہ کسی کی بھی نماز پوری نہیں ہوتی جب تک وہ وضو کامل نہ کرے اس طرح جیسے اللہ پاک نے حکم دیا ہے وہ حکم یہ ہے چہرے اور ہاتھوں کو کہنیوں سمیت دھوئے اور سر اور پاؤں کا ٹخنوں تک مسح کرے۔

(نوٹ) ارباب انصاف ہم نے ۱۰ عدد کتب اہل سنت سے ثبوت پیش کر دیا کہ نبی کریم نے وضو میں پاؤں پر مسح کرنے کا حکم دیا ہے قوم معاویہ کا یہ عذر کہ اس مسئلہ میں حدیثیں مختلف ہیں اسکا جواب یہ ہے کہ تم وکلا نہو مر دان کسی چلو میں چلو بھر پانی ڈال کر ڈوب مریں کیا یہ افسوس کا مقام نہیں ہے کہ تمہارے خلیفے اور اصحاب اتنا بھی نہ کر سکے کہ نبی کریم سے وضو کا صحیح طریقہ سیکھ لیتے۔ آپکی حدیثیں کیوں مختلف ہیں۔ وضو کوئی ایسا مسئلہ تو نہیں ہے کہ جسکی انسان کو کبھی کبھی ضرورت پڑتی ہو بلکہ دن رات میں اسکی پانچ مرتبہ ضرورت پڑتی ہے تف ہے تمہارے راویان حدیث پر اور انکے حافظے پر وضو میں مختلف جو حدیثیں بیان کرتے ہیں جنکی وجہ سے تمہاری کتابوں میں تمہارے علماء پاؤں کے مسح کی بابت بھانت بھانت کے فتوے دیتے ہیں۔

تمہارے علماء کا صرف شیعوں کی مخالفت پر یہ تعصب ہوا ہے تعصب کا یہ حال ہے کہ ڈھول کی آواز اسکے پیٹ کے خالی ہونے کی وجہ سے ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

سنن دار قطنی کی | فلا ادری ما عبت علی من صلاتی فقال رسول اللہ انہا لا تتم صلاۃ احدکم حتی یسبغ الوضوء کما امرہ اللہ فیغسل وجہہ ، ویدیہ الی المرفقین ویمسح براسہ ورجلیہ الی الکعبین !

ترجمہ :- ایک شخص کو نبی پاک نے فرمایا کہ تمہاری نماز میں خامی ہے اس نے کہا اے رسول خدا مجھے معلوم نہیں ہے کہ آپ نے میری نماز کیا عیب دیکھا آنجناب نے فرمایا کہ جب تک کوئی شخص حکم خدا کے مطابق وضوء کامل نہیں کرے گا اسکی نماز کامل نہیں ہے پس وضوء میں آدمی اپنے چہرے اور ہاتھوں کو دھوئے اور اپنے سر اور پاؤں کا ٹخنوں تک مسح کرے ۔

(نوٹ) مذکورہ دس عدد کتب اہل سنت کے علاوہ بھی کتاب اہل سنت الاصابہ صہ ۲۱۷ ذکر جابر بن غوف میں بھی لکھا ہے کہ ان النبی صلی و مسح علی قدمیہ کہ نبی کریم نے نماز پڑھی اور وضوء میں پاؤں پر مسح کیا ۔

علماء اہل سنت کو دعوت انصاف

ارباب انصاف مذکورہ گیارہ عدد کتب اہل سنت گواہ ہیں کہ وضوء میں نبی کریم پاؤں پر مسح کرتے تھے اور محدث اہل سنت شاہ عبد العزیز دہلوی پر بہت افسوس ہے کہ انہوں نے اپنے تحفہ اثنا عشریہ صہ ۲۳ کید نمبر ۸ میں لکھا ہے کہ کسی نے بھی نبی کریم سے پاؤں پر مسح کرنے کی روایت نہیں کی دہلوی محدث نے یہ صاف جھوٹ بول کر اپنے شیخ اول کی سنت پر عمل کرتے ہوئے کاذباً آثماً غادراً خائناً کی یاد تازہ کر دی ہے ۔ اور ایسے لوگوں کے حق میں ہم آیت لعنۃ اللہ علی الکذبین کی تلاوت کا حق رکھتے ہیں ، اور ہمارے حوالہ جات سے یہ ثابت ہوا کہ وضوء میں پاؤں پر مسح کر کے شیعہ لوگ نبی کریم کی پیروی کرتے ہیں ۔

اہل دیوبند کی گواہی کہ حضرت علیؑ بھی وضوء میں پاؤں کا مسح کرتے تھے

۱- اہل سنت کی معتبر کتاب کنز العمال صہ ۱۰۸ ج ۵ کتاب الطہارۃ

۲- اہل سنت کی معتبر کتاب سنن البیہقی صہ ۷۵ کتاب الطہارۃ

۳- اہل سنت کی معتبر کتاب فتح الباری شرح بخاری صہ ۲۶۶ ج ۱ کتاب الوضوء

۴- اہل سنت کی معتبر کتاب صحیح بخاری صہ ۸۴۰ ج ۲ باب الشرب قائماً

۵- اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر لابن کثیر صہ ۲۳ آیت الوضو

۶- اہل سنت کی معتبر کتاب احکام القرآن لجصاص حنفی صہ ۳۴۶ ج ۲ آیت الوضوء

۷- اہل سنت کی معتبر کتاب اوجز المسالک شرح المواطا لامام مالک صہ ۱۹۶ ذکر وضوء

۸- اہل سنت کی معتبر کتاب نیل الاوطار صہ ۱۹۸ ج ۱ ذکر وضوء

۹- اہل سنت کی معتبر کتاب فتح الباری صہ ۸۲ ج ۱۰ باب الشرب قائماً

تفسیر لابن کثیر کی عبادت | "عن النزال بن سبرۃ قال رأیت علیاً صلی الظہر ثم قعد للناس فی الرحبۃ ثم اُتی بماءٍ فغسل وجہہ ویدیہ ثم مسح برأسہ ورجلیہ وقال ھذا وضوء من لم یحدث "

ترجمہ :- نزال بن سبرۃ بیان کرتا ہے کہ میں نے حضرت علیؑ کی زیارت کی آنجناب نے نماز ظہر پڑھی پھر لوگوں کی خاطر میدان کوفہ میں بیٹھ گئے پھر آنجنابؑ کی خاطر پانی لایا گیا اور حضورؑ نے وضو فرمایا ، پس اپنے چہرے اور ہاتھوں کو دھویا پھر اپنے سر اور پاؤں کا مسح کیا ، اور فرمایا کہ یہ وضوء ہے اُس شخص کا جو لم یحدث کرونکے کا مول میں بدعت پیدا نہ کرے ۔

احکام القرآن للجصاص کی عبادت | اَنَّ علیاً دعا بکوز من ماء فغسل یدیہ وذراعیہ ومسح برأسہ ورجلیہ وقال ھکذا رأیت رسول اللہ فعل ۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ترجمہ :۔ راوی بیان کرتا ہے کہ نماز کی خاطر وضو کے لئے حضرت علیؑ نے پانی کا کوزہ منگوایا پس اپنے چہرے اور ہاتھوں کو دھویا اور اپنے سر اور پاؤں کا مسح فرمایا اور پھر کہا کہ میں نے رسول اللہؐ کو دیکھا ہے آنجناب نے اسی طرح وضو فرمایا ہے۔

صحیح بخاری کی عبادت	"کتاب الاشربہ باب الشرف قائماً عن علیؑ بن ابی طالب ... ثم اُتی بماءٍ فشرب وغسل وجھہ ویدیہ و ذکر راسہ ورجلیہ۔"

ترجمہ :۔ راوی کہتا ہے کہ وضو کی خاطر حضرت علیؑ کے لئے پانی لایا گیا پس آنجنابؑ نے اپنے چہرے اور ہاتھوں کو دھویا پھر راوی نے سر اور پاؤں کا ذکر کیا :

(نوٹ) اس جگہ یا راوی نے یا امام بخاری نے ذیلی مسئلہ میں ڈنڈی ماری ہے کیونکہ حضرت علیؑ نے سر اور پاؤں کا مسح کیا تھا پس پاؤں کا مسح دیانت داری سے لکھنا بخاری یا راوی کیلئے زہر کا گھونٹ تھا۔ اسی لئے مسح کے بجائے یوں لکھ دیا کہ پاؤں اور سر کا ذکر کیا۔ مگر اُنکی گڑبڑ کا صاحب فتح الباری نے پردہ چاک کر دیا ہے۔

فتح الباری کی عبارت ص ۸۲ ج ۱۰	"وکذالک عند الطیالسی فغسل وجھہ ویدیہ ومسح علی راسہ ورجلیہ ومثلہ فی روایۃ عمرو بن مرزوق عند الاسماعیلی ویؤخذ منہ انہ فی الاصل ومسح علی رأسہ ورجلیہ وان آدم توقف فی سیاقہ فعبّر بقولہ وذکر راسہ

ترجمہ :۔ شارح بخاری ابن حجر بخاری شریف کی مذکورہ حدیث کی شرح میں فرماتے ہیں کہ طیالسی میں اس طرح ہے کہ حضرت علیؑ نے وضو اس طرح کیا کہ اپنے منہ اور ہاتھوں کو

دھویا اور اپنے سر اور پاؤں پر مسح کیا۔ اور اسماعیلی کے نزدیک بھی عمرو بن مرزوق کی روایت میں اس طرح ہے کہ حضرت علیؑ نے سر اور پاؤں کا مسح فرمایا ، البتہ آدم راوی (کے پیٹ میں کچھ مروڑ تھے) اُس نے حدیث میں پاؤں کے مسح کرنے کا ذکر میں توقف اور خیانت کی ہے۔

(نوٹ) حضرت علیؑ کا وضو میں پاؤں کا مسح کرنا حدیث شریف سے ثابت ہے اور اس کا اقرار شارح بخاری ابن حجر بیچارے نے کر ہی لیا ہے مگر چونکہ قوم معاویہ کے ناراض ہونے خطرہ تھا اس لئے۔ اپنے پیر معاویہ کی طرح ایک چالاکی کرکے اپنے آپکو بچا لیا ہے اور حقیقت حال کتب اہل سنت سے ہم آپکے سامنے پیش کرتے ہیں۔

نیل الاوطار اور فتح الباری کی عبارت	ولم یثبت عن احد من الصحابۃ خلاف ذالک الا عن علیؑ وابن عباس وانس وقد ثبت عنھم الرجوع عن ذالک۔

ترجمہ :۔ وضو میں پاؤں دھونے کی بابت صحابہ میں سے کسی نے اختلاف نہیں کیا مگر حضرت علیؑ اور عبداللہ بن عباس اور انس بن مالک وضو میں پاؤں کے مسح کرنے کو فرض جانتے تھے اور اس فتوے سے انکار رجوع کرنا ثابت ہے

وکلا بنو مروان کو وضو میں پاؤں کے مسح کی بابت

دعوت فکر

امیر المومنین حضرت علی ابن ابی طالبؑ کی ذات گرامی ایک ایسی پاکیزہ ہستی ہیں کہ تمام اہل اسلام کا آنجناب کی صداقت و سچائی پر اتفاق ہے اور میں نے اپنی کتاب بغاوت معاویہ در جواب خلافت معاویہ میں یہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

ثابت کیا ہے ۴۴ عدد کتب اہل سنت گواہ ہیں کہ نبی کریمؐ نے حضرت علیؑ کی شان میں فرمایا کہ ،، انا مدینۃ العلم و علیؑ بابھا ،، کہ میں شہر علم ہوں اور علیؑ اسکا دروازہ ہے ۲۰-۱۹ عدد کتب اہل سنت گواہ ہیں کہ نبی کریمؐ نے حضرت علیؑ کی شان میں فرمایا تھا کہ ،، علیؑ مع الحق والحق مع العلیؑ ،، حیث کان کہ ہمیشہ علیؑ حق کے ساتھ ہے اور حق علیؑ کے ساتھ ہے اور ۱۵ عدد کتب اہل سنت گواہ ہیں کہ نبی پاکؐ نے حضرت علیؑ کی شان میں فرمایا تھا کہ ،، علیؑ مع القرآن والقرآن مع العلیؑ ،، کہ ہمیشہ علیؑ قرآن کے ساتھ اور قرآن علیؑ کے ساتھ ہے تفصیل کیلئے کتاب بغاوت معاویہ کی طرف رجوع کیا جائیے ۔ نیز تفسیر کبیر میں بسم اللہ کی تفسیر میں امام اہلسنت فخر الدین رازی نے لکھا ہے کہ نماز میں بسم اللہ کو علیؑ بلند آواز سے پڑھتے تھے چونکہ حدیث ہے ،، علیؑ مع الحق ،، اس لیئے اس اختلافی مسئلہ میں بھی حق علیؑ کے ساتھ ہے۔

ارباب انصاف آپ بھی توجہ فرما دیں ،،

ارباب انصاف خدا آپکو سلامت رکھے ، امیر المومنین حضرت علیؑ کا وضو میں پاؤں کا مسح کرنا ہم نے کتب اہل سنت سے آپکے سامنے ثابت کر دیا اور آنجناب کا ہمیشہ حق پر ہونا اور ہمیشہ قرآن کے ساتھ ہونا ، اور باب مدینہ العلم ہونا ثابت کر دیا ، اور جب حضرت علیؑ کا وضو میں پاؤں کا مسح کرنا ثابت ہو گیا ۔ تو اسی سے نبی کریمؐ کا بھی وضو میں پاؤں کا مسح کرنا ثابت ہو گیا ۔ کیونکہ حضرت علیؑ پہلے نمازی ہیں جنہوں نے نبی کریمؐ کے ساتھ نماز پڑھنا شروع کی اور نبی کریمؐ کی تمام زندگی میں حضرت علیؑ نبی کریمؐ کے ساتھ رہے ۔ اور

یہ بات سفید جھوٹ ہے کہ نبی کریمؐ تو پاؤں کو دھوتے تھے اور حضرت علیؑ نبی کریمؐ کی معاذ اللہ مخالفت میں پاؤں پر مسح کرتے تھے ، نیز یہ بات بھی سفید جھوٹ ہے کہ حضرت علیؑ نے تمام زندگی نبی پاک کو کبھی وضو کرتے ہوئے نہیں دیکھا اس لیئے حضرت مسح کرتے تھے ۔ اور یہ بھی جھوٹ ہے کہ حضرت علیؑ کو پاؤں کے مسح یا دھونے کی بابت صحیح حکم معلوم نہ تھا جب صحابہ نے بتایا یا خود حضرت نے انکو دیکھا تو معلوم ہوا کہ مسح جائز نہیں ہے بلکہ دھونا فرض ہے اگر مذکورہ احتمالات کو صحیح مان لیا جائے تو اسکا نتیجہ یہ نکلا کہ معاذ اللہ نبی کریمؐ نے پہلے نمازی کو بھی صحیح طریقے سے وضو کی تعلیم نہیں دی تھی اور انکی شان میں معاذ اللہ غلطی سے یہ کہا کہ علیؑ قرآن کے ساتھ ہے علیؑ حق کے ساتھ ہے علیؑ میرے علوم کا وارث ہے ۔ جس کو علوم نبوت کی ضرورت ہے وہ علیؑ کے در پر آئے

نتیجہ بحث اور وکلاء معاویہ کو مزید دعوت فکر

ارباب انصاف شارح بخاری ابن حجر کا یہ رپوٹ پیش کرنا کہ حضرت علیؑ پہلے تو پاؤں کا وضو میں مسح کرتے تھے پھر اس اجتہاد سے رجوع کیا اور پاؤں کا وضو میں دھونا شروع کیا یہ رپوٹ بالکل انکی مکاری اور عیاری ہے اور قوم معاویہ کی خوشنودی منظور ہے ۔ اس ابن حجر سے جکے پیچھے شارح بخاری اور محدث ہونے کا دم چھلا لگا ہوا ہے ۔ کوئی پوچھے کہ حضرت علیؑ نے پاؤں پر مسح کرنے سے کب رجوع کیا یہ رجوع نبی کریمؐ کی وفات کے بعد ہوا ہے اگر یہ درست ہے تو اس شارح بخاری نے نبی کریمؐ اور حضرت علیؑ دونوں کی توہین کی ہے کیونکہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس کا نتیجہ یہ ہے کہ حضرت علیؑ نبی کریمؐ کے ساتھ " معاذاللہ " غلط وضو کے ساتھ نماز پڑھتے رہے اور نبی کریمؐ کی اس پتے توہین ہے کہ آنجناب نے معاذاللہ ایسے آدمی کو باب مدینہ العلم اور علیؑ مع القرآن اور علیؑ مع الحق " کے اعزازات دیئے جو وضو بھی صحیح طریقے سے نہیں جانتا تھا اور حضرت علیؑ اور نبی کریمؐ کی توہین کرنے والا یقیناً کافر ہے " اور اگر حضرت علیؑ نے پاؤں پر مسح کرنے سے نبی کریمؐ کی زندگی میں رجوع کیا تھا تو پھر کوفہ میں پاؤں پر مسح کرکے کیوں دکھایا اور یہ کیوں بحر فرمایا کہ اسی طرح رسول اللہ بھی وضو کرتے تھے، حضرت علیؑ نبی کریمؐ کی زندگی میں کوفہ نہیں آئے بلکہ نبی پاکؐ کی پاک کی زندگی میں تو کوفہ شہر آباد بھی نہیں ہوا تھا، نتیجہ یہ نکلا کہ معاذ اللہ حضرت علیؑ نے غلط بیانی کی ہے ارباب انصاف یہ ابن حجر شارح بخاری ایسا نادان ہے اور امیر معاویہ کی محبت میں ایسا اندھا ہے کہ اس بدھو کو نبی کریمؐ اور حضرت علیؑ کی عزت کا کوئی لحاظ نہیں ہے۔

" حب علی رحمۃ اللہ اور بغض علیؑ لعنۃ اللہ "

ابن عباس اور دیگر صحابہ بھی وضو میں پاؤں کا مسح کرتے تھے

۱۔ اہل سنت کی معتبر سنن ابن ماجہ صـ ۳۹ کتاب الوضو
۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب سنن بیہقی صـ ۴۲/۱ کتاب الطہارۃ
۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب ازالۃ الخفاء صـ ۵۴/۲ المائدہ آیت وضوء
۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر لابن کثیر صـ ۲۵
۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر طبری صـ ۸۲/۶ آیت وضوء
۶۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر خازن صـ ۱۹/۲ آیت وضوء
۷۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر غرائب القرآن صـ ۵۳ پ آیت ۶
۸۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر فتح القدیر صـ ۱۹/۲۶ آیت وضوء
۹۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر الدر المنثور صـ ۲۹۲/۲ آیت
۱۰۔ اہل سنت کی معتبر کتاب کنز العمال صـ ۱۳/۵
۱۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب فتح الباری صـ ۲۹۹ کتاب الوضوء
۱۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب عمدۃ القاری صـ ۹۵۶/۱

ابن ماجہ کی عبادت | قال ابن عباس ان الناس ابوا الا الغسل ولا اجد فی کتاب اللہ الا المسح ،

ترجمہ:۔ ابن عباس فرماتے ہیں کہ تحقیق لوگ پاؤں کے دھونے پر ڈٹے ہوئے ہیں اور قرآن میں ہمیں وضو میں پاؤں کے مسح کا حکم ملتا ہے

ابن کثیر کی عبادت | عن ابن عباس قال الوضوء غسلتان ومسحتان، وعن انس قال نزل القرآن بالمسح والسنۃ الغسل ،

ترجمہ:۔ عبداللہ ابن عباس فرماتے ہیں کہ وضو میں دو اعضاء کا دھونا ہے اور

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دوٗ کا مسح کرنا ہے ۔ انس بن مالک کہتے ہیں کہ قرآن میں وضو میں پاؤں پر مسح کرنے کا حکم اترا ہے ۔

عمدۃ القاری کی عبادت | عن ابن عباس هما غسلتان ومسحتان ومنه امر اللّٰہ بالمسح وابی الناس الا الغسل :۔

ترجمہ :۔ ابن عباس فرماتے ہیں کہ وضو میں دوٗ اعضاء کا دھونا ہے اور دوٗ کا مسح ہے ۔ اللہ نے مسح کا حکم دیا اور لوگوں نے اللہ کی مخالفت کرتے ہوئے دھونا شروع کر دیا ۔

تفسیر طبری کی عبادت | عن الشعبی نزل جبرئیل بالمسح ثم قال الا ترى ان التیمم ان یمسح ما کان غسلا ویلغی ما کان مسحا ۔

ترجمہ :۔ امام اہل سنت حضرت شعبی فرماتے ہیں کہ جبرائیل وضو میں پاؤں کے مسح کا حکم لیکر اترے ہیں ، پھر انہوں نے فرمایا کہ اسکی دلیل یہ ہے کہ تیمم میں انہی دوٗ اعضاء کو مسح کیا جاتا ہے جن کو وضو میں دھویا جاتا ہے ۔ اور ان دوٗ اعضاء کو چھوڑ دیا گیا ہے جن پر وضو میں مسح کیا جاتا تھا ۔

سنی علماء کا فیصلہ کہ اختلاف کی صورت میں قول ابن عباس معتبر ہے

کتاب اہل سنت تفسیر اتقان صفحہ ۲۱۷/۲ نوع ۸۰ میں لکھا کہ ان تعارضت اقوال جماعۃ من الصحابۃ فان امکن الجمع فذاک وان تعذر قدم ابن عباس لان النبی بشرہ بذالک حیث قال اللھم علمہ التاویل

ترجمہ :۔ اگر کسی مسئلہ میں جماعت صحابہ میں اختلاف ہو جائے تو جمع ممکن ہو تو یہ بہتر ورنہ عبداللہ بن عباس کے فرمان کو لیا جائے کیونکہ انکے حق میں نبی کریم نے دعا فرمائی تھی کہ خدایا اسکو علم تاویل عطا کر ۔

(نوٹ) ارباب انصاف ابن عباس بھی دوسرے صحابہ کے ساتھ وضو میں پاؤں پر مسح کرتے تھے اور انکا یہ عمل سب صحابہ کے منہ پر طمانچہ ہے ۔

لوگوں کو پاؤں دھونے پر مجبور کرنا حجاج اور امیر عمر کی بدعات سے ہے

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب ازالۃ الخفا صفحہ ۳۰۵/۲ رسالہ فقہ عمر سے ذرا قبل
۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر الدر المنثور صفحہ ۲۹۲ آیت وضو
۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر لابن کثیر صفحہ ۲۵/۲ آیت وضو
۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر طبری صفحہ ۸۲/۶ المائدہ آیت ۹
۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب سنن بیہقی صفحہ ۷۲/۱ کتاب الطہارۃ ذکر وضو
۶۔ اہل سنت کی معتبر کتاب عمدۃ القاری شرح البخاری صفحہ ۹۸/۱ کتاب الوضو

ازالۃ الخفاء کی عبادت | وبسیارے از مسائل ہست کہ احادیث مختلف می شود و حضرت فاروق تطبیقے مقرر کردہ البتہ تابع ہما تطبیق می شوند ، چنانچہ در مسئلہ فسخ حج بعمرہ و مسئلہ غسل قدم و مسئلہ متعہ و بیع صرف ۔ ترجمہ : اور بہت سے مسائل ایسے ہیں کہ حدیثوں سے انکا حکم ایک دوسرے سے مختلف نکلتا ہے اور حضرت فاروق نے ایک تطبیق کی صورت نکال دی ہے اور سب مجتہد بھی اسی تطبیق میں عمر کے تابع ہو جاتے ہیں جیسا کہ عمرہ کے ساتھ فسخ حج کے مسئلہ میں اور پاؤں کے دھونے کا مسئلہ اور متعہ کا مسئلہ اور بیع صرف کا ۔

الدر المنثور کی عبادت | فقال عمر یا سعد انا لا ننکر ان رسول اللّٰہ مسح ولکن هل مسح منذ انزلت سورۃ المائدۃ ؟

ترجمہ :۔ امیر عمر نے سعد صحابی سے کہا کہ ہم اس بات سے انکار نہیں کرتے کہ نبی کریم

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

نے وضو میں پاؤں پر مسح فرمایا ہے مگر آپ یہ فرمادیں کہ سورۃ المائدہ کے نزول کے بعد کیا نبی پاک نے مسح کیا ہے۔ (نوٹ) ازالۃ الخفاء میں تفصیل در منثور میں اشارہ ہے کہ اہل سنت میں وضو میں پاؤں پر مسح کرنے یا دھونے میں سخت اختلاف ہے۔ اور اس اختلاف کو نہ ہی رسول خدا اور نہ ہی ابوبکر صاحب ختم کر سکے۔ بقول اہل سنت وضو کے بارے خصوصا پاؤں کے دھونے یا مسح کے بارے حضرت عمر نے اپنی بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے لوگوں کو پاؤں دھونے پر مجبور کیا ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ جس طرح چار تکبیر جنازہ جاری کرنا حضرت عمر کی بدعت ہے اسی طرح وضو میں، پاؤں دھونے پر مجبور کرنا یہ بھی حضرت عمر کی بدعت ہے۔

پاؤں دھونے کے مسئلہ پر حجاج ناصبی نے بہت زور دیا ہے

ازالہ اور در منثور کے علاوہ۔ باقی مذکورہ چار کتب میں یوں لکھا ہے کہ ایک دفعہ حجاج بن یوسف ناصبی نے اپنی ایک تقریر میں پاؤں دھونے کے مسئلہ پر بہت زور دیا۔ جب اس امر کی اطلاع حضرت انس کو ہوئی تو انہوں نے فرمایا کہ حجاج جھوٹ بولتا ہے کیونکہ خدا تعالیٰ نے قرآن پاک میں فرمایا کہ مسح کرو اپنے سروں کا اور اپنے پاؤں کا اور اس حجاج کے ناصبی ہونے کا اعتراف شاہ عبدالعزیز محدث نے اپنے تحفہ ص ۹۲ کید نمبر ۶ میں اور ابن تیمیہ ناصبی نے منہاج السنہ ص ۲۲۸ ج ۲ میں کیا ہے۔

محدث دہلوی نے مسئلہ وضو میں اپنے باپ کو جھوٹا قرار دیا ہے

امام اہل سنت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی اپنے تحفہ بحث وضو ص ۲۱ کید ص ۸ میں کچھ ایسا پریشان ہوا ہے کہ شیعوں کو جھوٹا بناتے بناتے اپنے اب، شاہ ولی اللہ کو جھوٹا بنا دیا ہے نمونہ کے طور پر محدث دہلوی کے چند جھوٹ پیش کر کے ہم عالم اسلام کو دعوت انصاف دیتے ہیں۔

پہلا جھوٹ محدث دہلوی نے اپنے تحفہ کید نمبر ۸ میں لکھا ہے کہ کسی نے بھی پاؤں کے مسح کرنے کی نبی کریمؐ سے حدیث نقل نہیں کی۔ اور ہم شیعہ کہتے ہیں کہ محدثین اہل سنت نے پاؤں پر مسح کرنے کی حدیثیں نقل کی ہیں اور حوالہ جات اسی بحث میں دیکھیں نیز محدث دہلوی کے باپ نے ازالۃ الخفاء کی مذکورہ عبارت میں گواہی دی ہے کہ پاؤں پر مسح کی ثابت حدیثیں مختلف ہیں بعض میں پاؤں کا مسح آیا ہے البتہ ائمہ عمد نے ان کو دھونے پر حمل کیا ہے پس یا تو محدث دہلوی جھوٹا ہے اور یا اس کا باپ شاہ ولی اللہ جھوٹا ہے پھر آگے چل کر محدث دہلوی خود اپنے آپکو بھی جھٹلاتا ہے تحفہ ص ۱۲۵ میں لکھتا ہے کہ بعض ضعیف روایات میں ہے کہ عباد بن تمیم نے نبی کریم سے پاؤں کا مسح نقل کیا ہے۔ سچ ہے کہ دروغگو را حافظہ نباشد۔ مَنْ حَفَرَ بِئْرًا لِأَخِيهِ فَقَدْ وَقَعَ فِيهِ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دوسرا جھوٹ محدث دہلوی نے شیعوں کی طرف نسبت دی ہے کہ یہ صرف دعویٰ کرتے ہیں کہ بعض صحابہ بھی مسح کے قائل تھے۔ ہم شیعہ کہتے ہیں کہ دہلوی دجال کی یہ بے حیائی اور سفید جھوٹ ہے حوالہ جات کتب اہل سنت سے ہم نے پیش کر دیئے ہیں کہ خود اہل سنت نے انس بن مالک اور ابن عباس سے مسح پاؤں کا نقل کیا ہے۔

تیسرا جھوٹ محدث دہلوی کہتا ہے کہ سوائے ابن عباس کے کسی صحابی سے پاؤں کا مسح بطریق صحیح منقول نہیں ہے ہم شیعہ کہتے ہیں کہ دہلوی دجال کی یہ بھی بے حیائی اور سفید جھوٹ ہے حوالہ جات گذر چکے ہیں کہ حضرت علی علیہ السلام بھی پاؤں پر مسح کرتے تھے کیا حضرت علیؑ کی صحابیت سے دہلوی کو انکار ہے۔

چوتھا جھوٹ محدث دہلوی کہتا ہے تحفہ ص ۳۵ کہ شعبی اور عکرمہ کی طرف پاؤں پر مسح کی نسبت جھوٹ ہے ہم شیعہ کہتے ہیں کہ دہلوی دجال کی یہ بھی بے حیائی اور سفید جھوٹ ہے کیونکہ حوالہ جات گذر چکے کہ خود اہل سنت نے نقل کیا ہے کہ عکرمہ اور شعبی پاؤں پر مسح کرتے تھے۔

پانچواں جھوٹ محدث دہلوی نے کہا ہے کہ شیعہ کہتے ہیں محمد بن جریر ابی جعفر طبری مسح اور دھونے میں تخییر کا قائل رہا ہے۔ ہم شیعہ کہتے ہیں کہ دہلوی دجال کی یہ بھی بے حیائی اور جھوٹ ہے کیونکہ دس عدد کتب اہل سنت سے حوالہ جات موجود ہیں کہ وہی ابی جعفر محمد بن جریر طبری تخییر کا قائل ہے بلکہ یہ بات مشہور ہے کہ یہ قول بالا اور جھوٹ داغ سیاہ کالا دہلوی دجال کے منہ پر جھوٹ کی سیاہی قیامت تک رہیگی۔

وضو میں پاؤں کے حکم کے بارے قوم معاویہ کے بھانت بھانت کے فتوے

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب — عمدۃ القاری شرح بخاری ص ۶۵۵ ذکر وضوء
۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب — تفسیر کبیر ص ۳۷۰ آیت وضوء
۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب — تفسیر خازن ص ۱۶ آیت وضوء
۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب — تفسیر غرائب القرآن ص ۵۳ آیت وضوء
۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب — نیل الاوطار ص ۱۹۸ ذکر وضوء
۶۔ اہل سنت کی معتبر کتاب
۷۔ اہل سنت کی معتبر کتاب — اشعۃ اللمعات ص ۲۲ ذکر وضوء
۹۔ اہلسنت کی معتبر کتاب — میزان الکبریٰ للشعرانی ص ۱۱۱
۱۰۔ اہل سنت کی معتبر کتاب — رحمۃ الامۃ فی اختلاف الائمہ ص ۹

آدمی کو اختیار ہے چاہیئے پاؤں پر مسح کرے یا دھوئے

عمدۃ القاری کی عبارت اما وظیفۃ الرجلین ففیھا اربعۃ مذاہب: الثالث ھو مذھب الحسن البصری و محمد بن جریر الطبری، و ابی علی الجبائی انہ مخیر بین المسح والغسل

ترجمہ :۔ وضو میں پاؤں کا حکم اس میں چار مذاہب ہیں تیسرا مذہب امام اہل سنت حسن بصری اور امام اہل سنت محمد بن جریر طبری اور امام اہل سنت ابو علی جبائی کا ہے کہ آدمی کو اختیار ہے کہ پاؤں کا مسح اور دھونے میں سے ایک کو اپنا لے۔ اسباب انصاف وضو کی ضرورت دن رات میں پانچ مرتبہ ہے اور جس مذہب کے مستین علماء پاؤں کے دھونے یا مسح کے بارے صحیح فیصلہ نہ کر سکے وہ ابو بکر کی خلافت کا کس طرح فیصلہ کرینگے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

پاؤں پر مسح بھی کرے اور پھر دھو بھی لے

تفسیر کبیر کی عبادت | وقال جمہور الفقہاء والمفسرین فرضہما الغسل وقال داؤد الاصفہانی یجب الجمع بینہما وقال الحسن البصری ومحمد جریر الطبری المکلف مخیرٌ بین المسح والغسل ۔

ترجمہ :۔ علماء اہل سنت کچھ تو کہتے ہیں کہ پاؤں کو وضو میں دھویا جائے اور امام اہل سنت داؤد الاصفہانی فرماتے ہیں کہ دونوں کام کرے دھوئے بھی اور مسح بھی کرئے ۔ پہلے نہیں دھیان دے کروی لے مسح بعد ۔

میر صاحب کا فتویٰ کہ ایک کو دھوئے اور ایک پاؤں کا مسح کرے

بیان :۔ ہمارے ایک دوست میر صاحب تھے جنکے ساتھ اختلافی مسائل پر بات چیت ہوتی تھی وہ بریلوی مکتب فکر سے تعلق رکھتے تھے ایک دن وضو کی بحث پر فرمانے لگے کہ بھائی پاؤں کی بابت چار فتوے تو پہلے سے موجود ہیں ۱ دونوں پاؤں کا مسح کرنا ۲ دونوں کا دھونا ۳ دونوں فرض دھونا بھی اور مسح بھی ۴ دونوں میں اختیار اب ایک فتوے کی گنجائش ہے وہ ہماری طرف سے قبول فرما دیں کہ ۵ وضو میں ایک پاؤں کو دھوئے اور ایک پاؤں کا مسح کرے ۔ تاکہ خدا تعالیٰ اور رسول پاک ۔ اور صحابہ کرام اور اہل بیت رسولؐ سب خوش ہو جائیں ۔ ہم نے کہا کہ پھر آپ نماز میں ایک ہاتھ باندھ لیں اور ایک کھول لیں ۔ ارباب انصاف جن سنی علماء نے وضو میں صحیح فیصلہ نہیں ہو سکا ان بچاروں سے خلافت ابوبکر کے بارے میں صحیح فیصلہ ناممکن ہے

وضو میں پاؤں کے مسح کے بارے آیئے قرآن پاک پر فیصلہ کرتے ہیں

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا قُمْتُمْ إِلَى الصَّلَاةِ فَاغْسِلُوا وُجُوهَكُمْ وَأَيْدِيَكُمْ إِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوا بِرُءُوسِكُمْ وَأَرْجُلَكُمْ إِلَى الْكَعْبَيْنِ ؕ المائدہ آیت

ترجمہ :۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو جب کھڑے ہو تم واسطے نماز کے پس دھوؤ منہوں اپنوں کو اور ہاتھوں اپنوں کو کہنیوں تک اور مسح کرو سروں اپنوں کو اور پاؤں اپنوں کو ٹخنوں تک ترجمہ شاہ رفیع الدین سنی مطبع اسلامیہ لاہور حسب الارشاد ملک غلام محمد تاجر کتب بازار کشمیری لاہور

حسبنا کتاب اللہ کے دعویداروں کو دعوت انصاف

کتاب الٰہی کا یہ فیصلہ ہے کہ وضو میں پاؤں کا مسح کیا جائے اور تقریر استدلال یہ ہے ۔ کہ دو اعضاء کو دھونا فرض تھا اللہ پاک نے اسکو اس طرح بیان فرمایا ”فاغسلو وجوھکم وایدیکم الی المرافق“ کہ دھو اپنے چہروں کو اور اپنے ہاتھوں کو کہنیوں سمیت اور دو اعضاء کا مسح کرنا ضروری تھا، اسکو یوں بیان کیا ” وامسحو برؤسکم وارجلکم الی الکعبین “ مسح کرو اپنے سروں کا اور پاؤں کا ٹخنوں تک اور یہ مطلب ایسا روشن ہے کہ کسی تاویل کی ضرورت نہیں ہے اس پر کوئی اشکال و اعتراض بھی نہیں ہے ” اور اگر کوئی غیر مسلم عربی دان ان الفاظ کو پڑھے یا غیر متعصب مسلم عربی دان ان الفاظ کو پڑھے تو اسکے ذہن میں مذکورہ معنی کا ہی تبادر ہوگا اور

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

علم اصول کا یہ اٹل فیصلہ ہے کہ تبادر علامت حقیقت ہے پس معلوم ہوا کہ مذکورہ معنی ہی آیت وضوء کا حقیقی معنی ہے۔ اور اسی پر کہ چہرے اور ہاتھوں کو دھونا ہے اور سر اور پاؤں کا مسح کرنا ہے، نبی کریم اور حضرت علیؑ اور صحابہ کرام کا عمل کرنا بھی کتب اہل سنت سے ثابت ہے، پھر معلوم اہل سنت کو کیا مجبوری ہے کہ پاؤں کے مسح میں انہوں نے اللہ کے قرآن کو اور رسول اللہ کے فرمان کو اور صحابہ ذی شان کو چھوڑ دیا ہے اور آنکھیں بند کر کے حضرت امیر عمر کے پیچھے لگ گئے اگر کسی شخص کا وضو قرآن کے مطابق نہ ہو تو وضو باطل ہوگا تو اسکی نماز باطل ہوگی پس جو لوگ وضو میں پاؤں کا مسح نہیں کرتے اور قرآن پاک کی مخالفت کرتے ہیں انکی نماز باطل ہے کیونکہ جب وضو صحیح نہیں ہے تو نماز بھی صحیح نہیں ہے۔

شیعوں کا یہ عمل کہ وضو میں پاؤں کا مسح کرتے ہیں قرآن سے ثابت ہے

بیان نمبر ۸۔ وامسحوا برؤسکم وارجلکم، شیعہ یہ کہتے ہیں امسحوا فعل امر ہے اور صیغہ جمع مذکر مخاطب کا ہے اور انتم اسکا فاعل ہے۔ برؤسکم میں ب جارہ ہے۔ روس مضاف اور کم مضاف الیہ ہے، اور یہ مضاف مضاف الیہ مل کر مجرور ہے ب جارہ کا اور جار مجرور مل کر متعلق ہے، فعل امسحوا کے اور برؤسکم مفعول ہے امسحوا کا، وارجلکم میں واو عاطفہ ہے ارجل مضاف ہے کم مضاف الیہ ہے یہ مضاف مضاف الیہ مل کر معطوف ہے برؤسکم پر اور برؤسکم معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مفعول ہے امسحوا کا اور جب یہ دونوں مفعول بنے امسحوا کے تو ترجمہ یہ ہوا۔

تم مسح کرو اپنے سروں کا اور اپنے پاؤں کا پس شیعوں کا یہ عمل کہ وضوء میں پاؤں کا مسح کرنا فرض ہے قرآن پاک سے ثابت ہوگیا، کیونکہ علم اصول کا اٹل فیصلہ ہے کہ صیغہ امر کا حقیقی معنی وجوب ہے اور جو واجب ہے وہی فرض ہے۔

ضروری وضاحت ملاحظہ ہو

ہم نے اپنے بیان اور تحریر میں ارجلکم کی ''ل'' کے نیچے زیر لگایا ہے اور اس ''ل'' کو زیر کے ساتھ پڑھنا صحیح اور درست ہے، کیونکہ اہل سنت دوستوں نے بھی اعتراف کیا ہے کہ ارجلکم کی لام کے نیچے زیر پڑھنا درست ہے اور اسکا ثبوت کتب اہل سنت سے پیش کر کے ہم عالم اسلام کو دعوت انصاف دیتے ہیں۔

اہلسنت کا اقرار کہ ارجلکم کے لام کے نیچے زیر پڑھنا درست ہے

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر کبیر ص ۳۷۰/۳ آیت وضوء
۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر غرائب القرآن ص ۵۳ المائدہ آیت
۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر جامع البیان ص ۱۵۹/۱ آیت وضوء
۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر خازن ص ۱۹/۲ آیت وضوء
۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تحفہ اثنا عشریہ ص ۳۳ کید ۸
۶۔ اہل سنت کی معتبر کتاب ۔ منہاج السنۃ ص ۱۵۲/۲ ط مصر۔

تفسیر کبیر کی عبارت	حجۃ من قال بوجوب المسح مبنی علی القراءتین المشہورتین فی قولہ وارجلکم فقرأ ابن کثیر وحمزۃ وابو عمرو وعاصم فی روایۃ ابی بکر عنہ بالجر

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

فنقول اما القراءة بالجر فهي تقتضي كون الارجل معطوفة على الرؤس فكما يجب المسح في الرؤس فكذالك في الارجل ۔

ترجمہ :۔ جو لوگ وضو میں پاؤں کے مسح کو واجب کہتے ہیں انکی دلیل اللہ تعالیٰ کے قول وارجلکم میں دو قرائت مشہور پر قائم ہے ۔ ابن کثیر اور حمزہ اور عمرو اور عاصم نے بنا بر روایت ابی بکر ارجلکم کو جر یعنی لام کی زیر کے ساتھ پڑھا ہے اور یہ قرائت دلالت کرتی ہے کہ ارجلکم کا عطف برؤسکم پر ہو۔ پس جس طرح سر کا مسح کرنا واجب ہے اسی طرح پاؤں کا مسح بھی واجب ہے۔

منہاج السنہ کی عبارت | وهذه الاية فيها قراءتان مشهورتان الخفض والنصب ... وفي الجملة فالقرآن ليس فيه نفي ايجاب الغسل بل فيه ايجاب المسح

ترجمہ :۔ احمد بن عبد الحلیم المشہور ابن تیمیہ ناصبی کہتا ہے کہ آیت وضو میں دو قرائت مشہور ہیں ۔ ارجلکم کی لام پر زیر اور لام پر زبر ، اور فی الجملہ قرآن پاک میں پاؤں دھونے کے وجوب کی نفی نہیں ہے بلکہ پاؤں پر مسح کرنے کا وجوب لکھا ہے ۔

تحفہ اثنا عشریہ کی عبارت | در قرآن مجید در آیہ وضو باجماع فریقین ہر دو قرائت متواتر و صحیح و درست آمدہ نصب ارجلکم و جر آن ۔

ترجمہ :۔ شاہ عبد العزیز محدث دہلوی امام اہل سنت لکھتے ہیں کہ قرآن مجید میں آیت وضو میں شیعہ سنی کا اجماع ہے کہ دونوں قرائت کہ ارجلکم کی لام پر زبر اور زیر دونوں صحیح اور درست اور متواتر ہیں ۔

نتیجہ بحث

قانون نحوی کی روشنی میں اور سات قراءات اور قرائت اہل بیت رسولؐ کی روشنی میں ارجلکم کی لام کے نیچے زیر پڑھنا صحیح اور درست ہے ۔ اور ارجلکم کا عطف کرنا امسحوا برؤسکم پر بھی صحیح اور درست ہے جب ارجلکم کی لام کے نیچے زیر بھی درست ہے ۔ اور اسکا برؤسکم پر عطف بھی درست ہے ۔ تو پھر اس کا نتیجہ یہ ہے کہ وضو میں پاؤں پر مسح کرنا ہی صحیح ہے اور دھونا غلط ہے ۔ اور اگر ارجلکم کی لام پر نصب پڑھا جائے تو بھی وضو میں پاؤں کا مسح کرنا ثابت ہوتا ہے ۔ کیونکہ نصب کی صورت میں اس کا عطف ہے ، برؤسکم کے محل پر اور قانون ہے کہ اگر فعل متعدی ہو حرف جر کے ساتھ تو حرف کا معمول مفعول واقع ہوتا ہے ۔ پس برؤسکم ب حرف جر کی وجہ سے لفظاً مجرور ہے اور محلاً منصوب ہے ۔ اور ارجلکم کی لام پر اگر زبر بھی پڑھی جائے اس کا عطف ہے برؤسکم کے محل پر اور جس طرح " برؤسکم امسحوا کا مفعول ہے اسی طرح ارجلکم بھی امسحوا کا مفعول ہے ۔ جب یہ دونوں امسحوا کا مفعول بنے تو ترجمہ آیت کا یہ بنا کہ مسح کرو تم اپنے سر کا اور اپنے پاؤں کا ٹخنوں تک ۔ پس دونوں قراءات کی روشنی میں پاؤں کا مسح کرنا وضو میں قرآن پاک سے ثابت ہوا جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ شیعوں کا مذہب وضو میں قرآن مجید کے مطابق ہے ۔ اور قوم معاویہ خیل کا مذہب قرآن کے مخالف ہے ۔ اور ارجلکم کی لام پر زیر پڑھنے کی صورت میں پاؤں کا مسح ثابت ہوتا ہے اس کا اعتراف خود علماء اہل سنت نے فرمایا ہے اور اب ہم اُن کی کتب سے ثبوت پیش کر کے عالم اسلام کو دعوت انصاف دیتے ہیں ۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اَرْجُلَکُمْ کی لام پر زیر پڑھنے سے بھی پاؤں کا مسح ثابت ہوتا ہے

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر کبیر صفحہ ۳۷۰/۳ آیت وضوء
۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب منہاج السنہ صفحہ ۱۵۲/۲ مسائل فقہ
۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب انسان العیون صفحہ ۳۲۸/۱ ذکر وضوء النبیؐ
۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب کبیری شرح منیہ المصلی صفحہ ۱۵ از فلک النجاۃ
۵۔ عالم اسلام کی مایہ ناز کتاب رضی شرح کافیہ صفحہ ۲/۱
۶۔ اہل سنت کی معتبر کتاب کبریت الاحمر صفحہ از فلک النجاۃ
۷۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تکملہ حاشیہ عبدالغفور از فلک النجاۃ مولانا امیر الدین

منہاج السنہ کی عبارت | ومن قال انہ عطف علی محل الجار والمجرور یکون المعنی وامسحوا برؤسکم وامسحوا ارجلکم الی الکعبین

ترجمہ:۔ ابن تیمیہ ناصبی کہتا ہے کہ وارجلکم کی لام پر نصب کی صورت میں جو شخص کہتا ہے کہ اسکا عطف برؤسکم جار مجرور کے محل پر ہے تو معنی آیت یہ بنے گا کہ مسح کرو اپنے چہرے کا اور مسح کرو اپنے پاؤں کا

تفسیر کبیر کی عبارت | ثبت ان قرائۃ وارجلکم بنصب اللام توجب المسح

اختصار کی خاطر عربی کم لکھی مگر توجیہ پورا لکھا ہے، کہ امام اہل سنت فخر الدین رازی فرماتے ہیں کہ ارجلکم کی لام پر نصب کی صورت میں بھی قرآن مجید سے پاؤں کا مسح ثابت ہوتا ہے اور وہ اس لئے کہ برؤسکم محلاً منصوب ہے مگر باجارہ کی وجہ سے لفظاً مجرور ہے پس جب ارجلکم کا رؤسکم کے محل پر عطف کیا جائے تو وہ منصوب ہوگا اور جب لفظ پر

عطف کیا جائے تو مجرور ہوگا اور عطف محل اور لفظ دونوں پر جائز ہے یہ نحویوں کا مشہور مذہب ہے جب یہ ثابت ہوگیا۔ تو ہم کہتے ہیں کہ ارجلکم میں عامل امسحوا اور اغسلوا دونوں ہو سکتے ہیں، مگر فن علم نحو ہے کہ جب ایک معمول پر دو عامل جمع ہو جائیں تو جو عامل قریب ہے اسکو عمل دینا ضروری ہوتا ہے پس واجب ہے کہ ارجلکم میں عامل نصب دینے والا امسحوا بنے اور اس سے یہ ثابت ہوا کہ ارجلکم میں اسکی لام پر نصب والی قرائت سے بھی وضوء میں پاؤں کا مسح کرنا واجب ثابت ہوتا ہے۔

الکبیری شرح منیۃ المصلی کی عبارت | والصحیح ان الارجل معطوفۃ علی الرؤس فی القرائتین ونصبہا علی المحل وجرہا علی اللفظ وذالک

لامتناع العطف علی المنصوب بالفصل بین العاطف والمعطوف علیہ بجملۃ اجنبیۃ ولم یسمع فی الفصیح نحو ضربت زیداً ومررت بعمرو وبکراً بعطف بکراً علی زید

ترجمہ:۔ شرح منیہ صفحہ ۱۵ طبع محمدی لاہور میں لکھا ہے کہ صحیح قول یہ ہے کہ ارجلکم کا عطف رؤسکم پر ہے دونوں قرائت کی بنا پر اگر نصب پڑھیں تو عطف علی المحل ہے اور اگر جر پڑھیں تو عطف علی اللفظ ہے اور ارجلکم کا عطف وجوہکم پر کرنا منع ہے کیونکہ وجوہکم منصوب پر عطف کرنے سے لازم آتا ہے کہ معطوف اور معطوف علیہ میں جملہ اجنبیہ کا فاصلہ آجائے اور یہ بات علم نحو میں منع ہے، (نوٹ، شرح منیہ کا حوالہ ہم نے فلک النجاۃ مولفہ "مولانا امیر الدین" سے نقل کیا ہے۔

انسان العیون کی عبارت | قال محی الدین ابن عربی ان الفتح فی لام ارجلکم لا یخص جانب المسح فان ھذا الواو قد تکون واو المعیۃ تنصب تقول قام زید وعمراً

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

ترجمہ :- امام اہل سنت ابن عربی فرماتے ہیں آیت وضو میں ارجلکم کی لام پر زیر پڑھنا اسکو حکم مسح سے خارج نہیں کرتا کیونکہ اس پر جو واو داخل ہے یہ کبھی واو معیت ہوتی ہے اور نصب دیتی ہے جیسے قام زیدٌ وعمراً

رضی شرح کافیہ کی عبارت	بحث علت تعدد حرکات فاذا عطف علی المجرور فالحمل علی الجر الظاہر اولیٰ من الحمل علی النصب المقدر وقد

یحمل علی المحل کما فی قولہ وامسحوا برؤسکم وارجلکم بالنصب ،

ترجمہ :- جب کسی مجرور پر عطف کیا جائے تو جر ظاہر پر عطف کرنا بہتر ہے جیسے اس آیت میں امسحوا برؤسکم وارجلکم میں ارجلکم کا عطف ہے برؤسکم کے محل پر یعنی ارجلکم کی لام پر نصب اس لئے پڑھا گیا ہے کہ اس کا عطف رؤسکم کے محل پر ہے اور وہ محلاً منصوب ہے ،

نوٹ :- اس مطلب کو شارح رضی نے صـ ۲۷۳/۲ بحث لازم و متعدی میں بھی لکھا ہے ، نیز اسی مطلب صـ ۲۱۹/۲ بحث حرف جر میں بھی ذکر فرمایا ہے ارباب انصاف پیش کردہ حوالہ جات اس بات کا ٹھوس ثبوت ہیں کہ قرآن پاک کی آیت وضو میں اگر ارجلکم کی لام پر زیر بھی پڑھی جاتی تو بھی اسکا عطف رؤسکم کے محلی اعراب پر اور یہ مفعول ہیں امسحوا کے اور دونوں پر مسح کرنا واجب ہے ۔

منصوب بنزع الخافض	بعض دفعہ کوئی لفظ حقیقت میں مجرور ہوتا ہے مگر حرف جار کو اس لفظ سے گرا دیا جاتا ہے اور اس لفظ کو پھر منصوب

پڑھا جاتا ، اسکو منصوب بنزع الخافض کہتے ہیں ، آیت وضو میں وارجلکم اصل میں وبارجلکم ہے باجارہ کو گرا دیا گیا اور ارجلکم کو منصوب پڑھا گیا ہے اس قول کی بنا پر بھی آیت وضو میں پاؤں پر مسح کرنا ثابت ہوتا ہے

اہل سنت دوست جو کچھ فرماتے ہیں وہ بھی ملاحظہ ہو

بیانہ :- اگر آیت وضو میں ارجلکم کی لام پر جر پڑھا جائے تو قوم معاویہ کا عقیدہ یہ ہے کہ ارجل کی لام پر زیر اس لئے آئی کہ یہ لفظ چونکہ رؤسکم کا ہمسایہ ہے اور رؤسکم پر جر ہے اور ارجلکم پر ایک مجرور کے ہمسایہ ہونے کی وجہ سے جر پڑھی گئی ہے ، اور حقیقت میں یہ معمول ہے اغسلوا کا اور جو اس فعل کا معمول بنے گا اسکا دھونا ضروری ہے ۔ ارباب انصاف ہمارے اہل سنت دوستوں کا یہ نظریہ غلط ہے ۔ اور جوار کے نظریہ کو خود علماء اہل سنت نے غلط قرار دیا ہے ، اور اب ہم علماء اہل سنت کی کتب سے حوالہ جات پیش کرکے اہل اسلام کو دعوت انصاف دیتے ہیں ۔

علماء اہل سنت کی گواہی کہ جر الجوار باطل ہے

۱- اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر کبیر صـ ۳۷۰/۳ آیت وضو
۲- اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر جامع البیان صـ ۱۵۹/۱ آیت وضو
۳- اہل سنت کی معتبر کتاب فتح البیان صـ ۳۶/۳ آیت وضو از فلک
۴- اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر خازن صـ آیت وضو
۵- اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر اتقان صـ ۱۸۲/۱ نوع ۴۱
۶- اہل سنت کی معتبر کتاب الکبیری شرح منیۃ المصلی صـ ۱۵ از فلک صـ ۴۲
۷- اہل سنت کی معتبر کتاب المتن المتین صـ ۱۶۳ از فلک صـ ۴۳
۸- اہل سنت کی معتبر کتاب شرح ماۃ عامل لعبد الرسول صـ ۱۱ از فلک
۹- اہل سنت کی معتبر کتاب ، شرح ہدایہ لابن ہمام ذکر وضو ۔

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۱۰۔ اہل سنت کی معتبر کتاب روضۃ الندیہ شرح درر البہیہ ، صـ ۲۷ ،

تفسیر کبیر کی عبارت | فان قیل لم لا یجوز ان یقال ھذا کسر علی الجوار قلنا ھذا باطل من وجوہ الاول ان الکسر علی الجوار معدود

فی اللحن الذی یتحمل لاجل الضرورۃ فی الشعر وکلام اللہ یجب تنزیہہ عنہ وثانیہا ان الکسر انما یصار الیہ حیث یحصل الامن من الالتباس کما فی قولہ جحر ضب خرب فی ھذہ الایہ الامن من الالتباس غیر حاصل وثالثہا ان الکسر بالجوار انما یکون بدون العطف

ترجمہ :۔ امام اہل سنت فخر الدین رازی فرماتے ہیں کہ اگر یہ کہا جائے کہ ارجلکم کی لام پر کسرہ جر جوار کی وجہ سے کیوں نہیں آسکتا تو ہم اسکا جواب یہ دیتے ہیں کہ یہ چند وجوہ سے باطل ہے ما۱ جر الجوار یعنی کسی لفظ پر حرف مجرور کے ہمسایہ ہونے کی وجہ سے جر پڑھنا غلطی میں شمار کیا جاتا ہے اور اسکو صرف وقت مجبوری شعروں میں برداشت کیا جاتا ہے اور کلام خدا کو غلطیوں سے پاک سمجھنا ضروری ہے۔

تفسیر جامع البیان کی عبارت | وظاہر الثانیۃ علی وجوب المسح فان جر الجوار وان کان بابًا فھو خلاف الظاہر

ترجمہ :۔ دوسری قراءت جر والی ظاہر ہے وجوب مسح پر کیونکہ جر الجوار اگرچہ وسیع باب ہے مگر وہ خلاف ظاہر ہے۔

الکبیری شرح منیہ کی عبارت | واما الجر بالجوار فلا یکون فی عطف النسق لان العاطف یمنع ، ترجمہ عطف نسق یعنی عطف با لحروف میں جر الجوار جائز نہیں ہے کیونکہ حرف عطف اسکو منع کرتا ہے

جامع متین کی عبارۃ | اختصار کی وجہ سے ترجمہ ملاحظہ ہو تحقیق یہ ہے کہ جر جوار نعت میں قلیل ہے اور تاکید میں نادر ہے اور عطف میں منع ہے اور خاص طور پر اس جگہ منع ہے جہاں اشتباہ ہو خصوصا جہاں خلاف مقصود کا تبادر ہو نوٹ اسی طرح شرح المائۃ لعبد الرسول میں ہے۔

جر جوار بلاغت وفصاحت کے منافی ہے

بیانہ :۔ اگر قرآن میں ارجلکم کے نیچے جر جوار کی وجہ سے پڑھی جائے اور اسکا تعلق ہو اغسلوا کے ساتھ تو اس صورت میں خلاف مقصود لازم آتا ہے اور کلام میں تعقید پیدا ہو جاتی ہے ۔ مختصر المعانی صـ ۱۹ میں تعقید کی یہ تعریف لکھی ہے کہ معنی مراد پر کلام ظاہر الدلالۃ ہو ۔ آیت وضو میں جو معنی شیعہ مذہب والے کرتے ہیں اس معنی پر آیت کی دلالت بالکل واضح ہے اور جس طرح اہل سنت دوست معنی کرتے ہیں اس معنی میں تعقید ہے اور جس کلام میں تعقید ہو وہ فصیح نہیں ہے ۔ پس لازم آیا کہ اہل سنت کے معنی کی روشنی میں قرآن معاذاللہ بلاغت سے خالی ہے اور اگر ارجلکم کی لام پر زبر پڑھی جائے اور اسکو معمول بنایا جائے اغسلوا کا تو بھی درست نہیں ہے کیونکہ عامل اور معمول میں جملہ اجنبیہ کا فاصلہ لازم آتا ہے نیز تعقید بھی پیدا ہو جاتی ہے جسے بلاغت قرآن پاک ختم ہو جاتی ہے ۔ نوٹ ۔ ارباب انصاف ان جاہل ملاؤں کی ضد کی آپ داد دیں کہ بلاغت قرآن رہے یا نہ انہوں تو بدعات عمر کو زندہ رکھنا ہے ہاں وضو عمری نے مجبور کیا تھا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

جبرئیل کا وضو میں پاؤں کا مسح کرنا اور قاضی

حلب کے پیٹ میں مروڑ اٹھنا

اہل سنت کی معتبر کتاب انسان العیون ص۲۳۸ ج۱ ذکر وضو نبیؐ ان جبریل اول ما جاء بالوحی توضأ فغسل وجهه ویدیه الی المرفقین ومسح رأسه ورجلیه الی الکعبین۔

ترجمہ:- جبریل پہلی وحی میں جو لایا تھا یہ ہے کہ جبریل نے نبیؐ پاک کے سامنے وضو کیا پس اپنے چہرے اور منہ کو دھویا اور دونوں ہاتھوں کو کہنیوں سمیت دھویا اور اپنے سر اور اپنے پاؤں کا مسح کیا

نوٹ:- ارباب انصاف کتب اسلامی سے پاؤں کے مسح کی بابت حوالہ جات آپکے سامنے پیش کر دیئے ہیں کہ جبریل نے بھی وضو کرتے وقت پاؤں کو دھونے کے بجائے انکا مسح کیا نبیؐ پاک نے بھی وضو میں پاؤں کا مسح کیا۔ امیر المومنین علیؑ ابن ابی طالب نے بھی وضو میں پاؤں کا مسح کیا صحابہ کرام بھی مسح کرتے تھے قرآن پاک میں بھی مسح کا حکم آیا ہے پس شیعہ لوگ حکم مسح میں خدا اور رسول کی اطاعت کرتے ہیں اور معاویہ خیل پاؤں دھونے میں امیر عمر اور حجاج بن یوسف کی پیروی کرتے ہیں:

اور بعض جھوٹی حدیثیں بنو مروان نے وضو میں پاؤں دھونے کی بابت بنوائی ہیں اور وہ غلط ہیں کیونکہ وہ قرآن پاک کے مخالف ہیں۔

قوم معاویہ خیل بھی عجیب قوم ہے جب نبی پاک نے خود حدیث لکھ کر دینے کی خاطر قلم دوات مانگی تو انکے امیر عمر نے نبی کریمؐ کی نافرمانی کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں قرآن کافی ہے اور جب شیعہ قرآن پیش کریں تو یہ لوگ حدیث عمر کی طرف رجوع کرتے ہیں

وضو میں پاؤں دھونے کی روایات قرآن پاک کے مخالف ہیں

بیانہ:- قوم معاویہ کو دعوت فکر ہے کہ تمہارے امیر عمر صاحب نے نبی کریمؐ کے سامنے یہ گستاخی کی تھی کہ نبی کریمؐ کی تحریر لکھنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے ہمارے لئے قرآن کافی ہے لیکن فاروقی حضرات اپنے فاروق کے دعوے پر قائم رہیں اور قرآن پاک کے فیصلہ کو تسلیم کر لیں کہ وضو میں پاؤں کے بارے حکم خدا یہ ہے کہ ان پر مسح کیا جائے اور یہ حضرت عمر کی بدعات سے ہے کہ انکو دھویا جائے اور جتنی حدیثیں بنو مروان کی حدیث ساز فیکٹری میں پاؤں دھونے کی بابت بنائی گئی ہیں وہ چونکہ قرآن کے مخالف ہیں۔ انکو دفن کر دیں حکم قرآن قوم معاویہ کے اجماع سے نسخ نہیں ہو سکتا تسلی کے لئے تفسیر کبیر ص۳۷ ج۳ آیت وضو ملاحظہ فرمادیں اور تفسیر خازن ص۴۳ ج۱ کی آیت ما ننسخ من آیۃ ملاحظہ کریں۔ اور شیعوں کی اصول کافی ص۹۹ ج۱ باب الاخذ بالسنۃ وشواہد الکتاب میں لکھا ہے کہ ما وافق کتاب اللہ فخذوہ وما خالف فدعوہ اسکو ترک کریں پس اگر بالغرض کوئی حدیث وضو میں پاؤں دھونے کی بابت کتب شیعہ میں بھی آئی ہے تو وہ چونکہ قرآن پاک کے مخالف ہے اسکی تاویل ہوگی [illegible] عمل کریں گے وہ زخرف ہے شیعوں کے تمام امام وضو میں پاؤں پر مسح کرتے تھے شیعوں کے تمام مجتہدین چودہ سو سال سے یہی فتوی دیتے رہے ہیں کہ وضو میں پاؤں پر مسح کرنا فرض ہے۔

ارباب انصاف وضو میں پاؤں کے مسح کو معمولی نہ سمجھیں کیونکہ وضو نماز کے صحیح ہونے کی شرط ہے اگر وضو غلط ہے تو نماز صحیح نہیں اور جب نماز صحیح نہیں ہے تو اسکا پڑھنا اور نہ پڑھنا برابر ہے خواہ ستر برس پڑھتا رہے۔

Presented by: Rana Jabir Abbas
jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

صحابہ کرام کی گواہی کہ قرآن پاک کی آیت وضوء میں پاؤں کے مسح کا حکم نازل ہوا ہے ،،

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر مظہری صفحہ ۳۵ آیت وضوء
۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر خازن صفحہ ۱۶ آیت وضوء
۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر ابن کثیر صفحہ ۲۵ آیت
۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر کبیر صفحہ ۳۷۰ آیت وضوء
۵۔ اہل سنت کی کتاب تفسیر طبری صفحہ ۸۲ المائدہ
۶۔ اہل سنت کی کتاب سنن بیہقی صفحہ ۷۲

تفسیر مظہری کی عبارت | عن انس بن مالک قال نزل القرآن بالمسح وهذا القول یدل علی ان ظاہر القرآن یدل علی المسح ۔

ترجمہ : انس بن مالک کہتا ہے کہ قرآن پاک وضو میں پاؤں کے مسح کا حکم لے کر نازل ہوا ہے ۔ اور قاضی ثناء اللہ کہتا ہے کہ یہ قول دلالت کرتا ہے کہ ظاہر قرآن کی مسح پر دلالت ہے

سنن بیہقی کی عبارت | عن ابن عباس قال ما اجد فی کتاب اللہ الا غسلتین ومسحتین ۔

ترجمہ :۔ ابن عباس فرماتے ہیں کہ قرآن پاک میں دو اعضاء کے دھونے اور دو اعضاء کے مسح کرنے کا ذکر ہے ۔

(نوٹ) ہمارے مذکورہ حوالہ جات گواہ ہیں کہ قرآن پاک میں مسح کا حکم نازل ہوا ہے پس ناممکن ہے کہ امام یا نبی اس حکم کی مخالفت کریں ۔

جوتوں پر مسح اور بدکاروں کے پیچھے نماز ناصبیت کی دو مایہ ناز نشانیاں

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب فتح الباری صفحہ ۳۰۹ باب مسح خفین
۲۔ اہل سنت کی معتبر اوجز المسالک شرح موطا صفحہ ۲۳۹ باب مسح خفین
۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب المرقات شرح مشکوٰۃ صفحہ ۴۷ باب مسح خفین
۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب صحیح مسلم کی شرح نووی صفحہ ۱۳۵ ذکر وضوء
۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب شرح فقہ اکبر صفحہ ۷۶

شرح فقہ اکبر کی عبارت | سئل ابو حنیفۃ عن مذہب اہل السنۃ والجماعۃ فقال ان تری المسح علی الخفین وتصلی خلف کل بر وفاجر

ترجمہ : اہل سنت کے امام اعظم ابو حنیفہ سے پوچھا گیا کہ اہل سنت والجماعۃ کا مذہب کیا ہے انہوں نے فرمایا کہ ابو بکر و عمر کو سب دنیا پر فضیلت دینا اور حضرت علی اور عثمان سے محبت رکھنا اور جوتوں پر مسح کرنا اور نماز جماعت ہر بدکار کے پیچھے پڑھنا (نوٹ) ارباب انصاف قوم معاویہ خیل نے دین خدا میں جتنی بدعات پیدا کی ہیں ان میں جوتوں پر مسح کرنا ایسے مذہب کی خاص نشانی ہے قرآن پاک میں رب تعالیٰ نے وضو میں پاؤں کے مسح کرنے کا حکم دیا ہے اس حکم کے سامنے امیر عمر کی پیروی کرتے ہوئے یہ لوگ یوں اکڑ گئے ہیں کہ ہم تو مسح نہیں کریں گے بلکہ دھوئیں گے اور پھر دھونے سے واپس پلٹے ہیں تو فرماتے ہیں کہ ہم تو جوتوں پر مسح کریں گے ، یہ لوگ عقل کے دشمن ہیں جب ایک فیصلہ انہوں نے کر لیا کہ ہم پاؤں کا مسح نہیں کرینگے ، حالانکہ وہ انسانی چہرہ ہے تو پھر اس،

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فیصلہ کا کوئی مطلب نہیں ہے کہ ہم جوتوں پر مسح کریں گے جوتا پاک بھی ہو سکتا ہے اور نجس بھی حلال گوشت حیوان کا بھی ہو سکتا ہے اور حرام گوشت کا بھی جوتے کا چمڑہ مُردار بھی ہو سکتا ہے اور غیر کا بھی۔

جوتوں پر مسح کے خلاف حضرت عائشہ اور صحابہ اور مالک کا احتجاج

فتح الباری کی عبارت | ان ابن عمر انکر المسح علی الخفین مع قدیم صحبته وکثرة روایته۔ ترجمہ: عبداللہ بن عمر جو صحابی تھا اور زیادہ روایات کے راوی بھی ہیں انہوں نے جوتوں پر مسح کے جواز کا انکار کیا ہے

(نوٹ) اوجز المسالک شرح موطا امام مالک میں لکھا ہے کہ امام مالک نے جوتوں پر مسح کا انکار کیا ہے، مرقات شرح مشکات میں لکھا ہے کہ حضرت عائشہ اور ابوہریرہ اور ابن عباس نے بھی جوتوں پر مسح کرنے کے جواز سے انکار کیا ہے۔ نووی شرح مسلم میں لکھا ہے کہ جوتوں پر مسح کے مسئلہ کی بابت بی بی عائشہ نے اپنی جہالت کا اعتراف کرتے ہوئے فرمایا کہ وہ بات علیؑ سے پوچھو۔

عائشہ کا اعلان کہ پاؤں کو استرے سے کٹا دینا جوتوں پر مسح سے مجھے زیادہ پسند ہے

مرقات کی عبارت | ان اقطع رجلی بالموسی احب الی من ان امسح علی الخفین محمد بن مہاجر بغداری بیان کرتا ہے کہ عائشہ نے کہا کہ میں اپنے پاؤں کو استرے سے کاٹ دوں یہ جوتے پر مسح کرنے سے مجھے زیادہ پسند ہے۔

(نوٹ) حضرت عائشہ کا یہ مذکورہ قول لکھنے کے بعد ملا علی قاری کے پیٹ میں نعمان کی حمایت میں مروڑ اٹھے ہیں مگر ہم کیا کریں ہم نے تو یہ دیکھنا ہے کہ ان اسلام کے ٹھیکیداروں نے دین خدا کو چوں چوں اور افواہ کا مربہ بنا دیا ہے ان میں کوئی تو کہتا

ہے کہ جوتوں پر مسح افضل ہے اور پاؤں پر مسح بدعت ہے کوئی کہتا ہے کہ جوتوں پر مسح نہ کرے سے کفر کا خطرہ ہے، لاحول ولا قوۃ پاؤں پر مسح نہ کرنے سے یہ کافر نہیں ہوتے جوتوں پر مسح نہ کرنے سے یہ کافر ہو جاتے ہیں، اوجز المسالک ملاحظہ ہو تاکہ آپکو معلوم ہو کہ اہل سنت نے دین خدا کا کس طرح قیمہ بنایا ہے

گردن کا مسح کرنا ناصبیوں کے وضو میں ایک اور بدعت ہے

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب فتح القدیر شرح ہدایہ ص ۳۱/ج ۱ وضوء
۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب اوجز المسالک شرح موطا امام مالک ص ۴۲/ج ۱
۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب فتاوی قاضی خان ص ۱۶/ج ۱ ذکر وضوء
۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب نیل الاوطار ص ۱۹۳/ج ۱ ذکر وضوء
۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب میزان الکبریٰ ص ۲۲۸
۶۔ اہل سنت کی معتبر کتاب رحمۃ الامۃ فی اختلاف الائمۃ ص ۱۸

فتح القدیر کی عبارت | وقیل مسح الرقبة ایضاً بدعة ، ترجمہ: قوم معاویہ کا یہ بھی فتویٰ ہے کہ وضو میں گردن کا مسح کرنا بدعت ہے۔

اوجز المسالک کی عبارت | عدم ثبوت حدیث منه فکان بدعة ، ترجمہ: چونکہ گردن کے مسح کی بابت حدیث نہیں ہے، اس لئے گردن کا مسح بدعت ہے۔

فتاوی قاضی خان کی عبارت | اما مسح الرقبة فلیس بأدب ولا سنة ترجمہ: وضو میں گردن کا مسح کرنا نہ ادب ہے اور نہ ہی سنت

نیل الاوطار کی عبارت | مسح الرقبة لیس هو سنة بل بدعة ، ترجمہ: وضو میں گردن کا مسح سنت نہیں ہے بلکہ بدعت ہے۔

(نوٹ) ارباب انصاف ہم نے دیانت داری سے تحقیق کی ہے کہ قوم معاویہ کے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وضو میں تین بدعات ہیں (۱) وضو میں پاؤں دھونا (۲) جوتوں پر مسح کرنا (۳) گردن کا مسح کرنا، اور ان بدعات کی وجہ سے انکا وضو باطل ہے اور جب وضو باطل ہے تو انکی نماز باطل ہے بے شک قوم معاویہ کی یہ شان ہوئی عمر پڑھے نہیں وھیلے تے کروی اے میلہ میلہ

دیوبندی اماموں کا مس ذکر کے بارے سخت جھگڑا

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب کنز الدقائق ص ۸ نواقض وضو
۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب شرح وقایہ ص ۳۰ نواقض وضو
۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب کشف الغمہ ص ۱۵ نواقض
۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب رحمۃ الامۃ فی اختلاف الائمہ ص ۱۲
۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب میزان الکبریٰ ص ۱۱۸ نواقض
۶۔ اہل سنت کی معتبر کتاب الفقہ علی مذاہب الاربعۃ ص ۶۸/۱
۷۔ اہل سنت کی معتبر کتاب

الفقہ علی مذاہب الاربعۃ کی عبارت | الحنفیۃ قالوا ان مس الذکر لا ینقض الوضوء والمالکیۃ والشافعیۃ والحنابلۃ قالوا ینقض الوضوء لمس الذکر۔

ترجمہ:۔ امام اہل سنت ابوحنیفہ فرماتے ہیں کہ وضو کرنے کے بعد اگر کوئی شخص اپنے عضو تناسل کو ہاتھ لگائے گا تو اس کا وضو نہیں ٹوٹتا اور اہل سنت کے باقی تین امام احمد، مالک، شافعی فرماتے ہیں کہ وضو ٹوٹ جاتا ہے۔

(نوٹ) / ارباب انصاف یہ جھگڑا ابھی تک اہل سنت میں جاری ہے کہ عضو تناسل کو ہاتھ لگانے سے وضو ٹوٹتا ہے یا نہیں۔ تعجب اور حیرت کا مقام ہے کہ بیچارا عضو تناسل گوشت کا ایک ٹکڑا ہے اور آدمی اس کو نماز کی حالت میں اپنے پاس سے جدا نہیں کر سکتا اور وہ نجس بھی نہیں ہے۔ اُسکے چھونے سے وضو کس طرح ٹوٹ جاتا ہے جو مُلاں ابھی تک اس قسم کے

مسائل میں الجھے ہوئے ہیں وہ بیچارے پاکستان میں اسلام کس طرح نافذ کریں گے

مسئلہ تیمم میں امیر عمر کا قرآن پاک کی مخالفت کرنا

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب صحیح بخاری ص ۴۸/۱ ب اذا خاف الجنب
۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب صحیح مسلم ص ۱/۱ ذکر تیمم

صحیح مسلم کی عبارت | ان رجلا اتی عمر فقال انی اجنبت فلم اجد ماء فقال لا تصل الخ
ایک مرد عمر کے پاس آیا اور مسئلہ پوچھا کہ میں جنب ہو گیا ہوں اور میرے پاس پانی بھی نہیں ہے امیر عمر نے کہا کہ تو نماز نہ پڑھ حضرت عمار نے عمر کو ایک واقعہ یاد دلایا کہ جس میں تیمم کا ذکر تھا امیر عمر نے عمار کو کہا کہ خدا سے ڈر، عمار نے کہا اگر یہی منشا ہے تو میں حدیث نہیں بیان کروں گا۔

بخاری شریف کی عبارت | قال الم تر عمر لم یقنع بقول عمار الخ کسی نے عبداللہ صحابی سے مذکورہ مسئلہ پوچھا تو اس نے بھی امیر عمر والا جواب دیا کہ لا تصل تو جناب ابو موسیٰ صحابی نے اسکو عمار والا واقعہ یاد دلایا تو عبداللہ نے کہا کہ امیر عمر نے عمار کی بات پر قناعت نہیں کی تھی۔

(نوٹ) ارباب انصاف دیوبندی اسلام کے سرپرستوں کی قرآن پاک سے بغاوت اپنے ملاحظہ فرمائی کہ قرآن پاک میں صاف لکھا ہے کہ اگر پانی استعمال نہ کیا جا سکے تو تیمم کر لو اور نماز پڑھو اور عمر کہتا ہے کہ پانی نہ ملے تو نماز چھوڑ دو چونکہ امیر عمر قرآن پاک کا مخالف ہے اسی لئے ہم شیعہ امیر عمر کے مخالف ہیں اور محدث دہلی پر تعجب ہے کہ اس نے اپنے تحفہ اثنا عشریہ باب ۱۰ ص ۱۳۹ میں شیعوں پر یہ اعتراض کیا ہے کہ انہوں نے تیمم کی ایک ضربۃ مقرر کی ہے اور اسکا جواب یہ ہے کہ بخاری شریف ص ۴۸ میں باب التیمم ضربۃ صاف لکھا ہے نیز شیعوں نے ایک ضربت ہی مقرر کی ہے مگر تیمم کا انکار تو نہیں کیا اور کیا کہنا دھوکے کے امیر عمر کا کہ اس نے تو تیمم کا ہی انکار کر دیا۔

۶ پڑھے نہیں وھیلے نے کروی اے میلہ میلہ۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

فقہ دیوبند میں نجس کپڑوں میں نماز پڑھنا جائز ہے۔

۱	اہل سنت کی معتبر کتاب	کشف الغمہ ص۵ بیان احداث
۲	اہل سنت کی معتبر کتاب	رحمۃ الأمۃ فی اختلاف الائمۃ ص۱
۳	اہل سنت کی معتبر کتاب	مسوی شرح موطا منقول از تحفہ اثناعشریہ ص۱۳۲

کشف الغمہ کی عبارت | وکانت الصحابہ یصلون وجروحھم تثعب دمًا لما طعن عمر بن الخطاب کان یصلی وجرحہ یثعب دمًا

توجمہ : صحابہ کرام اس حال میں نماز پڑھتے تھے کہ خون ان کے زخموں سے جاری ہوتا تھا۔ جب عمر کو چھرا لگا تو وہ بھی نماز پڑھتا تھا اور زخم سے خون جاری رہتا تھا

فقہ دیوبند میں ننگے ہو کر نماز پڑھنا جائز ہے

۱	اہل سنت کی معتبر کتاب	رحمۃ الأمۃ فی اختلاف الأئمۃ ص۲۵ ص۳۵
۲	اہل سنت کی معتبر کتاب	میزان الکبریٰ ص۲۷ باب صفۃ الصلوۃ
۳	اہل سنت کی معتبر کتاب	متفق ومفترق منقول از تحفہ ص۱۵۹

میزان الکبریٰ کی عبارت | فان صلی مکشوف العورۃ عامداً اعصی وسقط عنہ الفرض اگر کوئی ننگا ہو کر نماز پڑھے تو امام مالک امام اہل سنت فرماتے ہیں کہ وہ گناہ گار ہے۔ اور نماز صحیح ہے فرض ادا ہوگیا۔

نوٹ : رحمۃ الامہ میں لکھا ہے کہ مرد کا مقام شرم صرف مقام پیشاب اور پاخانہ ہے یعنی اقبل اور دُبر ہے ؛ ارباب انصاف صاحب تحفہ نے مذکورہ امور کو طعن بنا کر شیعوں پر تھوپا ہے مگر "۶" میں الزام اُن کو دیتا تھا قصور اپنا نکل آیا تفصیلات کے لئے تحفہ اثناعشریہ درجواب تحفہ اثناعشریہ جلد نمبر ۹ ملاحظہ ہو۔

دیوبند کی لوح محفوظ میں نماز میں ہاتھ کھولنے اور باندھنے کی بابت بھانت بھانت کے فتوے،

ارباب انصاف ہر شخص کو مرنا ہے اور خدا تعالیٰ کے حضور میں جواب دینا ہے ہم نے دیانت داری کے ساتھ اسلام کے ٹھیکہ دار اہل دیوبند کی کتابوں کو پڑھا ہے اور نماز میں ہاتھ کھولنے یا باندھنے کے مسئلہ پر خوب غور و فکر کی ہے اور انکے صحابہ اور علماء کے بھانت بھانت کے ارشادات کو ملاحظہ کیا ہے ہم اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ مسئلہ مذکورہ میں انکے سخت اختلاف کے باعث معلوم ہوتا ہے کسی بزرگ نے گویا نبی کریم کو کبھی نماز پڑھتے ہوئے دیکھا ہی نہیں تھا اور انکی تسلی کے لئے مسئلہ مذکورہ میں انکے شدید اختلافات کا نمونہ پیش کر کے ہم عالم اسلام کو دعوت انصاف دیتے ہیں۔

امام مالک کا فتویٰ کہ نماز ہاتھ کھول کر پڑھی جائے

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب الھدایہ ص۱۰۳ مولف ابوبکر المرغینانی
۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب فتح القدیر للعاجز الفقیر ص۲۴۹ لابن ہمام
۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب الکفایہ شرح ھدایہ ص۲۵ لجلال الدین
۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب العنایہ شرح ہدایہ ص۲۵ محمد بن محمود
۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب شرح وقایہ ص۸۴ کتاب الصلوٰۃ
۶۔ اہل سنت کی معتبر کتاب کنز الدقائق ص۲۱ حاشیہ ۲

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۷۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تنویر العینین ص۳۷ مؤلف محمد اسمٰعیل شہید
۸۔ اہل سنت کی معتبر کتاب مجموعۃ الفتاوٰی ص۳۰ م عبدالحی
۹۔ اہل سنت کی معتبر کتاب صحیح مسلم کی شرح نووی ص۱۷۳ ذکر صلوٰۃ
۱۰۔ اہل سنت کی معتبر کتاب فقہ علی مذاہب الاربعۃ ص۱۷۱ سنن نماز
۱۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب نیل الاوطار ص۲۰۸/۲ م محمد شوکانی
۱۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب موطا امام کی شرح زرقانی ص۳۲۱
۱۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب اوجز المسالک شرح موطا امام مالک ص۱۶۶/۳
۱۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب فتح الباری شرح بخاری ص۲۲۴/۲ م لابن حجر عسقلانی
۱۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب ارشاد الساری ص۴۵/۲ ذکر نماز
۱۶۔ اہل سنت کی معتبر کتاب عمدۃ القاری ص۱۵/۳ ذکر نماز
۱۷۔ اہل سنت کی معتبر کتاب الروضۃ الندیہ شرح درالبہیہ ص۹۸/۱
۱۸۔ اہل سنت کی معتبر کتاب اشعۃ اللمعات ص۳۵۸/۱ ذکر نماز
۱۹۔ اہل سنت کی معتبر کتاب میزان الکبریٰ ص۱۵۱ ذکر نماز
۲۰۔ اہل سنت کی معتبر کتاب رحمۃ الامۃ ص۳۴ ذکر نماز

فتح الباری کی عبارت	وروی ابن القاسم عن مالک الارسال وصار الیہ اکثر اصحابہ۔ ترجمہ: امام اہل سنت امام مالک سے ابن قاسم نے نماز

میں ہاتھ کھلے رکھنے کی روایت کی ہے اور اسی مسلک کی طرف ان کے اکثر اصحاب گئے ہیں

صحیح مسلم کی شرح نووی	والثانیۃ یرسلہما ولا یضع احدیہما علی الاخری وھذا روایۃ جمہور اصحابہ وھی الاشہر عندھم وھی

مذہب اللیث بن سعد۔ ترجمہ: امام اہل سنت امام مالک سے دوسری روایت یہ ہے کہ نمازی ہاتھ کھلے رکھے باندھے نہیں اور یہ مالک کے اصحاب میں زیادہ مشہور ہے

http://fb.com/ranajabirabbas

نوٹ: یہ کہاوت مشہور ہے کہ گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے حضرت امام مالک اہل سنت کا چوتھا امام ہے اور نماز میں ہاتھ کھلے رکھنے کا فتویٰ دے کر مالک نے ثابت کر دیا کہ نماز میں ہاتھ باندھنا غلط طریقہ ہے اور اہل سنت میں جتنی روایات ہیں ہاتھ باندھنے کی بابت وہ سب جھوٹ کا پلندہ ہے اگر ان میں رائی برابر بھی سچائی ہوتی تو امام مالک ان حدیثوں کو کیوں ٹھکراتے اور امام مالک میں یہ جرأت اس لیے پیدا ہوئی ہے کہ وہ مدینہ پاک کا باشندہ تھا اور اسی مدینہ میں بیٹھ کر نبی پاک نے تبلیغ فرمائی تھی لہٰذا اہل مدینہ بحکم رسول اللہ نماز ہاتھ کھول کر پڑھتے تھے کیونکہ انکے اباؤ اجداد نے نبی کریم کو ہاتھ کھول کر پڑھتے ہوئے دیکھا تھا پس امام مالک نے حکام وقت کی کوئی پرواہ نہ کی اور نماز میں ہاتھ کھلے رکھنے کا فتویٰ دے دیا آپ متوجہ رہیں کہ یہ کس طرح ہو سکتا تھا کہ نبی کریم کے شہر کے تمام لوگ ہاتھ باندھ کر نماز پڑھیں اور اُن کا امام جمعہ و جماعت ہاتھ کھول کر نماز پڑھے۔

العنایہ والکفایہ شرح ھدایۃ کی عبارت	وقال مالک یارسلہ یرسل ارسالاً۔ امام مالک کا فتویٰ ہے کہ نمازی

نماز میں ہاتھ کھلے رکھے اور فتح القدیر لعاجز الفقیر شرح ھدایۃ میں اور نیز خود ھدایہ شریف میں اور شرح وقایہ ص۸۴ میں بھی امام اہل سنت حضرت مالک کا یہ فتویٰ موجود ہے۔

رحمۃ الامۃ کی عبارت	فی روایۃ عن مالک وھی المشہورۃ انہ یرسل ارسالاً۔ محمد بن عبدالرحمٰن دمشقی عثمانی شافعی لکھتا ہے کہ امام اہل

سنت امام مالک سے یہ روایت مشہور ہے کہ وہ نماز میں ہاتھ کھلے رکھتے تھے۔ نوٹ: مالک کا فتویٰ ہاتھ باندھنے کی بابت تمام حدیثوں کو جھٹلا رہا ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

میزان الکبریٰ کی عبارت | معروف قول مالک فی اشہر روایۃ انہ یرسل ارسالاً عبد الوہاب انصاری شافعی مصری شعرانی نے بھی یہی لکھا کہ امام اہل ،

سنت حضرت مالک کا یہ فتویٰ مشہور ہے کہ نماز میں ہاتھ کھلے رکھے جائیں

تنویر العینین کی عبارت | واما مالک بن انس والمصریون من اصحابہ فرووعنہ الارسال فی الفرض والوضع فی النفل

وعبدالرحمٰن بن القاسم روی عنہ الارسال مطلقاً وروی اشہب عنہ اباحۃ الوضع وتلک الروایات ای روایۃ المصریون وابن القاسم عنہ وان عمل بہ المتاخرون من المالکیۃ رہا

ترجمہ :- اور امام مالک بن انس سے انکی مصری اصحاب نے نماز میں ہاتھ کھلے رکھنا روایت کیا ہے البتہ یہ فتویٰ انکا فرض نماز میں ہے اور عبدالرحمٰن بن قاسم نے مالک سے یہ روایت کی ہے کہ فرض اور سنت دونوں نمازوں میں ہاتھ کھلے رکھے اور اشہب نے مالک سے ہاتھ کھلے رکھنے کی اباحت نقل کی ہے اور انہیں روایات پر امام مالک کے اصحاب متاخرین نے عمل کیا ہے۔

نوٹ :- ایک ناصبی ملاں کرم دین نے امام مالک کے مذکورہ نظریہ سے انکار کرکے بے حیائی کی تمام حدیں توڑ دی ہیں اور مذکورہ عبارت میں شاہ اسماعیل نے امام مالک کے ساتھ انکی ولدیت کا ذکر فرما کر ملاں کرم دین کے منہ پر ایک طمانچہ رسید کیا ہے ملاں کرم دین کہتا ہے کہ وہ کوئی مالک بن عطیہ شیعہ تھا جو ارسال کا قائل تھا شاہ اسماعیل کہتا ہے کہ وہ کوئی مالک بن انس تھا جو اہل سنت کے ائمہ اربعہ میں سے تھا امام مالک بن انس کا فتویٰ نماز میں ہاتھ کھلے رکھنے کا اہل سنت کے لیے ناقابل انکار ہے۔

اوجز المسالک شرح موطا امام مالک | اختلف الروایات عن مالک والمرجح عند المالکیہ فی فروعہم الارسال قال مالک لا اعرف ذالک فی الفریضۃ

ترجمہ :- اختصار کے لیے عربی کم دی ہے شیخ الحدیث محمد زکریا فرماتے ہیں کہ نماز میں ہاتھوں کی بابت امام مالک سے روایات مختلف ہیں اور مالکیہ مذہب میں نماز میں ہاتھ کھلے رکھنا قول مرجح اور پسندیدہ ہے اور امام مالک فرض نماز میں ہاتھ باندھنا مکروہ سمجھتے تھے اور مختصر خلیل میں ہے کہ نماز میں ہاتھ کھلے رکھنا مستحب ہے اور شرح کبیر میں ہے کہ ہر نمازی کے لیے نماز میں ہاتھ کھلے رکھنا سنت ہے اور واجب نماز میں ہاتھ باندھنا مکروہ ہے۔

نوٹ :- ارباب انصاف ہم نے دیانت داری سے بیس عدد کتب اہل سنت کو پڑھا ہے ان میں امام مالک کا یہ فتویٰ لکھا ہے کہ نماز کھلے ہاتھوں سے پڑھی جائے اور اہل سنت بھائیوں کا اسی بات پر اجماع ہے کہ ہمارے چاروں اماموں کا ہر فتویٰ حق ہے پس ارسال یدین بھی حق ہے اور شیعہ مذہب والے بھی یہی کہتے ہیں کہ نماز کھلے ہاتھوں سے پڑھی جائے لہذا جب کوئی شیعہ کھلے ہاتھوں سے نماز پڑھتا ہے تو اہل سنت کے تنگ دل افراد اور بعض ملاں اس شیعہ نمازی کو کالی بھینس کی طرح دیکھتے ہیں، اور یہ چیز انکی اپنے مذہب سے جہالت کا ایک ٹھوس ثبوت ہے ارباب انصاف حضرت امام مالک امام اہل سنت ہر فیصلہ بڑی سوچ و بچار اور غور و فکر کے بعد فرماتے تھے، تنویر الحوالک شرح موطا امام مالک میں لکھا ہے کہ ماں کے پیٹ سے باہر آنے کا فیصلہ امام مالک نے تین سال غور کرنے کے بعد فرمایا تھا اسی طرح نماز میں ہاتھ کھلے رکھنے کا فیصلہ بھی امام مالک نے غور و فکر کے بعد فرمایا تھا، اور اس فیصلہ نے ہاتھ باندھنے کی بابت اہل سنت کی تمام حدیثوں کو جھٹلا دیا ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امام مالک نماز میں ہاتھ کیوں نہیں باندھتے تھے؟ اہل اسلام کو

دعوت فکر

کتاب اہل سنت تحفہ اثنا عشریہ صفحہ ۲۵۶ باب گیارہ میں صاف لکھا ہے کہ امام مالک خود از یاران خاص حضرت صادقؑ بود وطول عمر با وے صحبت داشت و اخذ علم نمود واز شاگردان عمدہ اوست بالاجماع۔

ترجمہ :۔ امام اہل سنت امام مالک شیعوں کے امام جعفرؑ صادق کے دوستوں میں سے تھا اور تمام زندگی انکی صحبت میں رہا اور ان سے علم حاصل کیا اور اس بات پر اجماع ہے کہ امام مالک امام جعفرؑ صادق کے خاص شاگردوں میں سے تھا، نیز کتاب اہل سنت تحفہ اثنا عشریہ صفحہ ۱۳۰ باب ۴ میں لکھا ہے کہ حدیث ثقلین وہ حدیث ہے جو اہل سنت اور شیعہ دونوں کے ہاں بالاتفاق ثابت ہے اور وہ حدیث یہ ہے کتاب اللہ وعترتی اہل بیتی، کہ نبی پاک نے فرمایا کہ میں امت کی ہدایت کے لئے قرآن پاک اور اپنی عترت چھوڑ کر جا رہا ہوں پس جس مذہب کا عقیدہ اور عمل قرآن وعترت کے مخالف ہوگا وہ باطل اور جھوٹا ہے ارباب انصاف ہر شخص کو مرنا ہے اور خدا کو جواب دینا ہے کیا نماز میں ہاتھ باندھنا قرآن اور عترت کے فرمان کے مطابق ہے بالکل نہیں۔ نہ ہی قرآن میں لکھا ہے کہ نماز ہاتھ باندھ کر پڑھیں اور نہ ہی عترت رسول اللہ کا یہ حکم ہے عترت رسول کے عمل کی ترجمانی کے لئے شیعوں کی اور اہل سنت کی کتب گواہ ہیں کہ ائمہ اہل بیت رسول نماز ہاتھ کھول کر پڑھتے تھے اسی لئے امام اہل سنت امام مالک چونکہ مدینہ میں رہے اور اہل مدینہ اور عترت رسول کا عمل انکے سامنے تھا پس انہوں نے اہل اسلام کو یہ حکم دیا کہ نماز میں ہاتھ باندھنا مکروہ ہے نماز کھلے ہاتھوں سے پڑھی جائے

سچ جو ہاتھ باندھ کر نماز پڑھتا ہے وہ قرآن وعترت رسول کی مخالفت کرتا

جناب رسول اللہ اور عترت رسول نماز ہاتھ کھول کر پڑھتے تھے

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب صحیح بخاری صفحہ ۱۰۵ باب حمل الجاریہ در نماز
۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب صحیح مسلم کی شرح نووی صفحہ ۲۰۵
۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب فتاوی عبدالحی صفحہ ۳۰۱
۴۔ اہل سنت معتبر کتاب العینی شرح کنز الدقائق صفحہ ۲۵ نول کشور از فلک النجات
۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب طبرانی شریف از فتاوی عبدالحی
۶۔ اہل سنت کی معتبر کتاب عوارف المعارف شیخ شہید سہروردی برحاشیہ احیاء العلوم
۷۔ اہل سنت کی معتبر کتاب نیل الاوطار صفحہ ۲۰۶
۸۔ اہل سنت کی معتبر تسہیل القاری شرح بخاری صفحہ ۸۴۰ لوحید الزمان

صحیح بخاری کی عبارت: ان رسول کان یصلی وھو حامل امامۃ بنت زینب فاذا سجد وضعھا واذا قام حملھا

ترجمہ :۔ ابوقتادہ انصاری کہتا ہے۔ کہ نبی پاک ایک دن نماز پڑھ رہے تھے اور آنجناب نے امامہ بنت زینب کو اٹھایا ہوا تھا جب سجدہ میں جاتے تھے تو اس کو بٹھا دیتے تھے اور کھڑے ہوتے تھے تو اس کو اٹھا لیتے تھے

صحیح مسلم کی عبارت: قال رأیت رسول اللہ یؤم الناس وامامۃ بنت ابی العاص علی عاتقہ فاذا رکع وضعھا واذا رفع من السجود اعاد

ترجمہ :۔ ابوقتادہ صحابی کہتا ہے کہ میں نے ایک دن نبی پاک کو نماز جماعت پڑھاتے دیکھا اور ان کی گردن پر ابوالعاص کی بیٹی امامہ بیٹھی تھی جب حضورؐ رکوع میں جاتے تھے تو اس کو بٹھا دیتے تھے اور جب کھڑے ہوتے تھے تو اس کو اٹھا لیتے تھے۔ نوٹ :۔ ارباب انصاف مذکورہ حدیث پر آپ پوری توجہ سے غور کریں اور حالت

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قیام میں بچہ کو اٹھا کر تجربہ بھی کریں کہ آیا ممکن ہے کہ آدمی حالت قیام میں ہاتھ بھی سینہ یا ناف پر باندھ کر کھڑا ہو اور بچہ کو بھی اٹھایا ہوا ہو نبندھے ہوئے ہاتھ سے قیام میں بچہ کو اٹھائے رکھنا دشوار ہے بخاری اور مسلم کی یہ دونوں حدیثیں اس امر کا ٹھوس ثبوت ہے کہ نبیؐ پاک نماز میں ہاتھ کھلے رکھتے تھے اور یہ کہنا کہ نبیؐ پاک کبھی ہاتھوں کو نماز میں کبھی کھلے رکھتے تھے اور کبھی باندھ لیتے تھے تو اس سے بھی یہی ثابت ہوا کہ نبی کریم نماز میں ہاتھ کھلے رکھتے تھے۔ یہ دونوں حدیثیں قوم معاویہ کی عقل کا جنازہ نکال رہی ہیں اور فقہ دیوبند کو چار چاند لگا رہی ہیں اور جو احادیث بنوامیہ کی فیکٹری میں نماز میں ہاتھ باندھنے کی بابت بنائی گئی ہیں مذکورہ دونوں حدیثیں اُن کو جھٹلا رہی ہیں۔

فتاویٰ عبدالحق کی عبارت | طبرانی نے معاذ سے روایت کی ہے اِنَّ رسول اللہ کان اذا قام فی الصلوٰۃ رفع یدیہ قبال اُذُنَیۃ فاذا کبر ارسلھا۔ کہ نبیؐ پاک جب نماز کے لئے کھڑے ہوتے تھے تو اپنے دونوں ہاتھوں کو کانوں کے برابر بلند کرتے تھے اور جب تکبیر کہتے تھے تو دونوں کو چھوڑ دیتے تھے۔

العینی شرح کنزالدقائق کی عبارت | قال مالک العزیمۃ فی الارسال لان النبیؐ کان یفعل کذالک وکذا اصحابہ حتی تنزل الدم من رؤس اصابعھم

ترجمہ:۔ امام مالک فرماتے ہیں کہ عزیمت ہاتھ کھول دینے میں ہے کیونکہ نبی کریم اور اُن کے اصحاب اس حد تک ارسال کرتے تھے کہ اُن کی انگلیوں کے سروں سے خون اُتر آتا تھا۔

عوارف المعارف کی عبارت | جن بزرگوں کے جذبات عالیہ کا پلہ بھاری ہو ان کو ہاتھ باندھنے کی ضرورت نہیں ہے ولھذا کان النبی یرسل یدیہ فی الصلوٰۃ۔ ترجمہ: اس لئے نبیؐ پاک نماز میں دونوں ہاتھ چھوڑ دیتے تھے۔ (نوٹ) یہ شہادت بھی امام اہل سنت کی ہے کہ نبی کریم ہاتھ چھوڑ کر پڑھتے تھے اس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے۔

نیل الاوطار کی عبارت | وروی ابن المنذر عن ابن زبیر انہ یرسلھما و نقلہ المہدی فی البحر عن القاسمیۃ والناصریۃ والباقرؑ ونقلہ ابن قاسم عن مالک۔ ترجمہ: ابن منذر نے ابن زبیر وغیرہ سے روایت کی ہے کہ وہ نماز میں ہاتھ کھلے رکھتا تھا اور مہدی نے بحر میں قاسمیہ اور ناصریہ اور امام محمد باقرؑ سے نماز میں ہاتھ کھلے رکھنا نقل کیا ہے۔

تسہیل القاری کی عبارت | اگر نماز میں ہاتھ باندھنا واجب ہوتا تو اہل بیتؑ کرام اسکو ترک کیوں کرتے ... پھر لکھا ہے بالجملہ امام مالک اور امام محمد باقرؑ سے ارسال منقول ہے یہ دونوں امام ہاتھ کھول کر نماز پڑھتے تھے

حضرت عائشہ کی گواہی کہ نبی پاک کھلے ہاتھوں نماز پڑھتے تھے

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب مشکوٰۃ شریف ص ۹۲ باب فیما لایجوز فیہا
۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب سنن ابی داود ص ۲۳۳ باب العمل فی الصلوٰۃ
۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب کشف الغمہ ص ۹۳ باب آداب الصلوٰۃ

مشکوٰۃ شریف کی عبارت | عن عائشۃ قالت کان رسول اللہ یصلی والباب مُغلقٌ فجئتُ فاستفتحتُ فمشی ففتح لی ثم رجع الی مصلاہ

ترجمہ: حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ نبی پاک نماز پڑھ رہے تھے اور دروازہ بند تھا اور میں آئی میں نے دروازہ پر دستک

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دی تو نبی پاک ﷺ نے دروازہ کھولا اور پھر اپنی جائے نماز پر چلے گئے۔

(نوٹ) ارباب انصاف معلوم ہوا کہ نبی کریم کھلے ہوئے ہاتھوں سے نماز پڑھتے تھے کیونکہ بندھے ہوئے ہاتھوں سے در کھولنا مشکل ہے۔

اگر تسلی نہیں ہوئی تو بی بی عائشہ کا اور بیان سنیں

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب بحر الزخار الجامع لمذاہب علماء الامصار صفحہ ۲۴۰ جلد ۱ مولف احمد بن یحیی بن المرتضی المتوفی ۸۴۰ھ باب ارکان الصلوٰۃ عن عائشہ قالت کان رسول اللہ یرفع یدیہ قبل النطق بالتکبیر و اذا افتتح ثم یرسلھا ویقول اللہ اکبر جناب عائشہ فرماتی ہیں کہ نبی کریم تکبیر پڑھنے سے پہلے ہاتھ بلند فرماتے تھے پھر دونوں ہاتھوں کو شیعوں کی طرح کھول دیتے تھے، اور چھوڑ دیتے تھے اور اللہ اکبر ہاتھ کھولنے کے بعد کہتے تھے۔

(نوٹ) ارباب انصاف آپنے پڑھ لیا کہ بقول عائشہ نبی کریم بندھے ہوئے ہاتھوں سے صرف اللہ اکبر کہنا بھی گوارہ نہیں فرماتے تھے۔ اور اللہ اکبر نماز کی سب سے بڑی جز ہے نماز سے باہر نہیں اب ہم قوم معاویہ خیل کو دیانت و انصاف کا واسطہ دے کر سوال کرتے ہیں کہ نبی کریم کا حالت نماز میں امامہ ناتحا بچی کو حالت قیام میں اٹھائے رکھنا بی بی عائشہ کی تشریف آوری کے بعد در کھولنا کیا اس امر کا ٹھوس ثبوت نہیں ہے؟ کہ رسول خدا کھلے ہوئے ہاتھوں سے نماز پڑھتے تھے کیا بی بی عائشہ جھوٹ بولتی ہے کہ نبی کریم تکبیر کھلے ہوئے ہاتھوں سے کہتے تھے، کیا تکبیر نماز کی جز نہیں ہے۔

میں الزام انکو دیتا تھا قصور اپنا نکل آیا

اگر تسلی نہیں ہوئی تو نماز میں نبی کریم کے ہاتھ کھلے رکھنے کا صحابہ کرام کی زبانی اور ثبوت ملاحظہ ہو

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تلخیص الحبیر فی تخریج احادیث الرافعی الکبیر مولف احمد بن حجر عسقلانی ص ۲۲۴ کتاب الصلوٰۃ

۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب ہدایہ شریف ص ۱۰۲ حاشیہ نمبر ۲۰

تلخیص کی عبارت | من حدیث معاذ ان رسول اللہ کان اذا کان فی الصلوٰۃ رفع یدیہ قبال اذنیہ فاذا کبر ارسلھما

ترجمہ:۔ حضرت معاذ صحابی کی حدیث ہے کہ نبی کریم جب نماز میں کھڑے ہوتے تھے تو اپنے دونوں ہاتھوں کو اپنے دونوں کانوں کے برابر بلند فرماتے تھے اور جب تکبیر کہتے تھے تو ہاتھوں کو کھلا چھوڑتے تھے

ہدایہ شریف کی عبارت | عن مالک وجہتہ فی قولہ ان النبی کان یرفع یدیہ عند التکبیر الا فتتاح ثم یرسل

ترجمہ:۔ امام مالک کے پاس ہاتھ کھلے رکھنے کی دلیل یہ ہے کہ نبی کریم نماز شروع کرتے وقت ہاتھ تکبیر کے لئے بلند فرماتے تھے اور پھر ہاتھ چھوڑ دیتے تھے نوٹ کتب اہل سنت کشف الغمہ ص ۹۳ لعبد الوہاب شعرانی اور کنز العمال ص ۲۲ کتاب الصلوٰۃ میں لکھا ہے کہ نبی کریم ربما یضع یدہ علی لحیتہ فی الصلوٰۃ کما بحالت نماز میں کبھی داڑھی پر ہاتھ رکھتے تھے اور رکوع سجود میں داڑھی پر ہاتھ رکھنا دشوار ہے سب امور دلیل ہیں اس بات کی کہ نبی کریم ہاتھ کھول کر نماز ادا فرماتے تھے۔

نوٹ مسلک الزم نماز میں ہاتھ باندھ کر نبی پاک ﷺ کی مخالفت کرتا ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امام شافعی اور امیر عمر اور صحابہ کرام کا فتویٰ کہ نماز ہاتھ کھول کر پڑھنا جائز ہے

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب میزان الکبریٰ ص ۱۵۱/۱ باب صفۃ الصلوٰۃ

۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب کنزل العمال ص ۲۲۴/۴ کتاب الصلوٰۃ

۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب کشف الغمہ ص ۸۷ فصل ۳

میزان الکبریٰ کی عبارت | فارسال یدیہ بجنبیہ اولیٰ وبہ صرح الشافعی فی الام فقال وان ارسلہا ولم یعبث بہا فلا باس

ترجمہ: نماز کی حالت میں دونوں ہاتھوں کو اپنے دونوں پہلو میں کھلے رکھنا زیادہ بہتر ہے۔ اور اسی فتویٰ کی اپنی کتاب الام میں امام شافعی نے تصریح کی ہے اور فرمایا ہے کہ اگر نمازی اپنے ہاتھ نماز میں کھلے رکھے اور ان سے عبث کام نہ کرے تو ہاتھوں کو نماز میں کھلے رکھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(نوٹ) امام اہل سنت امام محمد بن ادریس شافعی بھی بلند پایہ ہستی ہیں اور اہل سنت میں ایک بہت بڑا گروہ انکی فقہ اور فتوے پر عمل کرتا ہے سرکار کا مذکورہ فتویٰ اہل سنت کے منہ پر طمانچہ نہیں ہے تو دعوت فکر ضرور ہے

کشف الغمہ کی عبارت | کان عمر یقتل القملۃ فی الصلوٰۃ حتی یظہر دمہا علی ید والخ
جناب عمر نماز میں جوں کا قتل عام فرماتے تھے حتی کہ خون انکے ہاتھوں پر ظاہر ہو جاتا تھا اور اس میدان کے معاذ بن جبل بھی پہلوان تھے

نوٹ) ارباب انصاف جوں کا قتل بندھے ہوئے ہاتھوں کوئی آسان کام نہیں ہے امیر عمر کا نماز میں جوئیں قتل کرنا اس بات کا ٹھوس ثبوت ہے کہ وہ نماز کھلے ہاتھوں سے پڑھتے تھے

مگر شیعوں کی ضد میں سنیوں نے عمر کی مخالفت کو بھی حلال کر لیا ہے

امام اعظم کے شاگرد امام محمد کا فتویٰ کہ ثنا کے وقت یعنی سبحانک اللہم پڑھتے وقت کھلے رکھے اور قرأت کے وقت ہاتھ باندھے

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب رد المحتار ص ۶۷ کتاب الصلوٰۃ

۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب درر الاحکام ص ۶۴/۱ حاشیہ ۲۳

۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب النہایہ شرح ہدایہ ص ۲۵/۱

۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب الکفایہ شرح ہدایہ ص ۲۵/۱

۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب الغایہ شرح ہدایہ ص ۲۵/۱

رد المحتار کی عبارت | روی عن محمد فی النوادر انہ یرسلہما حالۃ الثناء فاذا فرغ منہ یضع۔ امام محمد سے روایت ہے کہ وقت ثناء ہاتھوں کو

نمازی کھلا رکھے اور پھر باندھے۔

الکفایہ کی عبارت | روی عن محمد یرسل یدیہ فی حالۃ الثناء فاذا اخذ فی القرأۃ اعتمد
امام محمد سے روایت ہے کہ وقت ثنا ہاتھوں کو نمازی کھلا رکھے اور وقت قرائت باندھے

نوٹ) ارباب انصاف نماز جیسی عظیم عبادت کو قوم معاویہ نے اہل دیو بند نے بھانت بھانت کے فتاوی کا مجموعہ بنا دیا ہے۔ نماز کے بوقت قیام ہاتھ کھلے رکھے جائیں، امام مالک اور امام شافعی انکے فرماتے ہیں، کہ ہاتھ کھلے رکھے جائیں امام محمد کا فتویٰ بھی آپ نے پڑھ لیا ان فتاوی کی روشنی میں معلوم ہوا کہ نماز کھلے ہاتھوں سے پڑھنا جائز ہے اور کھلے ہاتھوں سے نماز پڑھنے والوں کو کافی بعض کی طرح دیکھنے والے ملاں خود اپنے مذہب سے ناواقف ہیں ہماری طرف سے انکو دعوت فکر ہے کہ بجائے شیعوں کی مخالفت کے پہلے وہ اپنی نماز درست کریں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابوبکر کا نواسہ اور عائشہ کا بھانجا نواصب کا چھٹا خلیفہ

عبداللہ ابن زبیر ہاتھ کھول کر نماز پڑھتا تھا

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب نیل الاوطار ص ۲۰۸ ج ۲ باب الصلوٰۃ

۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب الروضہ الندیہ ص ۹۶ ج ۱ نواب صدیق حسن خان

۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب عمدہ القاری شرح بخاری ص ۱۵ ج ۳ باب الصلوٰۃ

۴۔ اہل سنت کی معتبر اوجز المسالک شرح موطا امام مالک ص ۱۹۶

اوجز المسالک کی عبارت | قال العینی وحکی ابن المنذر عن عبداللہ ابن زبیر وابن سیرین والحسن البصری انہ یرسلھا وکذا عند مالک فی المشہور الخ

ترجمہ: شیخ الحدیث محمد زکریا فرماتے ہیں کہ شارح بخاری بدر الدین ابی محمد محمود ابن احمد العینی نے نقل کیا ہے کہ ابن منذر نے حکایت کی ہے کہ عبداللہ ابن زبیر اور حسن بصری اور ابن سیرین یں سے ہر ایک نماز میں وقت قیام ہاتھ کھلے رکھتے تھے۔

نوٹ: ارباب انصاف یہ عبداللہ ابوبکر کا نواسہ ہے اور عائشہ کا نہایت پیارا بھانجا ہے اس نے اپنے بچپن میں یقیناً اپنے نانا ابوبکر اور اپنی خالہ عائشہ کو نماز پڑھتے دیکھا ہوگا پس معلوم ہوا کہ ابوبکر اور عائشہ بھی ہاتھ کھول کر نماز پڑھتے تھے اور اگر وہ ہاتھ باندھ کر نماز پڑھتے تھے تو ابن زبیر نے اپنے نانا جان اور خالہ کی مخالفت کیوں کی ہے نیز ابن زبیر بقول قوم معاویہ صحابی بھی ہے اس صحابی کا ہاتھ کھول کر نماز پڑھنا اس بات کی دلیل ہے کہ ہاتھ باندھنے کی بابت تمام احادیث قوم معاویہ کی غلط ہیں۔

امام اہل سنت حسن بصری بھی نماز ہاتھ کھول کر پڑھتا تھا

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب نیل الاوطار ص ۲۰۸ ج ۲ کتاب الصلوٰۃ

۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب اوجز المسالک ص ۱۹۶ ج ۲ الصلوٰۃ

۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب عمدہ القاری ص ۱۵ ج ۳ الصلوٰۃ

۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب الروضۃ الندیہ ص ۹۶ ج ۱ الصلوٰۃ

روضۃ الندیہ کی عبارت | واما ما روی من الارسال عن بعض التابعین من نحو الحسن وابراہیم وابن المسیب وابن سیرین وسعید بن جبیر کما اخرجہ ابن شیبہ فان بلغھم حدیث الوضع فمحمول علی انہ لم یعدوہ سنۃ من سنن الہدی الخ

ترجمہ: اور جو نماز میں ہاتھ کھلے رکھنے کی بابت روایت کی گئی ہے بعض تابعین سے مثلاً حسن بصری ابراہیم نخعی ابن مسیب ابن سیرین سے کہ وہ نماز میں ہاتھ کھلے رکھتے تھے پس وہ روایت محمول ہے اس امر پر کہ یہ لوگ نماز میں ہاتھ باندھنے کو اچھی سنت نہیں سمجھتے تھے انکے نزدیک نماز میں ہاتھ باندھنا ایک عادت اور علت سمجھی گئی پس یہ لوگ ارسال ہاتھ کھولنے کی طرف مائل ہو گئے کیونکہ قانون یہی ہے کہ ہاتھ کھلے رکھیں اذ الوضع امر جدید یحتاج الی الدلیل ہاتھ باندھنا ایک نیا کام ہے جو دلیل کا محتاج ہے

نوٹ: ارباب انصاف ہماری مذکورہ عبارات اس بات کا ٹھوس ثبوت ہیں کہ نماز میں ہاتھ باندھنے سے اہل سنت کے بڑے بڑے بزرگوں کو سخت نفرت تھی اور وہ ہاتھ باندھنے کو ایک علت اور بیماری تصور کرتے تھے پس معلوم ہوا کہ نماز میں ہاتھ کھلے رکھنا بھی اہل سنت کے مذہب میں جائز ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

محمد بن سیرین اور ابراہیم نخعی ہاتھ کھول کر نماز پڑھتے تھے

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب اوجز المسالک صفحہ ۱۶۶/۳۴ کتاب الصلوٰۃ

۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب الروضۃ الندیہ صفحہ ۹۷/۱ کتاب الصلوٰۃ

۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب عمدۃ القاری صفحہ ۱۵/۳ کتاب الصلوٰۃ

۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب مصنف ابن ابی شیبہ منقول از رسالہ ارسال الیدین صفحہ ۳۲ از سید علی اظہر

۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب نیل الاوطار صفحہ ۲۰۸ کتاب الصلوٰۃ

عمدۃ القاری کی عبارت: وحکی ابن المنذر عن عبد اللہ بن زبیر والحسن البصری وابن سیرین انہ یرسلہما۔ ترجمہ: ابن منذر نے حکایت کی ہے کہ عبد اللہ بن زبیر اور ابن سیرین اور حسن بصری نماز ہاتھ کھول کر پڑھتے تھے

نوٹ: نیل الاوطار میں محمد بن سیرین کے ساتھ ابراہیم نخعی کا بھی ذکر ہے وہ بھی ہاتھ کھول کر نماز پڑھتا تھا اسی طرح روضۃ الندیہ میں بھی لکھا ہے کہ ابراہیم نخعی ہاتھ کھول کر نماز پڑھتا تھا۔ نیز کتاب مذکورہ میں یہ بھی لکھا ہے کہ ابن سیرین نے کہا کہ چونکہ نماز میں ہاتھ کھلے رکھنے سے انگلیوں میں خون اتر آتا ہے لہذا جو لوگ باندھتے ہیں وہ صرف خون سے بچنے کے لئے باندھتے ہیں۔

ارباب انصاف حسن بصری اور محمد بن سیرین دونوں کی وفات ۱۱۰ھ میں ہوئی ہے اور دونوں امام اہل سنت ہیں اور شاہ عبد العزیز نے اپنے تحفہ صفحہ ۳۱۹ باب مطاعن عثمان میں ابن سیرین کی توثیق فرمائی ہے ان بزرگان اہل سنت کا ہاتھ کھول کر نماز پڑھنا اس بات کا ٹھوس ثبوت ہے کہ جو احادیث اہل سنت نے ہاتھ باندھنے کی بات تیار فرمائی ہیں وہ قابل اعتماد نہیں ہیں اگر ان میں رائی برابر سچائی ہوتی تو ابن سیرین انکی مخالفت نہ کرتے۔ برا ہو تعصب کا شیعوں کی ضد میں اہل سنت کو صحابہ کا فرمان اور عمل بھی زہر معلوم ہوتا ہے۔

سعید بن جبیر اور ابن مسیب بھی ہاتھ کھول کر نماز پڑھتے تھے

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب الروضۃ الندیہ شرح درر البہیہ صفحہ ۹۷/۱ نواب صدیق حسن

۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب مصنف ابن ابی شیبہ منقول از رسالہ ارسال الیدین صفحہ ۳۱

الروضۃ الندیہ کی عبارت: اما ما روی من الارسال عن بعض التابعین من نحو الحسن و ابراھیم وابن المسیب وابن سیرین وسعید بن جبیر کما اخرجہ ابن ابی شیبہ ..... فان بلغ عندھم حدیث الوضع فمحمول علی انہ لم یحملوہ سنۃ من سنن الھدی بل حملوہ عادۃ من العادات فما نوا فی الارسال لاصالتہ فعملوا بالارسال بناءً علی الاصل اذ الوضع امر جدید یحتاج الی الدلیل الخ

ترجمہ: مصنف ابن ابی شیبہ نے نقل کیا ہے ابن المسیب اور سعید جبیر وغیرہ نماز ہاتھ کھول کر پڑھتے تھے اور ہاتھ باندھنا ان کے ہاں کوئی اچھی سنت نہ تھی پس انہوں نے ارسال پر عمل کیا۔ کیونکہ وضع امر جدید ہے اور دلیل کا محتاج ہے

سعید بن جبیر نماز میں بندھے ہوئے ہاتھ کھلوا دیتا تھا

مصنف ابن ابی شیبہ کی عبارت: قال اطوف مع سعید بن جبیر فرائی رجلاً واضعاً احدی یدیہ علی الاخری فذھب ففرق بینھما ثم جاء

:- مولانا سید علی اظہر نے اپنے رسالہ ارسال یدین میں نقل کیا ہے کہ راوی کہتا ہے کہ میں ابن جبیر کے ساتھ طواف کر رہا تھا پس انہوں نے دیکھا کہ ایک آدمی نماز میں ایک ہاتھ دوسرے پر رکھے ہوئے تھے ابن جبیر گئے اور اس کے ہاتھ کھلوا دیئے۔ سُنّی لوگ اب تو ہاتھ باندھنے پر اس طرح ڈٹے ہوئے ہیں کہ ابن جبیر بھی آجائے تو انکے ہاتھ نہیں کھلوا سکتا

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تمام اہل مدینہ ہاتھ کھول کر نماز پڑھتے تھے

اہل سنت کی معتبر کتاب دراسات اللبیب ص ۳۴۳ مطبوعہ لاہور ۱۸۲۸

مولف علامہ محمد معین لاہوری۔

ان اجماع اہل المدینۃ حجۃ حتی انہ عولت علماء مذہبہ فی ارسال الیدین حالۃ القیام فی الصلوٰۃ علی عمل اہلھا الخ

ترجمہ:۔ اختصار کی خاطر عربی کم لکھی ہے۔ ترجمہ پورا ملاحظہ ہو، شاہ ولی اللہ دہلوی کے شاگرد محمد معین لاہوری فرماتے ہیں، کہ دین کے دلائل میں سے میرے نزدیک اہل مدینہ کا عمل بہت بڑی دلیل ہے اور امام مالک کا بھی یہی نظریہ ہے کہ اجماع اہل مدینہ کا حجت ہے حتی کہ امام مالک کے مذہب کے علماء نے نماز کی حالتِ قیام میں ہاتھ کھلے رکھنے کے مسئلہ میں اہل مدینہ کے عمل پر بھروسہ فرمایا ہے، کیونکہ اہل مدینہ ابتداء اسلام میں ہاتھ کھول کر نماز پڑھتے تھے، اور ہاتھ باندھنے کی حدیث کو انہوں نے حمل کیا ہے وقت مجبوری پر اور جس طرح ایک صحیح حدیث کو دوسری حدیث سے تخصیص دی جاتی ہے۔ اسی طرح انہوں نے عمل اہل مدینہ سے احادیث وضع کو تخصیص دی ہے اور ابن القاسم نے امام مالک سے ارسال کی روایت کی ہے اور اکثر اصحاب امام مالک کے ارسال کے قائل ہیں

اور امام مالک نے موطا میں جو روایت قبض الیدین کی لکھی ہے وہ اسی طرح اُن کے مذہب کے مخالف ہے جس طرح قنوت صبح کی روایت انہوں نے اپنے مذہب کے مخالف لکھی ہے حالانکہ نماز صبح میں قنوت پڑھنا امام مالک کا مذہب ہے۔

والارسال ھذا لم ینفرد مالک فقد جاء فیہ الآثار من سلف التابعین روی جملۃ من ذالک الامام ابوبکر بن شیبہ فی مصنفہ

اور نماز میں ہاتھ کھلے رکھنے کا فتویٰ صرف امام مالک کے ساتھ ہی خاص نہیں ہے بلکہ ہاتھ کھلے رکھنے کی بابت روایات آئی ہیں اور ان روایات کو امام ابوبکر بن ابی شیبہ نے اپنے مصنف میں لکھا ہے من جملۃ اُن کے ابن زبیر کا ہاتھ کھول کر نماز پڑھنا ہے۔

والعجب کل العجب من مثل شیخ الدھلوی حیث ینفی فی شرح السفر الدلیل الارسال مطلقاً و یقول ساکت فی الحجاز من ذالک بعض علماء المالکیۃ فلم یأتو بشی سوی ابن الخطابی ــــ وعمل اھل المدینۃ فی ذالک عند علماء مذھبہ اقوی من آثار التابعین والصحابۃ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور تعجب ہے مجھے شیخ عبدالحق محدث دہلوی پر کہ جنہے۔

شرح سفر السعادۃ میں یہ لکھا ہے کہ میں نے حجاز میں علماء مالکیہ سے نماز میں ہاتھ کھلے رکھنے کی دلیل دریافت کی تو وہ کوئی دلیل نہ لاسکے حالانکہ یہ دلیل موجود ہے کہ عمل اہل مدینہ ہاتھ کھولنے کی بابت آثار صحابہ اور تابعین سے زیادہ قوی دلیل ہے۔

ارباب انصاف کو دعوت فکر اور اسلام کے ٹھیکیدار توجہ ہوں

ارباب انصاف اسلام کے ٹھیکیداروں کی کتب سے ہم نے آپکے سامنے مقلوک کے حساب سے عبارات پیش کردی ہیں اور علامہ محمد معین کی دراسات کی عبارت پکار پکار کر یہ کہہ رہی ہے۔

کہ اہل مدینہ اور مالکی مذہب والے ہاتھ کھول کر نماز پڑھتے تھے شیخ دہلوی کا یہ کہنا کہ اُن کے پاس کوئی دلیل ارسال کی نہ تھی یہ دلیل ہے اس امر کی کہ مذہب اُن کا نماز میں ہاتھ کھلے رکھنا ہی تھا اب ہم دیانت وانصاف کا واسطہ دے کر سوال کرتے ہیں کہ اگر بقولِ قوم معاویہ نماز میں ہاتھ کھلے رکھنا بدعت ہے تو مذکورہ بزرگان اہل سنّت کیا بدعت کرتے تھے حضرت امیر عمر اور حضرت عبداللہ بن زبیر کیا بدعتی تھے امام مالکؒ اور اس کے مذہب کے تمام لوگ کیا اہل بدعت ہیں صحابہ کرام جب بچوں کو اٹھا کر نماز پڑھتے تھے تو وہ بدعت کرتے تھے، نبی کریمؐ نماز میں ہاتھ کھلے رکھتے تھے کیا آنجناب معاذ اللہ ہاتھ کھولنے کو بدعت کرتے تھے۔

اہل سنت کے امام الاوزاعی کا فتویٰ کہ نماز میں بوقت قیام ہاتھوں کو کھلے رکھنا اور باندھنا دونوں جائز ہیں

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب الھدایہ ص ۱۰۲/۱ حاشیہ ۶۱

۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب نیل الاوطار ص ۲۰۹/۲ الصلوۃ

۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب اوجز المسالک شرح موطا ص ۱۹۶/۱

۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب الکفایہ شرح ہدایہ ص ۲۵/۱

۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب عمدۃ القاری ص ۱۵/۳

۶۔ اہل سنت کی معتبر کتاب میزان الکبریٰ ص ۱۵۰/۱

۷۔ اہل سنت کی معتبر کتاب رحمۃ الامہ ص ۳۷

۸۔ اہل سنت کی معتبر کتاب بحر الزخار ص ۲۴۲/۱

الکفایہ کی عبارت | وفی المبسوط الاعتماد سنۃ الاعلیٰ قول الاوزاعی فانہ کان یقول یتخیر بین الاعتماد والا رسال الخ

ترجمہ:۔ نماز میں ہاتھ باندھنا سنت ہے مگر امام اہل سنت اوزاعی فرماتے ہیں کہ نمازی کی اپنی مرضی اور اس کو اختیار ہے چاہے حالت قیام میں ہاتھ باندھے اور چاہیے تو کھلے رکھے۔

(نوٹ) ارباب انصاف امام اوزاعی کا فتویٰ آپنے پڑھ لیا کہ دیوبند کی لوح محفوظ نے نماز میں ہاتھوں کی بابت کوئی فیصلہ نہیں کیا اس فتویٰ سے یہ ثابت ہوگیا کہ نماز میں ہاتھ کھلے رکھنا کوئی بدعت نہیں ہے۔اور یہ بھی ثابت ہوگیا کہ ہاتھ باندھنا ضروری نہیں ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

دیوبندی کی لوح محفوظ کا ایک اور فیصلہ کر ڈے !!

لوگ نماز ہاتھ باندھ کر پڑھیں اور چھوٹے لوگ کھول کر پڑھیں

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب میزان الکبریٰ ص۱۵۰ ج۱ الصلوٰۃ

۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب کبریت الاحمر برحاشیہ یواقیت وجواہر ص۵۸ ج۱

میزان الکبریٰ کی عبارت	استحباب وضع الیمنی علی الشمال فی القیام وھو خاص بالاکابر من العلماء والاولیاء بخلاف الاصاغر

فان الاولیٰ لھم ارسال الیدین کما قال بہ مالک

ترجمہ :۔ امام اہل سنت عبدالوہاب شعرانی فرماتے ہیں کہ نماز کی حالت قیام میں ہاتھ باندھنے کا استحباب خاص ہے بڑے لوگوں کے ساتھ مثلاً علماء اور اولیاء اور چھوٹے لوگ عوام الناس انکے لئے بہتر یہ ہے کہ وہ لوگ امام مالک کی موافقت میں نماز ہاتھ کھول کر پڑھیں ۔

کبریت الاحمر کی عبارت	فالتحقیق ان جعل الیدین علی الصدر للکمل الذین لا یشغلھم ذالک عن اللہ وان ارسالھما اولیٰ

لغیر الکمل اذ وضعھا علی الصدر یشغل عن کمال التوجہ ،

ترجمہ : تحقیق یہ ہے کہ ہاتھوں کا چھاتی پر حالت نماز میں رکھنا کامل لوگوں کے لئے ہے کہ جنھیں اس طرح ہاتھ رکھنے میں مناجات خدا میں فرق نہیں آتا اور غیر کامل لوگوں کے لئے ہاتھوں کو کھلا رکھنا بہتر ہے کیونکہ ہاتھ باندھنے سے نماز میں توجہ اللہ کی طرف نہیں رہتی ۔

نوٹ :سُنی دوستوں نے شیعوں کی ضد میں ہاتھ ضرور باندھنے ہیں
خواہ اللہ کی طرف توجہ رہے یا نہ رہے

دیوبندی کی لوح محفوظ کا ایک اور فیصلہ کہ ہاتھ کھول کر نماز پڑھے اور اگر تھک جائے تو آرام کی خاطر باندھ لے

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب موطا کی شرح زرقانی ص۳۲۱ لامام محمد زرقانی

۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب عمدۃ القاری شرح بخاری ص۲۷۹ ج۵ لبدر الدین عینی

۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب فتح الباری ج۲ ص۲۲۴ لاحمد بن حجر عسقلانی

۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب کفایہ شرح ہدایہ ص۲۵۰ ج۱ لجلال الدین خوارزمی

۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب اوجز المسالک شرح موطا ص۱۹۶ ج۲ لمحمد زکریا

فتح الباری کی عبارت	وروی ابن القاسم عن مالک الارسال وصار الیہ اکثر اصحابہ ومنھم من کرہ الامساک ونقل ابن الحاجب ان

ذالک حیث یمسک معتمداً لقصد الراحۃ

ترجمہ :۔ ابن قاسم نے امام مالک سے نماز میں ہاتھ کھلے رکھنا نقل کیا ہے اور زیادہ تر علماء مالکیہ نے اسی فتویٰ کو لیا ہے اور وہ ہاتھ باندھنے کو مکروہ جانتے ہیں اور ابن حاجب کہتا ہے کہ جب نمازی ہاتھ باندھے گا تو صرف راحت و آرام کے لئے ۔

کفایہ کی عبارت	اوزاعی کہتا ہے کہ کھولنے اور باندھنے میں اختیار ہے اور باندھنے کی اجازت صرف مہربانی کی خاطر ہے کیونکہ طول قیام

کی وجہ سے ارسال میں صحابہ کرام کی انگلیوں میں خون اتر آتا تھا ۔

عمدۃ القاری کی عبارت	امام مالک کا فتویٰ نماز میں ہاتھ کھلے رکھنا ہے اور اگر قیام طول پکڑ جائے تو آرام کے لئے باندھے ۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نماز میں وقت قیام ہاتھ کھلے رکھنے کا عقلی ثبوت

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب الروضۃ الندیہ صہ ۱/۹۷ نواب صدیق حسن خان

۲۔ اہل سنت کی معتبر تنویر العینین صہ ۵۸ تألیف شاہ اسمٰعیل شہید

روضہ اور تنویر کی عبارت	فعملوا بالارسال بناءً علی الاصل اذا لو تم احد یدیکیاج الی الدلیل واذا دلیل لھم فاضطروا الی الارسال

ترجمہ: دونوں مؤلف ان صحابہ اور تابعین کے بارے جو ہاتھ کھول کر نماز پڑھتے تھے یہ جواب دیتے ہیں کہ انہوں نے ہاتھ کھول کر نماز اس لیے پڑھی تھی کہ انہوں نے اصل یعنی قانون اول پر عمل کیا ہے کیونکہ ہاتھ باندھنا ایک نیا امر ہے اور دلیل کا محتاج ہے اور جب دلیل ہی وضع کے بارے نہیں تھی تو انکے لیے سوائے ہاتھ کھولنے کے اور کوئی چارہ ہی نہ تھا۔

مفتیان دیوبند کو دعوت انصاف

ہم دیوبند کے تمام مفتیان کو دیانت اور انصاف کا واسطہ دیکر سوال کرتے ہیں کہ کیا تم اپنی حدیث کی کتابوں میں کوئی ایسی حدیث دکھا سکتے ہو کہ جس میں نبی پاک نے امر فرمایا ہو کہ نماز ہاتھ باندھ کر پڑھو تم قیامت تک ایسی حدیث حدود وانصاف میں رہکر پیش نہیں کر سکتے۔ پھر دوسرا سوال ہے کہ نبی پاکؐ نے اس بابت پر خاموشی کیوں اختیار فرمائی ہے نیز اس مسئلہ کو صحابہ کرام نے نبی کریمؐ سے دریافت کیوں نہیں فرمایا جب اہل دیوبند کی کتب میں ہاتھ باندھنے کا آرڈر ہی نہیں ہے تو ہاتھ کھلے رکھنا عین فطرت ہے خود بخود ثابت ہے دلیل کا محتاج نہیں ہے۔

اہل دیوبند کا اقرار کہ نماز میں ہاتھ باندھنا فرض اور واجب نہیں ہے

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب کنز الدقائق صہ ۳۱ الصلوٰۃ

۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب الھدایہ صہ ۱/۱۰۲ کتاب الصلوٰۃ

۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب فتاوی عالمگیری صہ ۶۹ ذکر نماز

۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب ردالمحتار صہ ۴۹۷ الصلوٰۃ

۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب الدر المختار صہ ۳۶ ذکر نماز

۶۔ اہل سنت کی معتبر کتاب فتاوی عبدالحی صہ ۲۲۰

۷۔ اہل سنت کی معتبر کتاب صحیح مسلم کی شرح نودی صہ ۱۷۳

۸۔ اہل سنت کی معتبر کتاب حجۃ البالغۃ صہ ۸

۹۔ اہل سنت کی معتبر کتاب رحمۃ الامۃ صہ ۲۷ ذکر نماز

۱۰۔ اہل سنت کی معتبر کتاب میزان الکبریٰ صہ ۱۵۰ ذکر نماز

ھدایہ کی عبارت	ثم الاعتماد سنۃ القیام عند ابی حنیفۃ وابی یوسف ہاتھ باندھنا نماز میں ابوحنیفہ کے نزدیک ایک عادت ہے کہ

قیام کی حالت میں ہاتھ باندھے اس عبارت کا صاف مطلب ہے کہ نماز میں ہاتھ باندھنا فرض اور واجب نہیں ہے۔

الدرالمختار کی عبارت	وھو سنۃ قیام لہ ظاہرہٗ ان القاعد لا یفنع ہاتھ باندھنا حالت قیام میں سنت ہے

اس عبارت سے ظاہر ہوا کہ جو بیٹھ کر نماز پڑھے وہ ہاتھ نہ باندھے ...... معلوم ہوا کہ فقہ دیوبند میں نماز میں ہاتھ باندھے واجب نہیں ہے اور فرض نہیں ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فتاویٰ عبدالحی کی عبارت | عورتوں کے لیے پستانوں کے نیچے ہاتھ رکھنے کے سلسلے میں کوئی حدیث نظر سے نہیں گذری اور مردوں کے لئے

زیر ناف ہاتھ رکھنا فقہاء کے ہاں مسنون ہے۔

نوٹ ، سنی مذہب کی کتابیں پکار پکار کر کہہ رہی ہیں کہ نماز میں ہاتھ باندھنا فرض اور واجب نہیں ہے بلکہ صرف سنت اور عادت ہے۔

صحیح مسلم کی شرح نووی | واستحباب وضع الیمنی علی الیسریٰ بعد تکبیرۃ الاحرام اور تکبیرۃ الاحرام کے بعد ہاتھ باندھنا مستحب ہے۔

فقہ دیوبند کا اقرار کہ ہاتھ باندھنا صرف عادت ہے واجب نہیں ہے

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب نیل الاوطار ص ۲۰۹ ج ۱ ذکر نماز

۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب الروضۃ الندیہ ص ۹۵ ج ۱ نواب صدیق حسن

۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تنویر العینین ص ۹۸ تالیف شاہ اسماعیل شہید

نیل الاوطار کی عبارت | فان النزاع فی استحباب الوضع لا وجوبه وترک ذکره فی حدیث المسیء انما یکون حجة علی القائل بالوجوب

ترجمہ :۔ قاضی الشوکانی محمد بن علی الشوکانی فرماتے ہیں کہ ہم اہلسنت میں ہاتھ باندھنے کی استحباب میں جھگڑا ہے نہ کہ ہاتھ باندھنے کے وجوب میں اور نبی کریمؐ نے جو ایک شخص کو نماز کا طریقہ بتایا اور ہاتھ باندھنے کے بارے کچھ نہ فرمایا یہ دلیل ان کے خلاف جاتی ہے جو ہاتھ باندھنے کو واجب جانتے ہیں۔

نوٹ) مذکورہ عبارت اس امر کا ٹھوس ثبوت ہے کہ اہل سنت کے ہاں ہاتھ باندھنا واجب اور فرض نہیں ہے بلکہ سنت ہے جس کا دوسرا مطلب ہے کہ ہاتھ کھول کر نماز پڑھنا جائز ہے اور ارسال کو بدعت کہنا نادانی ہے۔۔۔

تنویر العینین کی عبارت | حدیث الوضع فمحمول علی انه لم یحسبوه سنة من سنن الهدیٰ بل حسبوه عادة من العادات

ترجمہ ، شاہ اسماعیل شہید فرماتے ہیں کہ نماز میں جو صحابہ کرام اور تابعین ہاتھ کھول کر رکھتے تھے انکے نزدیک ہاتھ باندھنے والی بات ایسی سنت نہیں ہے جو ہدایت ہو بلکہ ہاتھ باندھنے انکے نزدیک صرف عادت تھی۔

نوٹ ؛ شاہ اسماعیل شہید نے دبے الفاظ میں ملت دیوبند کو یہ سمجھا دیا ہے کہ نماز میں ہاتھ باندھنا ہدایت نہیں ہے بلکہ گمراہی ہے اور نواب صدیق حسن خان نے بھی روضۃ الندیہ میں یہی رونا رو دیا ہے کہ نماز میں ہاتھ باندھنا ہدایت نہیں ہے بلکہ گمراہی ہے۔

مفتیان دیوبند توجہ فرمادیں

دیوبندی دوستوں کو دیانت اور انصاف کا واسطہ دے کر ہم سوال کرتے ہیں کہ جب کوئی مسلمان ہاتھ کھول کر نماز پڑھتا ہے تو زیادہ تر حضرات انکو کافی بھینس کی طرح دیکھتے ہیں اور شور کرتے ہیں کہ وہ دیکھو ہاتھ کھول کر نماز پڑھ رہا ہے جب ہاتھ باندھنا فرض ہی نہیں ہے چلو اور کچھ نہیں ہاتھ کھول کر نماز پڑھنا بھی جائز تو ہے ہاتھ کھولنے والے کا نوٹس کیوں لیا جاتا ہے ہاتھ کھول کر نماز پڑھنے میں بتاؤ کیا برائی ہے کیا خامی ہے ارسال میں شریعت پاک کی کیا خلاف ورزی ہے اگر ارسال میں یہ خامی ہے کہ شیعہ لوگ ارسال کرتے ہیں تو شیعہ لوگ تو کلمہ محمدؐ کا بھی پڑھتے ہیں پس تم کلمہ محمدؐ کا بھی نہ پڑھو۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہاتھ باندھنے کی سب سے بڑی دلیل دیوبند کی شریعت میں شیعوں کی مخالفت کا اظہار کرنا ہے

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب فتح القدیر لاعاجز الفقیر ص۲۵۰ ذکر نماز
۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب کفایہ شرح ہدایہ ص۲۵ ذکر نماز
۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تنویر العینین ص۳۸
۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب ہدیۃ المہدی ص۱۲۶

فتح القدیر کی عبارت | السنۃ فی ہذہ المواضع الاعتماد مخالفۃ للروافض فانہم یرسلون ۔۔ اہل سنت کے ہاں نماز کے قیام میں اور جنازہ کی تکبیرات میں اور عید کی تکبیرات میں ہاتھ باندھنا سنت اور عادت ہے اور یہ ہاتھ باندھنا اس لئے ہے کہ اسمیں روافض (شیعوں) کی مخالفت ہے کیونکہ وہ ان مقامات میں ہاتھ کھلے رکھتے ہیں۔

(نوٹ) برا ہو تعصب کا، نواصب نے ادلہ اربعہ کے ساتھ پانچویں دلیل مخالفت روافض کو بھی ایک دلیل بنا لیا ہے روافض نماز میں سورہ الحمد بھی پڑھتے ہیں نواصب کو چاہیے کہ روافض کی مخالفت میں وہ نماز میں الحمد کے بجائے لتا جی کی کوئی غزل پڑھ لیا کریں۔

کفایہ کی عبارت | وقالوا من مذہب الروافض الارسال من اول الصلوۃ فنحن نعتمد مخالفۃ لہم الخ

ترجمہ: اہل سنت نے فرمایا ہے کہ نماز میں ہاتھ کھلے رکھنا روافض کا مذہب ہے اور ہم اہل سنت نماز میں ہاتھ باندھتے ہیں اور اس باندھنے سے ہمارا مقصد صرف روافض کی مخالفت کرنا ہے۔

تنویر العینین کی عبارت | ویحکی عن مالک انہ حکم بالارسال وقالوا الفینا ان ہذا الفعل فی ہذہ البلاد تشبیہ بالروافض حیث ترکہ شیوع مذہب الحنفیہ فلم یبق فاعلہ غیر الشیعۃ وقد قال النبی اتقوا مواضع التہم قلنا ہذا من قصورکم حیث ترکتموہ فصار شعاراً لہم فعلیکم بالاتفاق علی فعلہ لئلا یبقی مختصا بہ وترک السنۃ للتحرز عن التشبیہ بالفرق الضالۃ غیر مشروع۔

ترجمہ: شاہ اسماعیل شہید فرماتے ہیں کہ امام اہل سنت حضرت مالک سے نقل کیا گیا ہے کہ انہوں نے نماز میں ہاتھ کھلے رکھنے کا حکم فرمایا ہے اور علماء اہلسنت نے یہ فرمایا ہے کہ (پاکستان) کے شہروں میں ہاتھ کھول کر نماز پڑھنے سے روافض یعنی شیعوں سے مشابہت لازم آتی ہے کیونکہ حنفی مذہب کی تمام شاخوں نے نماز میں ہاتھ کھولنے کو ترک کر دیا ہے پس نماز میں ہاتھ کھولنے والا شیعوں کے علاوہ کوئی بھی باقی نہیں رہا (اور نبی پاک نے فرمایا ہے کہ تہمت کے مقامات سے بچو) میں شاہ اسماعیل کہتا ہوں کہ یہ تمہاری نادانی ہے کہ تم نے نماز میں ہاتھ کھلے رکھنا ترک کر دیا ہے اور یہ فعل شیعوں کا نشانی بن گیا تم خود ہاتھ کھلے رکھنے پر اتفاق کر جاؤ تاکہ یہ فعل انکے ساتھ مختص نہ رہے اور کسی چیز کو ترک کرنا شیعوں کے ساتھ تشبیہ سے بچنے کی خاطر جائز نہیں ہے۔

ہدیۃ المہدی کی عبارت | فمن جعل الارسال من شعائر الروافض فقد اخطأ ۔ علامہ وحید الزمان فرماتے ہیں کہ نماز میں ہاتھ کھلے رکھنے کو جو شخص شیعوں کی نشانی سمجھتا ہے وہ خطا پر ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اہل اسلام کو دعوت انصاف

اربابِ انصاف ہاتھ کھلے رکھنا نماز میں یہ کوئی بدعت اور غیر شروع بات نہیں ہے کیونکہ نبی کریمؐ صحابہ کرامؓ تابعینؒ اور علماء اہل سنت بھی نماز میں بوقت قیام ہاتھ کھلے رکھتے تھے اور ہاتھ باندھنے کی قرارداد اہل سنت نے بعد میں صرف شیعوں کی مخالفت کرنے کے لئے پاس کی ہے جس طرح کہ ہدایہ کی شرحات سے ظاہر ہے اور شاہ اسمٰعیل کا کہنا کہ تم نے ہاتھ کھلے رکھنے ترک کر دیا اور یہ شیعوں کی نشانی بن گئے اسے صاف ظاہر ہے کہ حنفی مذہب والے بھی کچھ عرصہ ہاتھ کھول کر نماز پڑھتے تھے اور علامہ وحید الزمان کا یہ کہنا کہ نماز ہاتھ کھول کر پڑھنا اسکو شیعوں کی نشانی سمجھنا خطا ہے اسے صاف ظاہر ہے کہ اہل سنت بھی ہاتھ کھول کر نماز پڑھتے ہیں۔ اور ہدایہ کے شارحینؒ کا یہ کہنا کہ ہاتھ باندھنے میں روافض کی مخالفت ہے اسے بھی یہ معلوم ہوا کہ اہل سنت کے مذہب میں نماز میں ہاتھ کھلے رکھنا جائز تو ہے مگر شیعوں کی وجہ سے وہ مجبوراً باندھتے ہیں اربابِ انصاف ہر شخص کو مرنا ہے اور خدا کو جواب دینا ہے نماز میں ہاتھ باندھنا خلاف فطرت فعل ہے آدمی جب پیدا ہوتا ہے یا مرتا ہے یا دنیا کے تمام کام کرتا ہے مثلاً حج بجا لاتا ہے جہاد کرتا تو کھلے ہاتھوں سے کرتا ہے اور نماز کی حالت میں بھی اسکے تمام اعضاء کھلے ہوتے ہیں مثلاً منہ آنکھیں، کان، پاؤں تو اسی طرح نماز میں ہاتھوں کا کھلے رکھنا عین فطرت

ہے

فقہ دیوبند کا فیصلہ کہ نماز میں ہاتھ باندھنا رومیوں کی وجہ سے آیا ہے

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تنویر العینین ص ۵۸ شاہ اسمٰعیل شہید

۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب الروضۃ الندیہ ص [illegible] نواب صدیق حسن

۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب مصنف ابن ابی شیبہ ص ___ از رسالہ ارسال یدین

۴۔ اہلسنت کی معتبر کتاب الاوائل لعسکری ص ۲۰۹ از اسلامی نماز لعلامہ سبطین

تنویر اور روضۃ کی عبارت	قول ابن سیرین حیث سئل عن الرجل یمسک بیمینہ شمالہ قال انما فعل ذالک من اجل الروم کما اخرج ابن ابی

شیبہ وکان ابن ذہبیا اذا صلی یرسل یدیہ۔

ترجمہ :۔ اہل سنت محمد بن سیرین سے ایک مرد کی بابت سوال کیا گیا کہ وہ نماز میں اپنے دائیں ہاتھ سے بائیں کو پکڑتا ہے انہوں نے فرمایا کہ وہ حرکت اہل روم کی وجہ سے کرتا ہے۔

(نوٹ) نواب صدیق حسن خان نے بھی یہی رونا رویا ہے کہ ہاتھ باندھنا رومیوں کی وجہ سے نماز میں داخل ہوا ہے۔ اور علامہ سید علی اظہر نے اپنے رسالہ ارسال الیدین میں مصنف ابن ابی شیبہ کی عبارت نقل کی ہے اور شاہ اسمعیل نے بھی تنویر میں اس عبارت کی طرف اشارہ کیا ہے۔ اور علامہ السید محمد سبطین نے اپنی کتاب اسلامی نماز میں کتاب الاوائل العسکری کے حوالہ سے یہ لکھا ہے کہ جب ایران کا کچھ حصہ مفتوح ہوا اور ایرانی قیدی حضرت عمر کے دربار میں اس صورت سے پیش ہوئے کہ انکے ہاتھ شکم پر بندھے ہوئے تھے امیر عمر کو یہ ادا پسند آئی اور حکم دیا کہ مسلمان نماز میں ہاتھ باندھ کر کھڑے ہوں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دیوبندی کی لوح محفوظ کا ایک اور فیصلہ نماز میں ہاتھ باندھنا

بدعت ہے اور مبطل ہے اور زنا کرنے سے بدتر ہے

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب بحر الزخار صفحہ ۲۴۱ ج ۱ تالیف احمد بن یحیی المرتضیٰ

۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب الروضۃ الندیہ صفحہ ۹۷ ج ۱ تالیف نواب صدیق حسن

البحر الزخار کی عبارت	ووضع الید علی الید بعد التکبیر غیر مشروع لقولہ اسکنوا فی الصلوۃ (ھق ط) ویبطلہا اذ ھو فعل کثیر (ای)

یکرہ ولا تفسد اذ لا دلیل. قلنا الکثرۃ

ترجمہ: اہل سنت کا کوئی ناصریہ فرقہ یہ بھی کہتا ہے کہ نماز میں تکبیر کے بعد ہاتھ پر ہاتھ رکھنا شریعت نہیں ہے۔ بلکہ بدعت ہے، کیونکہ نبی پاک نے فرمایا ہے کہ نماز میں سکون کرو بعض کہتے ہیں کہ ہاتھ باندھنا نماز میں نماز کو باطل کرتا ہے کیونکہ یہ فعل کثیر ہے، بعض کہتے ہیں کہ ہاتھ باندھنا نماز میں مکروہ ہے اور نماز فاسد نہیں ہوتی کیونکہ فساد پر کوئی دلیل نہیں ہے صاحب کتاب کہتا ہے۔ کہ دلیل فساد ہے کہ ہاتھ باندھنا فعل کثیر ہے۔

الروضۃ الندیہ کی عبارت	ولو راہ یزنی او یشرب الخمر او یقتل النفس لم یجد بینہ وبینہ من العداوۃ ما یجری بسبب التمسک

بہذہ السنن او بعضہا

ترجمہ:۔ اختصار کی خاطر عربی کم لکھی ہے نواب صدیق حسن خان نے الروضہ میں حاشیہ شفا کے حوالہ سے یہ نقل کیا ہے کہ اہل سنت کا اس زمانہ میں برا حال ہو گیا کہ اگر کوئی ہاتھ باندھ کر۔

نماز پڑھے تو اسکو دوسرے اہل سنت دین سے خارج شمار کرتے ہیں اور ہاتھ باندھنے کے مسئلہ میں اہل سنت ایسے بھائی بھائی کے ساتھ اور باپ بیٹے کے ساتھ جھگڑ رہا ہے اگر کوئی اہل سنت کسی اہل سنت کو زنا کرتے ہوئے یا شراب پیتے ہوئے یا کسی کو ناحق قتل کرتے ہوئے دیکھے تو اس زانی اور شرابی اور قاتل کے اور اس دیکھنے والے کے درمیان اتنی دشمنی پیدا نہیں ہوتی جتنی ایک ہاتھ باندھ کر نماز پڑھنے والے اہل سنت اور اس کو دیکھنے والے اہل سنت کے درمیان پیدا ہوتی ہے اور اس دشمنی کا سبب صرف یہ سنت امر ہے کہ اس نے نماز میں ہاتھ باندھے ہیں

ہاتھ باندھنے کی بابت بھانت بھانت کے فتووں سے کوئی تنگ نہ ہو

ارباب انصاف دیوبندی لوح محفوظ کے ہاتھ باندھنے کی بابت فتووں کو پڑھ کر آپ دل تنگ نہ ہوں ان اسلام کے ٹھیکیداروں نے خاندان نبوت کا دروازہ چھوڑ کر اسلامی عبادات کا جنازہ نکال دیا ہے یہ اسلام کے ٹھیکیدار ابھی تک نماز میں ہاتھ باندھنے اور کھولنے کا فیصلہ نہیں کر سکے ان بیچاروں کو یہ بھی پتہ نہیں کہ نبی کریم نماز میں ہاتھ کھولتے تھے یا باندھتے تھے تو کہاں پر آیا چھاتی پر یا ناف کے اوپر یا ناف کے نیچے ان سے کوئی پوچھے کہ تمہارے ابوبکر، عمر اور عثمان کیا کرتے تھے ان سے نبی کریم والی نماز کی حفاظت نہ ہو سکی باقی اسلام انہوں نے کیا بچایا ہے ہمیں مجبوراً یہ کہنا پڑتا ہے کہ دیوبندی مذہب بھانت بھانت کے فتووں کا مجموعہ ہے۔ اہل سنت بھائیوں کا نماز کی بابت شریعت بل چودہ سو برس گزر گئے ہیں ابھی مکمل نہیں ہو سکا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

نماز میں ہاتھ باندھنے کے مسئلہ میں اہل سنت کا ایک

فرقہ دوسرے فرقوں کو مثلاً مالکی حنفیوں کو جھٹلاتے ہیں

ارباب انصاف ہمارے پیش کردہ حوالہ جات سے آپکو بخوبی یہ اندازہ ہو جائیگا کہ نماز ہاتھوں کھول کر پڑھنا کوئی ایسا زہر کا پیالہ نہیں ہے جسکو کسی اہل سنت نے آج تک نہ پیا ہو حضرت امام مالک امام اہل سنت ہیں اور ۲۰ عدد کتب اہل سنت سے ہم نے انکا یہ فتویٰ پیش کیا ہے کہ وہ فرماتے ہیں نماز ہاتھ کھول کر پڑھی جائے اور حج کے موقع پر آج بھی مالکی فقہ کے لوگ ہزارہا اہل سنت حنفیوں کے سامنے ہاتھ کھول کر نماز پڑھتے ہیں اور اعلانیہ حنفیوں کے امام اعظم کو جھٹلاتے ہیں اور حنفی مذہب کے لوگ ہاتھ باندھ کر نماز پڑھتے ہیں اور اعلانیہ امام مالک کو جھٹلاتے ہیں اور اہل سنت کی نادانی کی انتہا دیکھئے کہ بچارے کہتے ہیں کہ ہمارے یہ دونوں امام برحق ہیں اور امام شافعی کا فتویٰ بھی پیش کیا ہے کہ انہوں نے فرمایا ہے کہ نماز ہاتھ کھول کر پڑھنا جائز ہے اور درست ہے پس امام اہل سنت امام شافعی نے بھی ابوحنیفہ کو جھٹلایا ہے اور ابوحنیفہ نے یہ فتویٰ دے کر کہ نماز ہاتھ باندھ کر پڑھی جائے امام مالک اور امام شافعی کو جھٹلایا ہے اور حضرت امیر معاویہ نے نماز کی حالت میں جو تی مار مار کر نماز میں ہاتھ باندھنے کا فتویٰ دینے والے کی فقہ پر پھر لو پھیر دیا ہے کیونکہ بندھے ہوئے ہاتھوں سے نماز میں جوتے نہیں مارے جا سکتے۔

نماز میں ہاتھ کہاں باندھے جائیں اہل سنت علماء

کے بھانت بھانت کے فتوے ملاحظہ ہوں

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب صحیح مسلم کی شرح نووی ص ۱۴۳ ج ۱ ذکر نماز

۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب عمدۃ القاری شرح بخاری ص ۱۵ ج ۳ ذکر نماز

۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب فتح الباری شرح بخاری ص ۲۲۴ ج ۲ کتاب الاذان

۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب ہدایہ ج ۱ کتاب الصلوۃ

۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب کفایہ شرح ہدایہ ص ۲۵۰ ج ۱

۶۔ اہل سنت کی معتبر کتاب العنایہ شرح ہدایہ ص ۲۵۰ ج ۱

۷۔ اہل سنت کی معتبر کتاب نیل الاوطار ص ۲۱۱ ذکر نماز

۸۔ اہل سنت کی معتبر کتاب اوجز المسالک ص ۱۹۷ ج ۲

۹۔ اہل سنت کی معتبر کتاب رحمۃ الامۃ فی اختلاف الائمہ ص ۲۶

۱۰۔ اہل سنت کی معتبر کتاب میزان الکبریٰ ص ۱۵۰ ج ۱

۱۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب الروضۃ الندیہ ص ۹۲ ج ۱ ذکر نماز

رحمۃ الامۃ فی اختلاف الائمۃ	واختلفوا فی محل وضع الیدین فقال ابوحنیفۃ تحت السرۃ وقال الشافعی تحت صدرہ وفوق سرتہ وعن احمد الخ

ترجمہ: اہل سنت کے اماموں نے اس مسئلہ میں کہ نماز میں ہاتھ کہاں باندھیں اختلاف کیا ہے ابوحنیفہ کے نزدیک ناف کے نیچے اور شافعی کے نزدیک چھاتی کے اوپر باندھے اور احمد کے نزدیک دو فتوے ہیں ایک ناف کے نیچے باندھا اور دوسرے چھاتی کے اوپر باندھے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

میزان الکبریٰ کی عبارت ثم اختلفوا فی محل وضع الیدین فقال ابوحنیفۃ تحت السرۃ وقال الشافعی فوق السرۃ

ترجمہ :۔ اہل سنت کے اماموں نے اس مسئلہ میں اختلاف کیا ہے کہ حالت نماز میں ہاتھ کس جگہ رکھے امام اعظم کہتا ہے کہ ناف کے نیچے رکھے امام شافعی کہتا ہے کہ چھاتی کے نیچے اور ناف کے اوپر رکھے۔

عمدۃ القاری کی عبارت الوجہ الثالث فی مکان الوضع فعندنا تحت السرۃ وعند الشافعی علی الصدر

ترجمہ :۔ حنفی مذہب میں علامہ عینی فرماتے ہیں کہ نماز میں ہاتھ ناف کے نیچے باندھے اور شافعی مذہب میں ہے کہ چھاتی کے اوپر باندھے۔

صحیح مسلم کی شرح نووی وعن احمد روایتان کالمذہبین وروایۃ ثالثۃ انہ مخیر بینھما ولا ترجیح

ترجمہ :۔ امام اہل سنت امام احمد کے ہاتھ باندھنے کی بابت تین فتوے ہیں نمبر۱ ہاتھ نماز میں چھاتی پر باندھے نمبر۲ ناف کے نیچے باندھے۔ نمبر۳۔ خواہ چھاتی پر باندھے یا ناف کے نیچے باندھے آدمی کو اختیار ہے۔

نوٹ :۔ ارباب انصاف آپ نے قوم معاویہ خیل کا اسلام دیکھ کر نبی پاکؐ نے ہزاروں مرتبہ نماز پڑھ کر صحابہ کو دکھائی مگر صحابہ کے حافظے کے بارے وار دارے جائیں بیچاروں نے جان بوجھ کر یا بھول کر نماز کو بھانت بھانت کے اقوال کا مجموعہ بنا دیا ہے۔ ایک بات ہے امام مالک کہتا ہے کہ نماز ہاتھ کھول کر پڑھی جائے اعظم اور شافعی اور احمد بن حنبل کہتا ہے کہ باندھ کر پڑھی جائے۔

دیوبند کی لوح محفوظ میں ہاتھ باندھنے کی بدعت میں

بھانت بھانت کی حکمتیں ملاحظہ ہوں۔

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب عمدہ القاری شرح بخاری ص ۱۶/۲۷۹

۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب فتح الباری شرح بخاری ص ۲۲۴/۲۶۰

۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب الکفایہ شرح ہدایہ ص ۲۵۰/۱

۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب میزان الکبریٰ ص ۱۵۰/۱

فتح الباری کی عبارت قال العلماء الحکمۃ فی ھذہ الھیئۃ انہ صفۃ السائل الذلیل وھوا منع من العبث واقرب الی الخشوع

ترجمہ :۔ ابن حجر عسقلانی وکیل معاویہ کہتا ہے کہ علماء فرماتے ہیں کہ سنیوں کی طرح نماز میں ہاتھ باندھنے کی حکمت یہ ہے کہ یہ ہاتھ باندھنا کمینے گداگر کی صورت ہے اور اس طرح فضول کام کرنے سے ہاتھوں کو زیادہ رکاوٹ ہے، اور اس میں خشوع وخضوع بھی ہے۔

(نوٹ) گویا ہاتھ باندھنے والے اللہ کے حضور میں بقول ابن حجر اپنی کمینگی کا مظاہرہ کرتے ہیں، ابن حجر نے دھوکا دیا ہے سائل ہاتھ جوڑ کر کھڑے ہوتے ہیں اور وہ اس طرح کہ ہاتھوں کی دونوں ہتھیلیوں کو ملا کر انگلیوں کے سر کعبہ مراد کی طرف کرتے ہیں جس طرح ہندو بتوں کے سامنے ہاتھ جوڑتے ہیں، اور جس طرح سنی نماز میں ہاتھ باندھتے ہیں یہ متکبرانہ انداز ہے اس طرح کوئی بھی سائل سوال نہیں کرتا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کفایہ شرح ہدایہ: انما امروا بالاعتماد اشفاقاً علیهم لانهم کانوا یطولون القیام فکان ینزل الدم الی رؤس اناملهم۔

ترجمہ:۔ ایک وکیل معاویہ ہاتھ باندھنے کے حکمت اس طرح بیان کرتا ہے کہ ہاتھ باندھنے کی بدعت اسطرح شروع ہوئی کہ مسلمان نماز میں قیام کو طول دیتے تھے یعنی زیادہ دیر کھڑے ہوتے تھے اور خون انکی انگلیوں میں اتر آتا تھا پس حکومت کی طرف سے انکو آرڈر ہوا کہ وہ ہاتھ باندھیں۔ نوٹ:۔ مذکورہ عبارت سے یہ ثابت ہوگیا کہ ہاتھ باندھنے کی بابت کوئی آیت قرآن یا حدیث موجود نہیں ہے ہاتھ، باندھنے کی بدعت کے بارے صرف من گھڑت تاویل اور دلیل ہے جسکا نتیجہ یہ ہے کہ جسکی انگلیوں میں خون نہ اترے وہ نہ باندھے، اور مذکورہ عبارت سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ لوگ ہاتھ کھول کر نماز پڑھتے تھے خون کی بیماری سے ہاتھ باندھنے کی بدعت جاری ہوئی ہے۔

عمدۃ القاری کی عبارت: ونحن نقول الوضع تحت السرۃ اقرب الی التعظیم وابعد من التشبیه باهل الکتاب واقرب الی ستر العورۃ وحفظ الازار عن السقوط وفی الوضع علی الصدر تشبیه بالنساء

ترجمہ:۔ بدرالدین عینی ہاتھ باندھنے کی بدعت میں یہ حکمت بیان کرتے ہیں کہ اس میں تعظیم پروردگار زیادہ ہے، اور یہودیوں سے تشبیہ میں زیادہ دوری ہے اور شرمگاہ کو چھپانے کے زیادہ قریب ہے اور دھوتی کے گرنے سے حفاظت ہے اور چھاتی پر ہاتھ باندھنے میں عورتوں سے شباہت ہے اس لیے ہم احناف ناف کے نیچے ہاتھ باندھتے ہیں اور چھاتی پر باندھنا سنت نہیں سمجھتے ہیں۔

(نوٹ) :۔ بدرالدین عینی نے اپنی تقریر میں امام شافعی کے مذہب

کو جھٹلا کر مسلمانوں پر احسان عظیم فرمایا ہے نیز یہ اشارہ بھی کر دیا کہ ہاتھ باندھنا عبادت میں یہودیوں کا کام ہے البتہ اگر ناف کے نیچے باندھیں تو کچھ مقدار یہودیوں سے مشابہت میں کمی ہو جاتی ہے نیز یہ انکشاف بھی فرمایا ہے کہ احناف کے آلۂ تناسل نماز میں کھڑے ہو جاتے ہیں ان کے دبانے میں بھی ہاتھ باندھنا مفید ہو جاتا ہے اور آلہ کے کھڑے ہونے کی وجہ سے ہی احناف کو دھوتی کے گرنے کا زیادہ خطرہ ہوتا ہے اس لئے ہاتھ باندھنا دھوتی کی حفاظت بھی خوب کرتا ہے۔

میزان الکبریٰ کی عبارت: عبدالوہاب شعرانی امام اہل سنت فرماتے ہیں کہ ہاتھ باندھ کر کھڑا ہونا یہ نوکر کا طریقہ ہے لہذا علماء اور اولیاء تو ہاتھ باندھیں عوام اہل سنت ہاتھ کھول کر نماز پڑھیں اور اسکی وجہ یہ بیان کرتا ہے کہ نماز میں ہاتھ باندھنا باندھنے کیطرف ذہن کو متوجہ کرتا ہے اور جب باندھنے کے طرف توجہ ہوگی تو اللہ پاک کے طرف توجہ میں فرق آئیگا اور یہ خامی ہاتھ کھولنے میں نہیں ہے۔

(نوٹ) : ارباب انصاف قوم معاویہ خیل نے ہاتھ باندھنے کی بابت بھانت بھانت کی توجیہات سے انہوں نے خود اپنی بنائی ہوئی احادیث کو بھی جھٹلایا ہے۔ کیونکہ اگر ہاتھ باندھنا حکم رسول اللہ ہے تو پھر ان توجیہات کا کوئی مطلب نہیں ہے جب ان کے چار اماموں کے فتاوی کو جمع کر کے ہاتھوں کی بابت فیصلہ کرنا پڑے تو عقل مند آدمی اسلام سے ہی بیزار ہو جاتا ہے جن کے امام نماز میں ہاتھوں کی بابت ایک صحیح فیصلہ نہ کر سکیں وہ نظام اسلام کیا چلائیں گے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نقشہ نماز میں اہل سنت کے اختلافات

اور بھانت بھانت کے فتاوی کا

	فتوی	حوالہ کتاب	نام مفتی
۱۔	ہر شخص ہاتھ کھول کر نماز پڑھے	ہدایہ ص ۱۰۳ ج ۱	امام مالک
۲۔	ہر شخص نماز واجب میں ہاتھ کھولے سنت میں باندھے۔	اوجز المسالک ص ۱۹۶ ج ۲	
۳۔	سنت نماز میں اگر قیام لمبا ہو تو باندھے۔	اوجز المسالک ص ۱۹۶ ج ۲	امام مالک
۴۔	واجب نماز میں ہاتھ باندھنا مکروہ ہے۔	اوجز المسالک ص ۱۹۶ ج ۲	〃
۵۔	ہاتھ باندھ کر نماز پڑھیں	روضۃ الندیہ ص ۹۶ ج ۱	〃
۶۔	اگر ہاتھوں سے عبث کام نہ کرے تو کھول کر پڑھے۔	میزان الکبریٰ ص ۱۵۰ ج ۱	امام شافعی
۷۔	ہر نماز ہر شخص ہاتھ کھول کر پڑھے۔	نیل الاوطار ص ۲۰۸ ج ۲	عبداللہ بن زبیر
۸۔	اگر حالت نماز میں بچہ کو بھی اٹھا کر کھڑا ہو تو ہاتھ کھول کر پڑھیں۔	صحیح مسلم کی شرح نووی ص ۱۷۳ ج ۱	محی الدین نووی

	فتوے	حوالہ کتاب	نام مفتی
۹۔	اگر بیوی کے لیے دروازہ کھولنا ہو تو نماز میں ہاتھ بھی کھول لے	سنن ابی داود ص ۲۴۲ ج ۱	محدث ابو داود
۱۰۔	اگر نماز میں جوئیں مارنا ہے تو ہاتھ کھول کر پڑھیں۔	کشف الغمہ ص ۸۷ ج ۱	امید عمر
۱۱۔	اگر نماز میں پنکھا جھلنا ہے تو ہاتھ کھول کر پڑھے۔	فتاوی قاضی خان	قاضی خان
۱۲۔	اگر نماز میں بچھو مارنا ہے تو ہاتھ کھول کر نماز پڑھے۔	صحاح ستہ	محدثین
۱۳۔	عوام لوگ ہاتھ کھول کر نماز پڑھیں اور اولیاء اور علماء ہاتھ باندھ کر نماز پڑھیں۔	میزان الکبریٰ ص ۱۵۰ ج ۱	عبدالوہاب شعرانی
۱۴۔	سبحانک اللہ پڑھتے وقت کھول رکھے پھر باندھے۔	رد المحتار ص ۴۸۷ ج ۱	امام محمد
۱۵۔	ہر شخص تمام نماز میں ہاتھ کھول کر پڑھے۔	نیل الاوطار ص ۲۰۹ ج ۲	امام اہل سنت حسن بصری
۱۶۔	ہر شخص تمام نماز میں ہاتھ کھول کر پڑھے۔	اوجز المسالک ص ۱۹۶ ج ۲	امام اہل سنت محمد بن سیرین
۱۷۔	ہر نماز ہر شخص ہاتھ کھول کر پڑھے۔	روضۃ الندیہ	ابراہیم نخعی
۱۸۔	تمام نماز میں ہاتھ کھول کر پڑھیں		سعید بن جبیر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نمبر	فتوے	حوالہ کتاب	نام مفتی
۱۹۔	اہل مدینہ ہاتھ کھول کر نماز پڑھتے تھے۔	درایات [illegible] ص ۳۴ ج ۱	محمد معین لاہوری
۲۰۔	ہر شخص کو اختیار ہے چاہے ہاتھ کھول کر نماز پڑھے چاہے۔ ہاتھ باندھ کر نماز پڑھے	رحمۃ الامۃ فی اختلاف الائمہ ص ۳۷	امام اہل سنت امام الاوزاعی
۲۱۔	ہر شخص کھول کر پڑھے اگر تھک جائے تو راحت کی خاطر باندھے	فتح الباری ص ۲۲۴ ج ۱	امام اہل سنت ابن حاجب
۲۲۔	کسی بھی نماز میں ہاتھ باندھنا فرض نہیں ہے	ہدایہ شریف ص ۱۰۲	امام اعظم
۲۳۔	نماز میں ہاتھ باندھنا سنت ہے واجب نہیں۔	درالمختار ص ۴۸۷ ج ۱	〃
۲۴۔	ہاتھ باندھنا نماز میں یہ صرف عادت ہے	روضۃ الندیہ ص ۹۷	نواب صدیق حسن خان صاحب
۲۵۔	نماز میں ہاتھ باندھنا صرف شیعوں کی مخالفت کی خاطر ہے۔	کفایہ شرح ہدایہ ص ۳۵ ج ۱	جلال الدین خوارزمی
۲۶۔	نماز میں ہاتھ باندھنا رومیوں کی وجہ سے ہے	تنویر العینین ص ۹۸	شاہ اسمعیل شہید
۲۷۔	نماز میں ہاتھ باندھنا بدعت ہے	بحر الزخار ص ۲۴۱ ج ۱	احمد بن یحیی

نمبر	فتوے	حوالہ کتاب	نام مفتی
۲۸۔	ہاتھ نماز میں ناف کے نیچے باندھے۔	عمدۃ القاری ص ۱۵ ج ۳	امام اعظم
۲۹۔	ہاتھ نماز میں چھاتی کے اوپر باندھے۔	〃 ج ۵ ص ۱۵	امام شافعی
۳۰۔	اختیار ہے چھاتی یا ناف پر باندھے	صحیح مسلم کی شرح نووی ص ۴۳ ج ۱	امام احمد
۳۱۔	داہنا ہاتھ باندھے بایاں کھولے	شرح وقایہ ص ۱۰۲ برجندی قول کشوری	امام اہل سنت امام ابو یوسف
۳۲۔	داہنی ہتھیلی بائیں ہتھیلی پر رکھے	شرح وقایہ برجندی	
۳۳	دائیں ہاتھ کی ہتھیلی بائیں کی پشت پر رکھ کر کلائی کے جوڑ کو پکڑے	رد المحتار ص ۴۸۷ ج ۱	امام اعظم
۳۴	خنثی نماز میں ہاتھ چھاتی پر رکھے	رد المحتار ص ۴۸۷ ج ۱	〃

(نوٹ) شرح وقایہ برجندی مجھے نہیں مل سکی اس کے حوالہ کو میں نے علامہ محمد سلطین سرسوی کی اسلامی نماز سے نقل کیا ہے ارباب تحقیق متوجہ رہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اہل سنت دوستوں کو دعوت انصاف بجوش

شاہ عبدالعزیز، زیادہ اختلاف جھوٹ کی دلیل ہے

ا۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تحفہ اثنا عشریہ صـ۲۳۱ تتمہ بحث الامامۃ میں شاہ عبدالعزیز دہلوی نے اہل تشیع پر بحث کی ہے وہاں شاہ صاحب نے لکھا ہے کہ اس مسئلہ میں شیعوں میں اختلاف ہے اور ہمیں گیا ہے اس اختلاف سے گوشت خر و دندان سگ اور زیادہ اختلاف جھوٹ کی دلیل ہے، پس شیعہ جھوٹے ہیں، ارباب انصاف ہم اس محدث دہلوی کی اس تحقیق کو انکے اوپر لوٹاتے ہیں کہ علماء اہل سنت نے عبادات کی سردار عبادت نماز کا جنازہ نکال دیا ہے، اور اسکو بھانت بھانت کے فتاوٰی کا مجموعہ بنا دیا ہے اور گوشت خر و دندان سگ کی کہاوت انکے علماء پر صحیح معنوں میں صادق آتی ہے اور آپ کی تسلی کے لئے نمونہ پیش خدمت ہے۔

اہل سنت کا شیعوں سے اور آپس میں نماز کے مسئلہ میں دس

مقامات پر اختلاف کرنا، اہل دیوبند کے جھوٹے ہونے کا ٹھوس ثبوت ہے

پہلا اختلاف — وضو نماز کے لئے ضروری امر ہے اگر وضو باطل تو نماز باطل ہے اور مسئلہ وضو میں اہل سنت کے پاؤں دھونے کی بابت بھانت بھانت کے فتوے آپ نے اسی رسالہ میں پڑھ لئے ہیں کوئی سنی کہتا ہے کہ دھونا فرض ہے کوئی معاویہ خیل کہتا ہے دھونے اور مسح کرنے میں آدمی کو اختیار ہے کوئی

نطفہ حلال کہتا ہے کہ دھونا اور مسح کرنا دونوں بجا لائیں، اگر زیادہ اختلاف جھوٹ کی دلیل ہے تو پاؤں دھونے کے مسئلہ میں اہل سنت آپس میں اختلاف کرکے جھوٹے ہو گئے۔

دوسرا اختلاف | اعضاء کے الٹا سیدھا دھونے کا اہل سنت اعضاء وضو کو الٹا دھو کر فطرت کی مخالفت کرتے ہیں نیز اس مسئلہ میں بھی انکے بھانت بھانت کے فتوے ہیں۔

تیسرا اختلاف | نماز میں تکبیر کے وقت ہاتھ اٹھانے یا نہ اٹھانے میں ہے اس مسئلہ میں تو اہل سنت کا اختلاف اتنا بڑا ہے کہ شاہ عبدالعزیز دہلوی کے ہم خیال شاہ اسماعیل شہید نے کتاب تنویر العینین فی اثبات رفع الیدین لکھ ماری ہے اور اس مسئلہ میں اہل سنت کے بھانت بھانت کے فتوے جمع کرکے تمام اہل سنت کو جھوٹا ثابت کر دیا ہے۔

چوتھا اختلاف | نماز میں بسم اللہ کے بلند آواز سے پڑھنے میں ہے اہل سنت گواہ ہیں کہ اس مسئلہ میں انکی احادیث اور فتاوٰی میں بہت اختلاف ہے اور اس اختلاف کی وجہ سے معاویہ کا بسم اللہ کی چوری کرنا ہے اس مسئلہ میں اہل سنت نے امام الہدیٰ حضرت علیؑ کی مخالفت کرکے اور معاویہ کی موافقت کرکے اپنے منہ پر لعنت کی سیاہی ملی ہے۔

پانچواں اختلاف | الحمد کے پڑھنے کے بعد آمین کا پڑھنا ہے اور پھر اس میں اختلاف کہ آمین بلند پڑھے یا دل میں کتب اہل سنت گواہ ہیں، کہ اس مسئلہ میں بھی انکے بھانت بھانت کے فتوے ہیں۔

چھٹا اختلاف | التحیات کے پڑھنے کے بارے میں ہے، چونکہ نواصب کو آل محمدؐ سے نفرت ہے اور دشمنان آل محمد سے بہت پیار ہے۔ لہٰذا درود شریف پڑھتے وقت نواصب کو سخت تکلیف ہوتی تھی، اسلئے بیچارے ام

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اہل سنت امام شافعی کو یہ فتویٰ دینا پڑا کہ جو شخص نماز میں آل محمد پر درود شریف نہ پڑھے گا اسکی نماز نہیں ہے

ساتواں اختلاف | اہل سنت نماز کے ختم کرتے وقت خانہ کعبہ سے منہ پھیر لیتے ہیں۔ دراصل بات یہ ہے جنکی نماز قبول نہیں ہوتی فرشتہ نماز کو انکے منہ پر مارتا ہے اس لئے اس ناجی نمازی کا منہ قبلہ کی طرف سے پھر جاتا ہے۔

آٹھواں اختلاف | دو نمازوں کو ملا کر پڑھنے کا ہے اہل سنت کے عمل اور انکی کتابوں کا اس مسئلہ میں بہت اختلاف ہے اور بھانت بھانت کے فتوے ہیں۔

نواں اختلاف | آذان اور اقامہ کے مسائل ہیں۔ نواصب نے الصلوٰۃ خیر من النوم کہنے کی آذان میں بدعت جاری کر کے اپنے گلے میں ایک مصیبت ڈالی ہے کتب اہل سنت گواہ ہیں کہ فصول آذان کتنے ہیں، من النوم کس نے کہا کیوں کہا کب کہنا چاہیئے نیز آذان اور اقامت کے دیگر مسائل میں انکے بھانت بھانت کے فتوے ہیں۔

دسواں اختلاف | نماز میں قیام کے وقت ہاتھ کہاں رکھے جائیں ہمارا پیش کردہ نقشہ اس کا ٹھوس ثبوت ہے کہ اس مسئلہ میں اختلاف کی تمام حدیں علماء اہل سنت نے توڑ دی ہیں کوئی کہتا ہے کہ دونوں کھول کر پڑھیں اور اہل سنت کا امام ابو یوسف کہتا ہے کہ ایک کھول کر اور دوسرا چاہیئے کھول کر اور چاہیئے باندھ کر نماز پڑھیں۔ نقشہ مذکورہ میں آپ قوم معاویہ کے بھانت بھانت کے فتوے پڑھ کر فیصلہ فرماویں کہ بقول شاہ عبدالعزیز سنی کے اگر زیادہ اختلاف گوشت خر اور دندان سگ ہے تو یہ اختلاف ان بنو امیہ کے کتوں میں بہت زیادہ پایا جاتا ہے۔ اور اگر زیادہ اختلاف جھوٹے کی دلیل ہے تو نماز میں اہل سنت کے آپس میں اختلاف کے باعث تمام اہل سنت جھوٹے ثابت ہو گئے۔

میر صاحب کا نماز میں بوقت قیام ہاتھ باندھنے کی مذمت

پر نواصب کے ساتھ فیصلہ کن مناظرہ

ایک مرتبہ میرے پرانے دوست میر صاحب مجھے ملے میں نے کہا جناب کبھی نواصب سے ہاتھ باندھنے کی مذمت پر بھی آپکی بات چیت ہوئی ہے انہوں نے فرمایا ہاں اور میں نے انکو اس دنگل میں سر کے بل پھینکا میں نے کہا ذرا اختصار کے ساتھ بیان فرمایئے کہ ہاتھ باندھنے کی مذمت پر آپنے قرآن پاک سے کیا ثبوت پیش کیا تھا میر صاحب نے کہا

پہلا ثبوت | قرآن پاک پارہ نمبر ۶ نمبر ۱۵ سورۃ توبہ آیت نمبر ۶۷

والمنافقون والمنافقات یامرون بالمنکر وینهون عن المعروف ویقبضون ایدیهم نسوا الله فنسیهم ان المنافقون هم الفاسقون

ترجمہ :۔ منافق مرد اور منافق عورتیں برائی کی رغبت دلاتے ہیں اور بدی کا حکم دیتے ہیں اور نیکی سے منع کرتے ہیں اور ہاتھوں کو سمیٹ لیتے ہیں اور باندھ لیتے ہیں منافق خدا کو بھول گئے خدا نے انکو بسرا دی تحقیق منافق ہی فاسق ہیں۔

تقریب استدلال | اس آیت میں ہاتھ باندھنا منافقوں کی نشانی بتائی گئی ہے: اور ہاتھ باندھنا دوسرے صفتوں کے ساتھ منافقین کی مذمت ہے۔ اگر منافق ہاتھ نہ باندھتے تو خدا تعالیٰ انکی مذمت نہ کرتا اور جس چیز کی عبادت میں دخل نہیں ہو سکتی پس جب ہاتھ باندھنے کی اللہ پاک نے مذمت کر دے تو نماز جیسی عظیم عبادت میں یہ ہاتھ باندھنا داخل نہیں ہو سکتا۔

(اللہ پاک مذمت کرے وہ چیز کیسی)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نواصب کی طرف سے تجور | میر صاحب نے کہا کہ میرے اس بیان اور دلیل کو سن کر سب مولانا صاحبان پریشان ہو گئے اور پھر چیخنے لگے کہ اس آیت میں بے شک ہاتھ باندھنے کی مذمت ہے مگر اسکا نماز سے کوئی تعلق نہیں۔

میر صاحب کا دندان شکن جواب | میر صاحب نے فرمایا کہ اس آیت میں ہاتھ باندھنے کی مذمت کا ذکر عام ہے کسی خاص چیز سے اسکو مختص نہیں کیا گیا آپ یوں سمجھیں کہ ہاتھ باندھنا برا ہے مگر کہاں حج کرتے وقت یا زکواۃ دیتے وقت یا روزہ رکھتے وقت یا جہاد کرتے وقت ہاتھ باندھنے کی برائی کے وقت کو نہیں بیان کیا گیا معلوم ہوا کہ ہاتھ باندھنے کی مذمت عام ہو گئی جسکا مطلب یہ ہے کہ ہاتھ باندھنا برا اور بد ہے کسی جگہ بھی ہاتھ باندھے خواہ جہاد کرتے وقت ہاتھ باندھے تو بھی بد ہے خواہ نماز پڑھتے وقت ہاتھ باندھے تو بھی بد اور برا ہے۔

دوسرا ثبوت | قرآن پاک پارہ نمبر ۶ ع ۱۳ سورۃ المائدہ آیت نمبر ۶۴
وقالت الیہود ید اللہ مغلولۃ غلت ایدیھم ولعنوا بما قالوا بل یداہ مبسوطتان ینفق کیف یشاء۔

ترجمہ :۔ اور یہود نے کہا کہ خدا کے ہاتھ بندھے ہوئے ہیں انکے اپنے ہاتھ بندھے ہوئے ہیں اور انکو اس کلام پر جو انہوں کیا لعنت کی گئی ہے بلکہ خدا کے دونوں ہاتھ کھلے ہوئے ہیں۔

تقریب استدلال | ہاتھ باندھنا وہ بری صفت ہے کہ جب یہود نے اسکی نسبت اللہ پاک کی طرف دی تو اللہ میاں اتنا غضب ناک ہوا ہے کہ فٹ ان پر لعنت فرمائی ہے معلوم ہوا کہ ہاتھ باندھنا وہ برائی ہے کہ جو اس برائی کی کسی کی طرف نسبت دے وہ لعنتی ہے اور اسی سے اندازہ فرمائے کہ اگر کوئی

اس بری سنت پر عمل کرے گا تو وہ کتنا بڑا لعنتی ہو گا۔ اور اس آیت کا نماز کے ساتھ اس طرح تعلق بنتا ہے کہ بندھے ہوئے ہاتھوں سے کوئی نیکی نہیں کی جا سکتی اور نماز بھی تو ایک نیکی ہے، لہذا یہ نیکی بھی بندھے ہوئے ہاتھوں سے نہیں ہو سکتی۔

ولعبادۃ اخری | چونکہ یہ آیت اہم تھی میر صاحب نے اسکی اس طرح دوبارہ تشریح فرمائی بقول میر صاحب میں نے تفسیر بیضاوی اور تفسیر کشاف جو کہ کتب اہل سنت ہیں نکال کر فوراً مولانا صاحبان کو دکھائیں اور علم بلاغت کی کتاب جو سنی عالم تفتازانی کی لکھی ہوئی ہے وہ بھی پیش کی قانون ہے کبھی جملہ خبریہ انشاء کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ مثلاً رضی اللہ عنہ یہ جملہ خبریہ ہے اور دعا کے معنی میں استعمال ہوتا ہے، اسی طرح "غلت ایدیھم" یہ جملہ خبریہ ہے اور اللہ پاک نے یہود کیلئے اسکو بد دعا کے معنی میں استعمال فرمایا ہے، معلوم ہوا کہ جب اللہ پاک کسی پر ناراض ہوتا ہے تو اسکو یہ بد دعا کرتا ہے کہ اسکے ہاتھ بندھے جائیں لہذا جو لوگ نماز میں ہاتھ باندھ لیتے ہیں معلوم ہوا کہ انکو بھی خدا تعالےٰ کی بد دعا لگی ہے۔

میر صاحب نے ایک اور دو پٹیتو د بدلا | میر صاحب نے کہا کہ خدا تعالیٰ کی نظر میں ہاتھ کھلا رہنا عزت کی علامت ہے اور ہاتھ بندھا رہنا ذلت اور رسوائی کی نشانی ہے اسی لئے تو اللہ پاک نے پارہ ۲۹ سورہ الحاقہ آیت ۳۰ میں فرمایا ہے۔ خُذُوْہُ فَغُلُّوْہُ، یعنی اسکو پکڑ لو اور اسکے ہاتھ باندھ لو اور سورہ دھر پارہ نمبر ۲۹ میں فرمایا ہے، انا اعتدنا للکفرین سلٰسلا واغلالا وسعیرا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کہ ہم نے کافروں کے لیے زنجیر اور انکے ہاتھ کو باندھنا اور دوزخ کی آگ تیار کی ہے اور مومن کو اللہ پاک کسی ذلیل و خوار یہودی کی طرح دیکھنا پسند نہیں کرتا پس یہودی کی طرح ہاتھ باندھ کر اللہ کے حضور میں کھڑا ہونا جائز نہیں ہے

تیسرا ثبوت | قرآن پاک پارہ ۲۹ سورہ قلم آیت ۳۵، افنجعل المسلمین کالمجرمین مالکم کیف تحکمون!

ترجمہ :- کیا مسلمین کو ہم مجرمین کی مانند بنا دیں گے تم کیسی بات کہتے ہو بقول میر صاحب میں نے مولانا صاحبان کو للکار کر کہا کہ بڑے اور مجرم آدمی کو سزا کی خاطر جب کھٹرا عدالت میں پیش کیا جاتا ہے تو اسکے ہاتھ باندھ لایا جاتا ہے اگر نمازی مجرم ہے اور نماز سزا ہے تو پھر نمازی مجرم کی طرح ہاتھ باندھ کر کھڑا ہو جائے لیکن نماز تو مومن کی معراج ہے اور جب نبی کریم معراج پر گئے تھے تو کیا انکے ہاتھ باندھ کر فرشتہ لے گیا تھا حالت نماز تو بندہ پر نزول رحمت کی گھڑی ہوتی ہے اور رحمت کی گھڑی میں خدا تعالیٰ اپنے بندے کو مجرم کی حالت میں دیکھنا پسند نہیں کرتا اگر نمازی مجرم ہے تو اس پر خدا اپنی رحمت کیوں نازل فرماتا ہے بقول میر صاحب میرے اس بیان کو سن کر تمام مولانا صاحبان چکرا گئے۔

چوتھا ثبوت | پھر بقول میر صاحب میں نے تمام علماء کو دیانت اور انصاف کا واسطہ دیکر سوال کیا کہ ان کے ہاتھوں کا کھلا ہوا ہونا اور بدن کے ساتھ لٹکا ہوا ہونا یہ قانون فطرت کے مطابق ہے لہذا نماز میں بھی حالت قیام میں یہ ہاتھ قانون فطرت کے مطابق ہوتے ہیں اور کھلے ہوئے ہوتے ہیں اور انکی بابت یہ سوال کرنا کہ ثبوت پیش کرو نماز ہاتھ کھول کر پڑھی جائے یہ بے معنی سوال ہے اور ہاتھوں کو بجر اور جکڑا کرنا

جس طرح کہ اہلسنت دوست ہاتھ باندھ کر نماز پڑھتے ہیں یہ خلاف فطرت ہے پس اہل سنت دوستوں کو ہاتھ باندھ کر نماز پڑھنے کا ثبوت قرآن پاک سے پیش کرنا چاہیے۔ تاریخ اسلام گواہ ہے کہ آج تک کسی سنی علامہ نے ہاتھ باندھنے کا ثبوت قرآن پاک سے پیش نہیں کیا۔

پانچواں ثبوت | بقول میر صاحب میں نے علماء دیوبند کو للکار کر کہا کہ دین اسلام کے بیان کی ٹھیکیداری پر بقول دیوبندی دوستوں کے صحابہ کرام کا قبضہ ہے لہذا تم کسی صحابی کا قول پیش کریں کہ اس امر کی گواہی دے کہ نبی کریم نے امت کو حکم دیا ہو کہ تم ہاتھ باندھ کر نماز پڑھو تمہاری کتابیں قال قال رسول اللہ سے پر ہیں تو ہاتھ باندھنے کی بابت بھی تم قال قال رسول اللہ دکھاؤ نماز میں ہاتھ باندھنا خلاف فطرت ہے اور منافی اصل ہے پس تم دیوبندیوں پر فرض ہے کہ تم نبی کریم کی زبانی یہ ثابت کرو کہ انجناب نے فرمایا ہے کہ اے مسلمانوں تم ہاتھ باندھ کر نماز پڑھنا اور اگر تم فرمان رسول نہیں دکھا سکتے تو معلوم ہوا کہ نماز میں ہاتھ باندھنے کی بدعت کو تم نے خود جاری کیا ہے۔

چھٹا ثبوت | بقول میر صاحب میں نے دیوبندی علماء کو للکار کر کہا کہ تمہارے عقیدے میں خلفاء راشدین کا بہت بڑا مقام ہے اور بقول، تمہارے حضرت امیر عمر صاحب نماز میں جوئیں مارتے تھے میں نے تمام علماء کو چیلنج دیا کہ ذرا اپنے ہاتھ باندھ کر ایک جوں تو مار کر دکھاؤ جب تم ایک جوں بھی بندھے ہوئے ہاتھوں سے نہیں مار سکتے تو پھر امیر عمر جوؤں کا نماز میں قتل عام کس طرح کرتے تھے، معلوم ہوا کہ خلفاء بھی نماز میں ہاتھ کھول کر کھڑے ہوتے تھے کیونکہ رکوع اور سجود میں تو ہاتھوں کو گھٹنوں اور زمین پر رکھنا ضروری ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ساتواں ثبوت | بقول میر صاحب میں نے مولانا صاحبان کو للکار کر کہا کہ خلفاء کے بعد صحابہ کرام بھی تمہارے عقیدے کے مطابق دین اسلام کے ستون ہیں اور اس کتاب میں حوالہ جات گذر چکے ہیں کہ ابوبکر کا نواسہ اور بی بی عائشہ کا بھانجا عبداللہ بن زبیر ہاتھ کھول کر نماز پڑھتا تھا معلوم ہوا اس نے اپنی ماں اسماء خالہ عائشہ اور نانا ابوبکر کو ہاتھ کھول کر نماز پڑھتے دیکھا تھا اور اسی سے معلوم ہوا کہ ہاتھ باندھنے کی بدعت تم نے بعد میں جاری کی ہے اور اب بھی اس بدعت پر ڈٹے ہوئے ہیں۔

